★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 10 رمضان المبارک 1446ھ، 11 مارچ 2025ء، 27 پھاگن 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 135

وزیر اعظم: شاندار رمضان پیکیج قابل تعریف، فی خاندان 5 ہزار روپے ملیں گے

پہلی مرتبہ شفاف طریقے سے عوام کو ریلیف دیا گیا اور کسی قسم کی کوئی شکایات سامنے نہیں آئیں کہ چیزوں میں کوئی خرابی ہے، 5 ہزار فی خاندان ملیں گے تو جوان کی ضرورت ہے اس کے مطابق وہ خریداری کرسکتے ہیں: شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ یوٹیلٹی اسٹورز کو ہم نے ہمیشہ کے لیے خیر آباد کہنا تھا، اس کی بدترین کرپشن کی کہانیاں زبان زد عام تھیں۔ اسلام آباد میں رمضان 2025 مانیٹرنگ نظام کے جائزہ اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ نیا خیال تھا کہ یوٹیلٹی اسٹورز کو ہم نے ہمیشہ کے لیے خیر آباد کہنا تھا، اس کی بد ترین کرپشن کی کہانیاں زبان زد عام تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کا پیسہ غریب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

NTC CONTROL ROOM 9999
رمضان کی برکت - سب کی شرکت
20 ارب روپے
اسلام آباد: وزیراعظم رمضان پیکیج کی تقسیم بارے ریویو کمیٹی کی میٹنگ کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے 22 مارچ کو مینار پاکستان جلسے کی اجازت کیلئے ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 22 مارچ کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت کے لیے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

وزیراعلیٰ کا میو ہسپتال میں انجکشن کے مریضوں پر ری ایکشن کا نوٹس

مریم نواز شریف نے سیکرٹری ہیلتھ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر سے رپورٹ طلب کرلی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے میو ہسپتال میں انجکشن کے مریضوں پر ری ایکشن کی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے انجکشن کے مبینہ ری ایکشن سے مریضوں کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سیکرٹری ہیلتھ سپیشلائزڈ ہیلتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر8)

لوگوں میں اب شعور آچکا، انہیں مسائل کا حل اور مہنگائی میں کمی چاہیے، مریم نواز

بدتہذیبی اور بدتمیزی کی بنیاد انہوں نے رکھی ہے اور اس کا نشانہ اب یہ خود بن رہے ہیں، اس بدتہذیبی اور بدتمیزی کا معاملہ مستقل طور پر اب ختم ہونے جارہا ہے: وزیراعلیٰ پنجاب

عوام کو مہنگائی میں کمی چاہیئے، اب جب عوام دیکھ رہی ہے کہ حالات بہتر ہو رہے ہیں تو انہیں پتہ چل گیا ہے کہ بدتمیزی بدتہذیبی اور خدمت میں کیا فرق ہے

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ لوگوں میں اب شعور آچکا ہے عوام کو بدتہذیبی اور بدتمیزی نے کچھ نہیں دیا، انہیں ترقی، مسائل کا حل اور مہنگائی میں کمی چاہیئے۔ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بدتہذیبی اور بدتمیزی کی بنیاد انہوں نے رکھی ہے اور اس کا نشانہ اب یہ خود بن رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس بدتہذیبی اور بدتمیزی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

خواتین ججز کی ثابت قدمی سے قانونی نظام مزید مضبوط ہوا، چیف جسٹس

آج کے اس اہم دن، ہم بطور ادارہ اپنے پختہ عزم کی تجدید کرتے ہیں کہ ہم قانون کے شعبے میں خواتین کی گراں قدر خدمات، بالخصوص خواتین ججز کے کردار کو تسلیم کرتے ہیں

انصاف کے شعبے میں صنفی مساوات کے فروغ میں ہونے والی پیش رفت کو تسلیم کرتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں، اس سے عوام کے عدالتی نظام پر اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ خواتین ججز کی ثابت قدمی سے قانونی نظام مزید مضبوط ہوا ہے۔ عالمی یوم خواتین ججز کے موقع پر اپنے پیغام میں چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا کہ آج کے اس اہم دن، ہم بطور ادارہ اپنے پختہ عزم کی تجدید کرتے ہیں کہ ہم قانون کے شعبے میں خواتین کی گراں قدر خدمات، بالخصوص خواتین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

صدر مملکت: حکومت کی پالیسیاں دباؤ کا باعث بن رہی ہیں

صدر مملکت کی اپوزیشن کو اختلافات بھلا کر معاشی بحالی کیلئے ملکر کام کرنے کی پیشکش، راکین پارلیمنٹ اتحاد اور اتفاق کا سوچیں جس کی ملک کو اشد ضرورت ہے، اتفاق رائے سے قومی اہمیت کے فیصلے کریں، آصف علی زرداری

صدر مملکت کی اپوزیشن کو اختلافات بھلا کر معاشی بحالی کیلئے ملکر کام کرنے کی پیشکش، ذاتی و سیاسی مفاد ایک طرف رکھ کر قومی مفاد مقدم رکھیں، راکین پارلیمنٹ اتحاد اور اتفاق کا سوچیں جس کی ملک کو اشد ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپوزیشن کو اختلافات بھلا کر معاشی بحالی کیلئے ملکر کام کرنے کی پیشکش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ذاتی و سیاسی مفاد ایک طرف رکھ کر قومی مفاد مقدم رکھیں، راکین پارلیمنٹ اتحاد اور اتفاق کا سوچیں جس کی ہمارے ملک کو اشد ضرورت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)


اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ، ایف آئی آر سے فیصلے تک ریکارڈ ون لنک پر دستیاب ہوگا

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر پراجیکٹ مکمل کرلیا گیا، نفاذ جلد ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایف آئی آر سے لیکر مقدمہ کے فیصلے تک مکمل ریکارڈ ون لنک پر ہوگا، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر پراجیکٹ مکمل کرلیا گیا جس کا نفاذ جلد ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم سائلین کو بروقت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

پرویز الٰہی پر درج مقدمات کی تفصیلات کیلئے دائر درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی پر درج مقدمات کی تفصیلات کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب لیڈنگ انشورنس کمپنیز کے سی ای اوز سے ملاقات کر رہے ہیں

مریم نواز خود ہسپتالوں میں عوامی مسائل کا جائزہ لیتی ہیں، عظمیٰ بخاری

ہسپتالوں میں بنیادی ادویات کی عدم دستیابی کا معاملہ ناقابل قبول ہے، غفلت کسی صورت برداشت نہیں: میڈیا سے گفتگو

ملک میں سیاسی مقاصد کے لیے سانحات کو استعمال کرنا ایک معمول بن چکا ہے' وزیر اطلاعات پنجاب کا ردعمل

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ملک میں سیاسی مقاصد کے لیے سانحات کو استعمال کرنا ایک معمول بن چکا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے حال ہی میں میو ہسپتال کا دورہ کیا اور وہاں صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا، پنجاب حکومت نے صحت کے بجٹ میں 500 فیصد اضافہ کیا ہے جبکہ بنیادی صحت مراکز کو فعال کیا جا چکا ہے تاکہ عوام کو بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہسپتالوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

لاہور، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

ماحولیاتی تبدیلیوں سے پاکستان کے آبی وسائل 75 فیصد متاثر ہوچکے

اقوام متحدہ کی کلائمیٹ فنانسنگ اور پالیسی تجاویز رپورٹ جاری کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے پہلے دس ممالک میں سے ایک ہے، جس کو موسمیاتی مسائل سے نمٹنے کے لئے 2030 تک 350 ارب ڈالر درکار ہیں۔ اقوام متحدہ کی کلائمیٹ فنانسنگ اور پالیسی تجاویز رپورٹ کے مطابق ماحولیاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

اقوام متحدہ نے غزہ میں بجلی کی اسرائیلی بندش کو فلسطینیوں کی نسل کشی قرار دیدیا

بجلی کی بندش کے بعد غزہ میں پانی صاف کرنے والے پلانٹس بھی کام نہیں کرسکیں گے

غزہ (این این آئی) حماس نے اسرائیل کے غزہ کی بجلی بند کرنے کے فیصلے کو ناقابل قبول دباؤ قرار دیا ہے۔ اسرائیلی حکومت نے یہ اقدام فلسطینی مزاحمت کاروں پر دباؤ ڈالنے اور یرغمالیوں کی رہائی کے لیے کیا ہے۔ حماس کے سیاسی دفتر کے رکن عزت الرشق نے اپنے بیان میں کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

امریکا کا حماس کے حامیوں کے ویزے اور گرین کارڈ منسوخ کرنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ امریکا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

پی ٹی آئی نے ہر جگہ بربادی اور کرپشن کے ریکارڈ بنائے، انجینئر امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے ہر جگہ بربادی اور کرپشن کے ریکارڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

امریکی حکام نے فلسطینی طالب علم کو گرفتار کرلیا، ساتھیوں کا دعوی

کولمبیا (این این آئی) کولمبیا یونیورسٹی کے طلبہ نے کہا ہے کہ فلسطین کے حق میں مظاہروں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

فیصل جاوید کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نکالنے کی درخواست، سماعت 17 مارچ تک ملتوی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما فیصل جاوید کی پاسپورٹ کنٹرول لسٹ سے نام نکالنے کی درخواست کی سماعت 17 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفی کمال میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کا ایم اے یو پر دستخط کرنے کے بعد گروپ فوٹو

قرض کی فوری قسط کیلئے آئی ایم ایف سے مذاکرات اہم مرحلے میں داخل

بجلی کے بلوں پر 2.80 روپے فی یونٹ سرچارج، گاڑیوں پر کاربن ٹیکس لگانے کے امکان پر غور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے قرض پروگرام کی فوری قسط کی اجراء کے لیے مذاکرات اہم مرحلے میں داخل ہوگئے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات کا دوسرا مرحلہ جاری ہے، مذاکرات میں عالمی مالیاتی فنڈ اپنا ردعمل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

سانحہ 9 اور 10 مئی کے تمام کیسز ڈی لسٹ، سماعت اب عید کے بعد ہوگی

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی، پنجاب حکومت کی مہلت کی استدعا منظور

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے سانحہ 9 اور 10 مئی کے رواں اور آئندہ ہفتے سماعت کے لیے مقرر تمام مقدمات ڈی لسٹ کر دیے۔ سپریم کورٹ میں 9 مئی کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

طورخم گزرگاہ پر کشیدگی ختم کرنے کیلئے پاک افغان جرگہ

پاک افغان عمائدین پر مشتمل جرگہ ہوا، 11 مارچ تک سیز فائر پر اتفاق کرلیا گیا

خیبر (این این آئی) پاک افغان طورخم گزرگاہ کھلوانے کے لیے دونوں ممالک کے مشترکہ جرگے میں سیز فائر پر اتفاق ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق طورخم گزرگاہ پر جاری کشیدگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

چین کے دارالحکومت بیجنگ میں چینی عوامی سیاسی مشاورتی کانفرنس (سی پی پی سی سی) کی 14 ویں قومی کمیٹی کے ارکان 14 ویں سی پی پی سی سی قومی کمیٹی کے تیسرے سیشن کے اختتامی اجلاس کے بعد عظیم عوامی ہال سے روانہ ہو رہے ہیں۔ (شنہوا)

ایم ایل ون پر یو اے ای سرمایہ کاری کرے گا' حنیف عباسی

9 اقتصادی زونز پر چین کے ساتھ مل کر کام شروع کر دیا گیا' وفاقی وزیر ریلوے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ مین لائن ون منصوبے کے حوالے سے متحدہ عرب امارات کے ساتھ بات چیت جاری ہے اور اس سلسلے میں معاہدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

مسائل کا ابھی ادراک نہ کیا تو بعد میں مشکل ہوگا، گورنر سندھ

دوستوں نے کہا کہ گورنر کو آئین اجازت نہیں دیتا اگر پانی، بجلی نہیں آرہی تو آواز نہ اٹھائیں، گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کا کہنا ہے کہ اس شہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

اسلام آباد: پارلیمنٹری افیئرز کے وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری اپنا عہدہ سنبھال رہے ہیں

سلمان اکرم راجہ کے انسداد دہشتگردی عدالت سے جاری وارنٹ معطل

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما سلمان اکرم راجہ کے انسداد دہشت گردی عدالت سے جاری وارنٹ اسلام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان زرعی انکم ٹیکس پر مذاکرات

عالمی بینک آفس میں صوبائی حکام، وزارت خزانہ، ایف بی آر کے افراد شریک

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان ایگری کلچر انکم ٹیکس پر مذاکرات شروع ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق عالمی بینک آفس میں صوبائی حکام، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

چین سمیت 8 ملکوں سے مزید 67 پاکستانی بے دخل

14 کو حراست میں لے کر انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل منتقل کر دیا گیا' امیگریشن ذرائع

کراچی (این این آئی) چین، ملائیشیا، ترکیہ اور سعودیہ سمیت 8 ممالک سے 24 گھنٹے کے دوران مزید 67 پاکستانیوں کو بے دخل کر دیا گیا، جن میں سے 14 کو حراست میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

190 ملین پاؤنڈ کی رقم سے ٹیکنالوجی یونیورسٹی اور دانش اسکولز قائم کرنے کا فیصلہ

وزیراعظم نے وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی میں ماہرین کی 10 رکنی کمیٹی قائم کردی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 190 ملین پاؤنڈ کی رقم سے ٹیکنالوجی یونیورسٹی اور دانش سکولز قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی کی طرف سے پاکستان کو واپس کیے گئے منی لانڈرنگ کے 190 ملین پاؤنڈز جو اس وقت سپریم کورٹ آف پاکستان کی تحویل میں ہیں کو دانش یونیورسٹی آف ایمرجنگ ٹیکنالوجیز کے قیام سمیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر2)

سستے اور جلد انصاف کیلئے قانونی اصلاحات ناگزیر ہیں، نواز شریف

پنجاب لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل پر بھی گفتگو ہوئی، پارٹی ذرائع، عوام کو ہر صورت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے، صدر مسلم لیگ ن

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نواز شریف نے کہا ہے کہ سستے اور جلد انصاف کی فراہمی کے لیے قانونی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ سابق وزیراعظم اور ن لیگ کے صدر میاں نواز شریف نے ماڈل ٹاؤن پارٹی سیکرٹریٹ میں اہم ملاقاتیں کی ہیں۔ نواز شریف سے ملنے والوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

Total Today
134
اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف کو رمضان پیکیج کی تقسیم کے نظام بارے بریفنگ دی جارہی ہے

انسانی حقوق کے کارکنان نے 26 ویں آئینی ترمیم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان بھر سے تعلق رکھنے والے 38 انسانی حقوق کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

نادرا کے قیام کے 25 سال مکمل، کامیابی میں فوج کا ناقابلِ فراموش کردار

لاہور (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی کے قیام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

بانی پی ٹی آئی کی نفرت کی سیاست سے مجھے گولی لگی، احسن اقبال

آکسفورڈ یونیورسٹی میں ایک نوجوان نے جہاں بانی پی ٹی آئی کی وکالت کی وہیں مجھے بھی موقع ملا کہ میں بانی پی ٹی آئی کی حقیقت بتاؤں

بانی پی ٹی آئی نے نفرت کی سیاست کو پروان چڑھایا ہے، ایسا کرنے پر کیا وہ ایک سیاسی قیدی ہیں یا پھر ایک چور اور مجرم ہیں؟ بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے نفرت کی سیاست کو پروان چڑھایا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چند ماہ قبل آکسفورڈ یونیورسٹی لندن میں ایک مباحثہ ہوا تھا۔ احسن اقبال نے بتایا کہ آکسفورڈ یونیورسٹی میں ایک نوجوان نے جہاں بانی پی ٹی آئی کی وکالت کی وہیں مجھے بھی موقع ملا کہ میں بانی پی ٹی آئی کی حقیقت بتاؤں۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

دنیا کی دو بڑی معاشی طاقتوں کے مابین جنگ، دونوں طرف تیاریاں

امریکہ اگر تجارتی جنگ یا کسی بھی قسم کی جنگ چاہتا ہے تو چین آخری سانس تک لڑے گا، چین

واشنگٹن / بیجنگ (این این آئی) دنیا کی دو سب سے بڑی معاشی طاقتوں کے مابین جنگ کا نیا رخ سامنے آرہا ہے، ٹرمپ امریکا آتی چائنہ کی مصنوعات پر زیادہ ٹیکس لگانا چاہتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

پاکستان اور ملائیشیا کا قیدیوں کے تبادلے کیلئے معاہدے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ملائیشیا نے قیدیوں کے تبادلے کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

26 نومبر احتجاج کیسز: بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی نے 26 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

آصف زرداری کا خطاب جمہوریت کی مضبوطی کی نشانی ہے، حسن مرتضیٰ

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری و (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

سپر ٹیکس کیس کی سماعت کرنے والا سپریم کورٹ کا آئینی بینچ ٹوٹ گیا

جسٹس عامر فاروق اسلام آباد ہائیکورٹ میں معاملے پر فیصلہ دے چکے، کیس نہیں سن سکتے، جسٹس امین الدین کے ریمارکس

سماعت عید الفطر کے بعد تک ملتوی کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے سماعت روزانہ کی بنیاد پر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپر ٹیکس کیس کی سماعت کرنے والا سپریم کورٹ کا آئینی بینچ ٹوٹ گیا، جسٹس امین الدین نے ریمارکس دیے جسٹس عامر فاروق اسلام آباد ہائیکورٹ میں معاملے پر فیصلہ دے چکے ہیں، جسٹس عامر فاروق کیس نہیں سن سکتے، عدالت نے سماعت عید الفطر کے بعد تک ملتوی کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے سماعت روزانہ کی بنیاد پر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف سٹاف کو ہدایات دے رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس شہدا کے اہلخانہ کیلئے اپنی چھت کی فراہمی کا مشن

آئی جی پنجاب نے فرض کی راہ میں شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس اہلکار کی فیملی کو گھر دے دیا

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس شہدا کے اہلخانہ کیلئے اپنی چھت کی فراہمی کا مشن جاری ہے جس کے تسلسل میں آئی جی میں کچہ کریمنلز کے بزدلانہ حملے میں جرأت و بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا تھا۔ شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر کے اہلخانہ میں والدین، دو بھائی اور ایک بہن شامل ہیں۔

پنجاب نے فرض کی راہ میں شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس اہلکار کی فیملی کو گھر دے دیا۔ شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر کے اہل خانہ کو 01 کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر خرید کر دیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ شہید کے اہلخانہ کو انکی پسند کے مطابق رحیم یار خان کی بہترین ہاؤسنگ سکیم میں گھر خرید کر فراہم کیا گیا ہے۔ شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر نے 2024ء آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی کاوش پر حکومت پنجاب نے شہید کے اہلخانہ کے گھر کیلئے فنڈز جاری کیے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر کی لازوال قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد جہانگیر نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گاڑیوں کی بیٹریاں چرانے والا چور گرفتار

شیخوپورہ کے علاقہ سے پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کالر نے اطلاع دی

سیف سٹی کیمروں کی لائیو سرویلنس کی بدولت ملزم کو ٹریس کرنے میں مدد ملی

شہری کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوراً 15 پر اطلاع دیں، ترجمان سیف سٹیز

لاہور (خبر نگار) پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر شیخوپورہ کے علاقے سے ایک شہری کی کال موصول ہوئی جس نے اطلاع دی کہ اس کے گھر کے باہر کھڑی گاڑی کی بیٹری نامعلوم شخص نے چوری کر لی ہے۔ کالر کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر سیف سٹی کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے فوری طور پر سیف سٹی کیمروں کے ذریعے علاقے کی نگرانی شروع کی۔ لائیو سرویلنس کے دوران چور کو واردات کے بعد شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے دیکھا گیا۔ کیمروں کی مدد سے ملزم کی نقل و حرکت کو مسلسل مانیٹر کیا گیا۔ ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے متعلقہ روڈ پر موجود پولیس ٹیم کو چور کی موجودگی کے بارے میں بروقت اطلاع فراہم کی۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چور کو موقع پر گرفتار کر لیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم پہلے بھی متعدد گاڑیوں کی بیٹریاں چوری کر چکا تھا۔ چوری شدہ سامان برآمد کرنے اور دیگر وارداتوں کا سراغ لگانے کے لیے تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے شہریوں سے گزارش کی ہے کہ کسی بھی ایمرجنسی یا مشتبہ سرگرمی کی صورت میں فوراً 15 پر کال کریں تاکہ فوری کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر سینئر افسران کا ایس پی رینک پر پروموٹ ہونے والے افسران کے ساتھ گروپ فوٹو

ڈی ایس پی سے ایس پی رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ترقی پانے والے افسران کو ایس پی عہدے کے رینک لگائے، ترجمان پنجاب پولیس

سی سی ڈی، سائبر کرائم اور رائٹ مینجمنٹ فورس سمیت مختلف یونٹس میں ایس پی عہدے کی 22 سے 25 نئی سیٹیں تشکیل دی جارہی ہیں: ڈاکٹر عثمان انور

مستقبل میں کانسٹیبل سے ڈی ایس پی عہدے تک مزید 04 ہزار کے قریب پروموشنز ہونے جارہی ہیں آئی جی پنجاب

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور و دیگر سینئر افسران کے ہمراہ ایس پی رینک پر پروموٹ ہونے والے افسران کو رینک لگا رہے ہیں

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر ڈی ایس پی سے ایس پی رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کی گئی۔ آئی جی پنجاب نے سینئر افسران کے ہمراہ ترقی پانے والے افسران کو ایس پی عہدے کے رینک لگائے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ایس پی عہدے پر پروموٹ ہونے والے افسران نے اہلخانہ کے ہمراہ تقریب میں شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے افسران اوران کے اہلخانہ کو مبارکباد دی اور مزید لگن سے فرائض کی ادائیگی کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ سی سی ڈی، سائبر کرائم اور رائٹ مینجمنٹ فورس سمیت مختلف یونٹس میں ایس پی عہدے کی 22 سے 25 نئی سیٹیں تشکیل دی جا رہی ہیں۔ مستقبل میں کانسٹیبل سے ڈی ایس پی عہدے تک مزید 04 ہزار کے قریب پروموشنز ہونے جارہی ہیں۔ 21 مارچ کو انسپکٹر سے ڈی ایس پی اور 25 مارچ کو سب انسپکٹر سے انسپکٹر رینک پر ترقی کے لئے بورڈ منعقد ہوگا۔ گذشتہ سال 138 انسپکٹرز کو ڈی ایس پی عہدے اور 393 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر عہدے پر ترقی دی گئیں جبکہ گزشتہ 02 سال کے دوران 505 انسپکٹرز کو ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی دی جا چکی ہے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ کانسٹیبل سے ایس پی رینک تک پروموشن کا ایڈوانس شیڈول بھی طے کیا جا چکا ہے۔ تقریب میں ایڈیشنل آئی جی پنجاب، ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ایم ڈی پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز، ڈی آئی جیز اسٹیبلشمنٹ ون اینڈ ٹو اور اے آئی جی فنانس سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایات سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پیر سید امام علی شاہ بخاری پیر سید محمد حسین تنویر مشہدی کے سالانہ 23 ویں عرس مبارک کی تقریب

ہزاروں زائرین نے شرکت کی

پیر دیوان احمد مسعود چشتی پاک پتن شریف پیر میاں محمد ابوبکر نقشبندی شرقپور شریف صاحبزادہ پیر سید شہریار طلیبین نقشبندی حضرت کرم والا شریف علامہ مولانا حامد سرفراز قادری نے شرکت کی، سرپرستی صاحبزادہ پیر سید سرفراز حسین نقشبندی سجادہ نشین استانہ عالیہ گجومتہ نقیب محفل حافظ سلامت علی چشتی نقشبندی جلالی چوہری فیض الحسن گل اور مکمل انتظامیہ اور علاقے بھر کے علماء کرام اور ہزاروں کی تعداد میں عاشقان نے رسول نے خصوصی دعا میں شمولیت اختیار کی۔

لاہور: پیر سید امام علی شاہ کے سالانہ عرس کی تقریب میں سجادہ نشین آستانہ عالیہ گجومتہ صاحبزادہ پیر سید سرفراز حسین نقشبندی، میاں ابوبکر نقشبندی، پیر دیوان احمد مسعود چشتی، صاحبزادہ پیر سید شہریار، علامہ سرفراز احمد قادری، حافظ سلامت علی چشتی نقشبندی و دیگر شریک ہیں

پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر شیخوپورہ کے علاقے سے ایک شہری کی کال موصول ہوئی

کالر کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر سیف سٹی کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے فوری طور پر سیف سٹی کیمروں کے ذریعے علاقے کی نگرانی شروع کی

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر شیخوپورہ کے علاقے سے ایک شہری کی کال موصول ہوئی جس نے اطلاع دی کہ اس کے گھر کے باہر کھڑی گاڑی کی بیٹری نامعلوم شخص نے چوری کر لی ہے۔ کالر کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر سیف سٹی کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے فوری طور پر سیف سٹی کیمروں کے ذریعے علاقے کی نگرانی شروع کی۔ لائیو سرویلنس کے دوران چور کو واردات کے بعد شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے دیکھا گیا۔ کیمروں کی مدد سے ملزم کی نقل و حرکت کو مسلسل مانیٹر کیا گیا۔ ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے متعلقہ روڈ پر موجود پولیس ٹیم کو چور کی موجودگی کے بارے میں بروقت اطلاع فراہم کی۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چور کو موقع پر گرفتار کرلیا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزم پہلے بھی متعدد گاڑیوں کی بیٹریاں چوری کر چکا تھا۔ چوری شدہ سامان برآمد کرنے اور دیگر وارداتوں کا سراغ لگانے کے لیے تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے شہریوں سے گزارش کی ہے کہ کسی بھی ایمرجنسی یا مشتبہ سرگرمی کی صورت میں فوراً 15 پر کال کریں تاکہ فوری کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ پولیس نے اقدام قتل میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ پولیس نے اقدام قتل میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ پولیس نے نجی سکول کے سکیورٹی گارڈ کو قتل کرنے کی کوشش میں ملوث ملزمان آصف اور عباس کو جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کرکے ٹاؤن شپ سے گرفتار کرکے ملزمان سے 9mm پستول، موٹر سائیکل اور چھینی گئی 223 بور رائفل بھی برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان نے اسلحہ سمیت ٹاؤن شپ میں واقع نجی سکول میں داخل ہونے کی کوشش پر سکیورٹی گارڈ سعید سے جھگڑا کرکے اسے فائرنگ کرکے زخمی کردیا تھا۔

شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں چھ افراد جان کی بازی ہار گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں چھ افراد جان کی بازی ہار گئے، ایدھی ترجمان کے مطابق ہنجروال کے علاقے میں ٹریفک حادثے میں 30 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا دوسرے واقعہ میں داتا دربار گیٹ نمبر پانچ کے قریب 60 سالہ بزرگ شہری فٹ پاتھ کنارے مردہ حالت میں ملا تیسرے واقعہ میں شاہدرہ ٹاؤن کے علاقہ میں 30 سالہ نامعلوم نشے سے عادی افراد کی لاش ملی اس کے علاوہ اچھرہ بے ہوشی حالت میں ملنے والا 45 سالہ شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا۔

ای گیجٹ کے ذریعے سراغ لگائے گئے 5 کروڑ روپے مالیت کے 5 ہزار موبائل فونز تفتیشی افسران کی لاپرواہی 5 کے باعث لاپتہ ہوگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ای گیجٹ کے ذریعے سراغ لگائے گئے 5 کروڑ روپے مالیت کے 5 ہزار موبائل فونز تفتیشی افسران کی لاپرواہی 5 کے باعث لاپتہ ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق ای گیجٹ کے ذریعے 5 ہزار موبائل فونز کا سراغ لگایا گیا مگر انویسٹی گیشن ونگ کے تفتیشی افسران و اعلی افسران کی عدم دلچسپی کے باعث مسروقہ موبائل اصل مالکان تک نہ پہنچ سکے ہیں انویسٹی گیشن ونگ کے محرر، تفتیشی افسرو انچارج انویسٹی گیشن ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈال کر ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں۔

رمضان المبارک، پنجاب پولیس لاہور سمیت صوبہ بھر میں امن و امان، سکیورٹی یقینی بنانے کیلئے پرعزم

پنجاب پولیس کا آرگنائزڈ کرائم، اشتہاری مجرمان، منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن جاری

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر رمضان المبارک میں پنجاب پولیس لاہور سمیت صوبہ بھر میں امن و امان اور سکیورٹی یقینی بنانے کیلئے پرعزم اور مصروف عمل ہے جس کے تسلسل میں پنجاب پولیس کے آرگنائزڈ کے دوران سنگین وارداتوں میں ملوث 10 گینگز کا خاتمہ اور 23 کارندے گرفتار کیے گئے۔ پولیس نے 188 اشتہاری مجرمان، 33 عدالتی مفرور اور 15 ٹارگٹڈ آفنڈرز گرفتار کیے گئے۔ ملزمان کے قبضہ سے 02 گاڑیاں، 20 موٹر سائیکلیں، 12 موبائل 24 گھنٹوں کے دوران 110 منشیات فروش گرفتار اور مقدمات درج کیے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 48 کلو چرس، 07 کلو ہیروئن، 05 کلو آئس اور 892 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ پولیس مقابلوں کے دوران

کرائم، اشتہاری مجرمان اور منشیات فروشوں کے خلاف آپریشنز میں تیزی لائی گئی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران پولیس آپریشنز فونز، 03 مویشی اور 30 لاکھ روپے نقدی برآمد کی گئی۔ مجرمان کے قبضہ سے 05 کلاشنکوف، 06 رائفلز، 74 پسٹل، 07 بندوقیں، 01 ریوالور اور سینکڑوں کی تعداد گولیاں بھی برآمد کی گئیں۔ گذشتہ 03 مجرمان زخمی حالت میں گرفتار جبکہ 01 پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ منظم جرائم کے خاتمے کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور کریک ڈاؤن کو مزید تیز کیا جائے۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید کی زیرِ صدارت تبدیلی تفتیش فرسٹ بورڈ کا انعقاد کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید کی زیر صدارت تبدیلی تفتیش فرسٹ بورڈ کا انعقاد کیا گیا تبدیلی تفتیش فرسٹ بورڈ میں تمام ڈویژنز کے ایس پیز کی شرکت۔ بورڈ میں قتل، اقدام قتل، اغوائ، چیک ڈس آنر، امانت میں خیانت، چوری اور دھوکہ دہی کے 16 مقدمات زیر بحث آئے مدعی شفقت مرتضیٰ قتل، ہاشم افتخار اقدام قتل جبکہ فردوس بیگم اغوائ کے مقدمات کی تفتیش تبدیلی کے لیے پیش ہوئے مدعی محمد منان امانت میں خیانت، خوشنودی اختر دھوکہ دہی جبکہ اسد ناظم اور محمد نعمان عابد چیک ڈس آنر کے مقدمات کی تفتیش تبدیلی کے لیے پیش ہوئے بورڈ میں تفتیشی افسران اور فریقین نے اپنے اپنے موقف سے افسران کو آگاہ کیا افسران نے دونوں فریقین کو سننے کے بعد تبدیلی تفتیش سے متعلق موقع پر احکامات جاری کیے رواں سال منعقدہ 16 تبدیلی تفتیش بورڈز میں 558 کیسز کو سنا گیا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید نے کہا کہ تفتیش میرٹ پر نہ کرنیوالے متعدد تھانوں کے تفتیشی افسران کو وارننگ اور شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔

ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایات پر کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

ایس پی انویسٹی گیشن سٹی منزہ کرامت کی تھانہ نولکھا میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا کی ہدایات پر کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہیں۔ ایس پی انویسٹی گیشن سٹی منزہ کرامت کی تھانہ نولکھا میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں انچارجز انویسٹی گیشن اور تفتیشی افسران کی شرکت کھلی کچہری میں شہریوں کی کثیر تعداد میں شرکت، شہریوں نے اپنے مسائل سے ایس پی کو آگاہ کیا۔ ایس پی سٹی انویسٹی گیشن منزہ کرامت نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی احکامات جاری کیے تفتیشی افسران کو جلد میرٹ پر مقدمات کی یکسوئی کی ہدایت کی مقدمات کی تفتیش کے حوالے سے عوام الناس کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔ ایس پی انویسٹی گیشن منزہ کرامت نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے شہریوں کو فوری اور بروقت انصاف کی فراہمی سے ہی امن وامان کا قیام ممکن ہے۔ ایس پی سٹی انویسٹی گیشن منزہ کرامت نے کہا کہ شہریوں کیساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔

ہارون اختر خان نے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار کا عہدہ سنبھال لیا

وزیراعظم پاکستان کے ویژن کے مطابق صنعتی ترقی مجموعی اقتصادی ترقی کے لیے فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے: ہارون اختر خان

لاہور/ اسلام آباد (صابر غوری) وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار، ہارون اختر خان نے آج باضابطہ طور پر اپنا عہدہ سنبھال لیا۔ اس موقع پر وزارت کے اعلی حکام نے انہیں وزارت کے مختلف محکموں، جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کی مضبوطی کا دارومدار صنعتوں کے فروغ اور پیداواری صلاحیت میں اضافے پر ہے، جس کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں وزارت

منصوبوں اور مستقبل کی پالیسیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ہارون اختر خان نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کے ویژن کے مطابق صنعتی ترقی مجموعی اقتصادی ترقی کے لیے فیصلہ کن حیثیت رکھتی ہے، اور ملک میں پائیدار ترقی کے لیے صنعتی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر صنعت و پیداوار ملک میں صنعتی ترقی کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے گی، تاکہ نہ صرف مقامی صنعتوں کو فروغ دیا جا سکے بلکہ بیرونی سرمایہ کاری کے لیے بھی ایک موزوں فضا قائم ہو۔ صنعتی شعبے کی ترقی سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے، برآمدات میں اضافہ ہوگا، اور معیشت مستحکم ہوگی۔

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس شہدا کے اہلخانہ کیلئے اپنی چھت کی فراہمی کا مشن جاری ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس شہدا کے اہلخانہ کیلئے اپنی چھت کی فراہمی کا مشن جاری ہے جس کے تسلسل میں آئی جی پنجاب نے فرض کی راہ میں شہادت کا رتبہ پانے والے پولیس اہلکار کی فیملی کو گھر دے دیا۔ شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر کے اہل خانہ کو 01 کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر خرید کر دیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ شہید کے اہلخانہ کو انکی پسند کے مطابق رحیم یار خان کی بہترین ہاؤسنگ سکیم میں گھر خرید کر فراہم کیا گیا ہے۔ شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر نے 2024ء میں کچہ کریمنلز کے بزدلانہ حملے میں جرأت و بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا تھا۔ شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر کے اہلخانہ میں والدین، دو بھائی اور ایک بہن شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی کاوش پر حکومت پنجاب نے شہید کے اہلخانہ کے گھر کیلئے فنڈز جاری کیے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے شہید کانسٹیبل محمد جہانگیر کی لازوال قربانی کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد جہانگیر نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔

ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت انویسٹی گیشن ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد

کرائم میٹنگ میں فوکل پرسن مبشرہ اکرم، ڈویژنز کے SSOIU انچارجز اور تفتیشی افسران کی شرکت

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت انویسٹی گیشن ہیڈکوارٹرز میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ کرائم میٹنگ میں فوکل پرسن مبشرہ اکرم، ڈویژنز کے SSOIU انچارجز اور تفتیشی افسران کی شرکت۔ میٹنگ میں سیکس افینڈرز کے لیے مرتب کیے گئے رجسٹر بارے پراگرس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ سیکس افینڈرز رجسٹر کی مدد سے ایسے جرائم میں ملوث مجرمان پر کڑی نظر رکھی جائے رجسٹر میں سیکس افینڈرز کا ریکارڈ اپ ڈیٹ کیا جائے جو جیل سے رہا ہوئے یا ہونے والے ہیں افسران اینٹی ریپ ایکٹ کے تحت سیکشن وائز رولز کو فالو کریں خواتین سے زیادتی اور ہراسگی کے مقدمات کی تفتیش میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ خواتین سے زیادتی کے واقعات کی رپورٹ پر افسران کو موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرنے کی ہدایت کی تمام افسران اپنی ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر ادا کریں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ میرٹ پر تفتیش نہ کرنیوالے تفتیشی افسران خود کو محکمانہ احتساب کے لیے تیار رکھیں چالانی تناسب میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں شواہد کی روشنی میں مضبوط چالان مرتب کر کے گنہگار کو سخت سزا دلوائیں خواتین کو ہر صورت بروقت انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے افسران مظلوموں کی دادرسی کے لیے اپنے دروازے ہر وقت کھلے رکھیں۔

سانده پولیس کا قمار بازوں کے خلاف گھیرا تنگ کردیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سانده پولیس کا قمار بازوں کے خلاف گھیرا تنگ کردیا۔ ایس ایچ او سانده رضوان خاں نے بتایا کہ تاش کے پتوں پر جوائ کھیلتے ہوئے 10 ملزمان گرفتار کرلیے ہیں ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی 60 ہزار نقدی رقم، موبائل فونز اور تاش کے 52 پتے برآمد کر لیے ملزمان کو خفیہ اطلاع پر T نمبر 4 تھائی لینڈ خالی پلاٹ میں جوائ کھیلتے گرفتار کیا گیا گرفتار 10 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج مزید تفتیش کے لئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کردیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن بلال احمد کی جواریوں کو گرفتار کرنے پر ایس ایچ او سانده رضوان خاں اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بادامی باغ میں حنیف سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون X جنوبی چھاونی میں رمیز سے 1 لاکھ 40 روپے اور موبائل فون X نولکھا میں شہباز سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون X گلشن راوی میں زاہد سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے موبائل فون، لیاقت آباد میں جاوید سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت اجلاس میں محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی ڈیجیٹائزشن کے عمل کا جائزہ

اوقاف کی پراپرٹیز کا رینٹ بڑھانے کا میکانزم اور ڈیجیٹائزیشن کا عمل تیزی سے مکمل کیا جائے۔ صوبائی وزیر اوقاف

لاہور (صابر غوری) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت محکمہ صنعت و تجارت کے کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے معاملات کی ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ڈیجیٹائزیشن پراسیس بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی ڈیجیٹائزیشن کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں اوقاف کی پراپرٹیز کے رینٹ کی آن لائن کلیکشن شروع کی جائے گی۔ ڈیجیٹائزیشن کا دوسرا مرحلہ رواں سال دسمبر تک مکمل ہو جائے گا۔ صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوقاف کی اربوں روپے مالیت کی پراپرٹی ہے لیکن کرایہ بہت کم اکھٹا ہوتا ہے۔ صوبائی وزیر نے ہدایت کی کہ اوقاف کی پراپرٹی کا رینٹ بڑھانے کیلئے میکانزم بنایا جائے۔ اوقاف کی اربن اراضی کی مناسب اسیسمنٹ کی جائے اور تمام ریکارڈ ڈیجیٹائز کیا جائے۔ صوبائی وزیر نے ڈیجیٹائزیشن کے عمل کو تیزی سے آگے بڑھایا جائے اور محکمہ اوقاف کا اپنا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ بھی ہونا چاہئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈی جی اوقاف و مذہبی امور خالد محمود سندھو اور متعلقہ افسران نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

ڈی ایس پی چوہنگ آفس میں کرائم میٹنگ کا انعقاد

ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے میٹنگ کی صدارت کی

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید کی زیر صدارت ڈی ایس پی چوہنگ آفس میں کرائم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن صدر اکرم خان نیازی، ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ ساؤتھ آفتاب پھلروان، ڈی ایس پی چوہنگ اور ڈی ایس پی OCU چوہنگ کی شرکت۔ ایس ایس پی محمد نوید نے دوران ڈکیتی قتل کے مقدمات کی پراگرس کا تفصیلی جائزہ لیا ایس پیز دوران ڈکیتی قتل کے زیر تفتیش مقدمات کو روزانہ کی بنیاد پر خود مانیٹرنگ کریں۔ جدید ٹولز، ڈیٹا اینیلیسز سمیت آئی بیسڈ پولیسنگ کا فروغ میری اولین ترجیح ہے افسران کو سنگین نوعیت کے واقعات پر موقع پر پہنچنے اور اپنی نگرانی میں شواہد اکٹھے کروانے کی ہدایت کی۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ قتل سمیت تمام سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کو یقینی بنایا جائے دوران ڈکیتی قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ کوالٹی آف انویسٹی گیشن کو مزید بہتر بنایا جائے مضبوط چالان مرتب کر کے گنہگاروں کو سخت سزا دلوائیں ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد نوید نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے!

محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام "امہات المؤمنین و سیدہ خاتون جنت" عظیم الشان کانفرنس

لاہور (سپیشل رپورٹر) محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر اہتمام "امہات المؤمنین و سیدہ خاتون جنت" حضرت خدیجہ الکبریٰ، حضرت عائشہ صدیقہ اور سیدہ خاتون جنت حضرت بی بی فاطمہ الزہرہ کے یوم وصال کے سلسلے میں 10 رمضان المبارک 1446ھ بمطابق 11 مارچ 2025 بروز منگل بوقت 10:30 بجے دن کمیٹی روم ایوان اوقاف نزد لاہور ہائی کورٹ لاہور میں ایک عظیم الشان کانفرنس منعقد ہو رہی ہے جس کی صدارت سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف و مذہبی امور پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری فرمائیں گے جبکہ ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور اوقاف خالد محمود سندھو، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف آصف اعجاز سمیت تمام مسالک کے علماء کرام و دینی شخصیات تشریف فرمائیں گی۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 11 مارچ 2025ء

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کا میڈیکل کالج گوجرانوالہ کا دورہ

آر پی او نے ریجن پولیس ورکنگ کے متعلق کالج کے طلباء وطالبات کو لیکچر دیا، ایس پی سول فرحت عباس، پرنسپل میڈیکل کالج اقبال حسین ڈوگر اور طلبا وطالبات کی شرکت

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری / رانا ظفر اقبال) گوجرانوالہ (10 مارچ 2025) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کا میڈیکل کالج گوجرانوالہ کا وزٹ۔ ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے ریجن پولیس ورکنگ کے متعلق کالج کے طلباء وطالبات کو لیکچر دیا، آر پی او نے کہا کہ پولیس امن وامان قائم رکھنے اور کرائم کی صورتحال کنٹرول کرنے کے لئے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کر رہی ہے۔ سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے گوجرانوالہ ریجن پولیس تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ کرائم کو کنٹرول کرنے کے لیے مربوط سسٹم بنایا گیا ہے، جس کے خاطر خواہ نتائج بھی سامنے آرہے ہیں۔ جس کی وجہ سے چوری، ڈکیتی راہزنی میں ملوث درجنوں گینگز بھی گرفتار کیے گئے ہیں۔ آر پی او نے طلبا وطالبات کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے بتایا کہ سمارٹ اینڈ کمیونٹی پولیسنگ کی بدولت ریجن پولیس گوجرانوالہ عوام کی جان ومال کے تحفظ اور قانون کی حکمرانی کیلئے شب وروز مصروف عمل ہے۔ مزید برآں آر پی او نے بتایا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال سے شروع کیے گئے پراجیکٹس جیسا کہ پولیس خدمت مراکز، ویمن انکلیو گوجرانوالہ کے قیام سے خواتین کسی بھی مسائل کے حل کے لئے ویمن انکلیو میں آسکتی ہے جہاں پر خواتین کے جائیداد میں حصہ نہ ملنے، دوران کام ہراسمنٹ اور تشدد، ڈرائیونگ لائسنس کے حصول اور خواتین ڈرائیونگ کلاس میں داخلہ لے سکتی ہیں۔ آر پی او نے مزید کہا کہ گوجرانوالہ پولیس میں لیڈیز پولیس آفیسر پر ایک پنک ویلز پولیس اسکواڈ کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد خواتین کو بازاروں اور دیگر رش والی جگہوں پر فوری طور پر تحفظ فراہم کرنا ہے۔ میڈیکل طلبا و طالبات نے پولیس کی روکنگ کو سراہا۔ پروگرام کے اختتام پر میڈیکل کالج کے پرنسپل نے آر پی او کو یادگاری شیلڈ پیش کی اور آر پی نے شجرکاری مہم کے تحت میڈیکل کالج میں پودا لگایا۔ اس موقع پر ایس پی سول لائن فرحت عباس، پرنسپل میڈیکل کالج اقبال حسین ڈوگر اور ریجنل پولیس ترجمان محمد عمران بھی شریک تھے۔

رمضان پیکج کے تحت ضلع چنیوٹ میں اب تک 34161 افراد میں 10/10 ہزار روپے کے پے آرڈرز تقسیم ہو چکے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے نگہبان رمضان پیکج کے تحت ضلع چنیوٹ میں اب تک 34161 افراد میں 10 / 10 ہزار روپے کے پے آرڈرز تقسیم ہو چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے بتایا کہ گذشتہ روز 1775 بینیفشریز میں پے آرڈرز تقسیم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پے آرڈرز کی شفاف تقسیم ترجیح ہے اور باقی ماندہ پے آرڈرز بھی جلد مستحقین تک پہنچا دیئے جائیں گے جس کے لئے اقدامات تیزی سے جاری ہیں

ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہ فوری طور پر 37 ہزار کی جائے

ورکرز کو کئی ماہ گزرنے کے بعد بھی 37 ہزار روپے کی مقرر کردہ تنخواہ نہ مل سکی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب کی جانب سے ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہ 37000 روپے مقرر کیے جانے کے باوجود حافظ آباد میں محکمہ سول ڈیفنس اور دیگر اداروں میں کام کرنے والے ورکرز کو کئی ماہ گزرنے کے بعد بھی 37 ہزار روپے کی مقرر کردہ تنخواہ نہ مل سکی۔ مہنگائی کے اس دور میں ڈیلی ویجز ملازمین تنخواہوں میں اضافہ ہونے کے باوجود کم تنخواہ ملنے پر سخت معاشی اور گھریلو مشکلات سے پریشان ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کی جانب سے ڈیلی ویجز کے ملازمین کی تنخواہ 32 ہزار سے بڑھا کر 37 ہزار روپے کی گئی لیکن کئی ماہ گزرنے کے بعد ابھی تک محکمہ سول ڈیفنس کے ملازمین اضافی تنخواہ سے محروم چلے آرہے ہیں جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے لیبر ڈیپارٹمنٹ کے احکام کو ڈیلی ویجز ملازمین کی تنخواہ 37 ہزار ادا کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں لیکن حافظ آباد کے سول ڈیفنس کے ملازمین تاحال اس اضافی تنخواہ سے محروم ہیں۔ رمضان المبارک اور عید کے قریب آنے سے ان ملازمین کی معاشی اور گھریلو مشکلات میں اضافہ ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد سے اپیل کی ہے کہ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق انہیں 37 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ دی جائے۔

شہر کے متعدد مقامات پر مارکیٹوں کی دکانوں کی چیکنگ

مقررہ ریٹس کے مطابق اشیاء خورونوش کی فروخت بارے ہدایات جاری کیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی / قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے ہمراہ شہر کے متعدد مقامات پر مارکیٹوں کی دکانوں کی چیکنگ کی اور دکانداروں کو مقررہ ریٹس کے مطابق اشیاء خورونوش کی فروخت بارے ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی برکتیں سمیٹیں اور نرخ ناموں کے مطابق اشیائے ضروریہ کی فروخت کو یقینی بنائیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ماہ صیام میں عوام کی مجبوری سے ہرگز فائدہ نہ اٹھائیں اور مقررہ ریٹس پر عوام الناس کو اشیائے خورونوش فراہم کریں، انہوں نے کہا کہ اسلام کے زریں اصولوں پر مکمل عمل درآمد کرتے ہوئے ماہ صیام میں عوام کو کنٹرول ریٹس پر اشیاء فراہم کرتے ہوئے نیکیاں کمائیں۔

ٹریفک پولیس کی ماہ فروری کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی

ماہ فروری میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر مختلف 8287 گاڑیوں کے چالان کئے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک پولیس کی ماہ فروری کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی ماہ فروری میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر مختلف 8287 گاڑیوں کے چالان کئے گئے، ماہ فروری میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر چالان میں 66 لاکھ سے زائد کا جرمانہ کیا گیا ٹریفک پولیس نے 546 اوورسپیڈ، 1195 اوورلوڈنگ اور غفلت لاپرواہی کے 222 چالان کیے گزشتہ ماہ 1309 کم عمر ڈرائیوروں X 285 بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کاروائی کی گئی، ماہ فروری میں ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر ڈرائیونگ پر 1217 چالان میں بھاری جرمانہ کیا گیا 65 لائن اینڈ لین، 35 ٹریفک سگنل، 1564 سموگ دیگر خلاف ورزیوں پر 911 گاڑیوں کیخلاف کاروائیاں کی گئیں ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا ہے کہ شہریوں کے سفر کو محفوظ بنانے کیلئے عملی اقدامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔ ٹریفک حادثات کی روک تھام کے لیے کاروائیوں کے ساتھ آگاہی مہم کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ٹریفک ایجوکیشن یونٹ کی جانب مختلف تعلیمی اداروں میں جا کر ٹریفک قوانین سے آگاہی دی جا رہی ہے۔

سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گاڑیوں کی بیٹریاں چرانے والا چور گرفتار

لاہور (خبر نگار) پنجاب ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر شیخوپورہ کے علاقے سے ایک شہری کی کال موصول ہوئی جس نے اطلاع دی کہ اس کے گھر کے باہر کھڑی گاڑی کی بیٹری نامعلوم شخص نے چوری کر لی ہے۔ کالر کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر سیف سٹی کے ورچوئل پٹرولنگ آفیسر نے فوری طور پر سیف سٹی کیمروں کے ذریعے علاقے کی نگرانی شروع کی۔ لائیو سرویلنس کے دوران چور کو واردات کے بعد شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے دیکھا گیا۔ کیمروں کی مدد سے ملزم کی نقل وحرکت کو مسلسل مانیٹر کیا گیا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کا مضر صحت ممنوع اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کا مضر صحت ممنوع اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن جاری ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر قاسم رضا کی زیر نگرانی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر کے علاقوں میں مختلف دکانوں کی انسپکشن کی جس کے دوران بڑی مقدار میں ممنوعہ 12 کلو گرام چائنیز سالٹ برآمد کر کے موقع پر تلف کرا دیا۔ دکانداروں کے خلاف قوانین کی مسلسل خلاف ورزی پر پنجاب فوڈ اتھارٹی ایکٹ کے تحت 68000 روپے کے جرمانہ عائد کیا گیا۔ مزید برآں سویٹس اینڈ بیکرز یونٹ کو ہدایات پر عمل نہ کرنے پر، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، میڈیکل سرٹیفکیٹ کی عدم موجودگی اور صفائی کے ناقص حالات پر بھاری جرمانہ کیا گیا۔

پٹرول پمپ مافیا کیخلاف گھیرا تنگ، کسی قسم کی رعایت نہیں ہوگی

سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر سمیت دیگر افسران نے ٹیموں کے ہمراہ متعدد مقامات پر پیٹرول پمپس کی انسپکشنز کیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی / قوت) ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضمیر حسین اور ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات کے مطابق محکمہ سول ڈیفنس کے افسران کی غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر سمیت دیگر افسران نے ٹیموں کے ہمراہ متعدد مقامات پر پیٹرول پمپس کی انسپکشنز کیں اور کاغذات مکمل مہیا نہ کرنے پر چار غیر قانونی پیٹرول پمپس میو پیٹرولیم سروس رل باغ رائے جبوکہ اوکاڑہ روڈ، رائل پیٹرولیم سروس دل باغ رائے جبوکہ اوکاڑہ روڈ، محمد احمد پٹرولیم سروس مین روڈ جندراکہ اور حاجی عیش پٹرولیم سروس مین روڈ جندراکہ کو موقع پر سیل کر دیا اور ملازم راؤ محمد عارف ولد عیوض خان مالک میو پیٹرولیم سروس کو موقع پر پچاس ہزار روپے کا جرمانہ عائد کر دیا۔ اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا کہ غیر قانونی پیٹرول پمپس کو ہرگز کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف قانون چلائے جانے والے پٹرول پمپس کو بھاری جرمانے کیے جائیں گے اور ان کو فوری طور پر سیل کر دیا جائے گا۔

پیٹرولنگ پولیس کی جانب سے راشن کیمپ کا انعقاد

رمضان المبارک میں ضرورت مند بیواؤں، یتیموں، بے، سہارا، مجبور، لاچار اور جسمانی معذوری اور معاشرتی مجبوریوں کا شکار مرد وخواتین میں باعث طریقہ سے راشن کی تقسیم کیلئے کیمپ لگایا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی / قوت) آئیں مل کر بے سہارا، ضرورت مند لوگوں کا سہارا بنیں ماہ صیام کی مناسبت سے پیٹرولنگ پولیس کیجانب سے راشن کیمپ کا انعقاد درجنوں مستحق خواتین میں راشن بیگ تقسیم کیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی پیٹرولنگ پولیس پنجاب ڈاکٹر اطہر وحید کے ویژن "آپریشن الحب" کے مطابق رمضان المبارک میں ضرورت مند بیواؤں، یتیموں، بے، سہارا، مجبور، لاچار اور جسمانی معذوری اور معاشرتی مجبوریوں کا شکار مرد و خواتین میں میں باعزت طریقہ سے راشن کی تقسیم کیلئے پیٹرولنگ پولیس پوسٹ سکھ پور ضلع اوکاڑا ریجن لاہور میں بڑے پیمانے پر راشن تقسیم کیمپ لگایا گیا۔ انچارج چوکی سب انسپکٹر امداد علی اور دیگر سٹاف ممبرز کی خصوصی کاوشوں کے نتیجہ میں خالصتاً جذبہ، خیر سگالی سے سرشار اپنی مدد آپ کے تحت 70 مستحق خاندانوں کیلئے راشن بیگ تیار کیئے گئے۔ اس عظیم الشان تقریب میں ڈسٹرکٹ آفیسر پیٹرولنگ پولیس اوکاڑا سجاد محمد خاں ٹکا، ڈسٹرکٹ پی۔آر۔او ساجد خان نیازی، موٹر ٹرانسپورٹ آفیسر سید عمران رضا اور معززین علاقہ وکمیونٹی پولیسنگ ممبران نے شرکت کی۔ دوران تقریب حقیقی حقدران میں 10 کلو آٹا، چینی، گھی، مشروبات، مصالح جات اور چاولوں پر مشتمل ایک ایک پیکج بیگ پورے عزت و احترام کیساتھ حوالے کیا گیا۔ پیٹرولنگ پولیس کیجانب سے اس عظیم کاوش کی تکمیل کا بنیادی مقصد رمضان المبارک کے اس بابرکت ماہ میں معاشرے میں موجود محرمیوں کا شکار افراد کی دادرسی، مدد کے جذبہ کی حوصلہ افزائی اور مالی طور پر کمزور افراد کو اپنی خوشیوں میں برابری کی سطح پر شریک کرنا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب کا رمضان سہولت بازار کا دورہ

پھلوں سبزیوں سمیت دیگر اشیاء صرف کی قیمتوں اور کوالٹی کو چیک کیا، بازار میں موجود صارفین سے اشیاء کے معیار بارے معلومات بھی لیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب کا رمضان سہولت بازار کا دورہ، پھلوں سبزیوں سمیت دیگر اشیاء صرف کی قیمتوں اور کوالٹی کو چیک کیا، بازار میں موجود صارفین سے اشیاء کے معیار بارے معلومات بھی لیں۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب نے ماڈل بازار میں لگائے گئے رمضان سہولت بازار کا دورہ کیا۔ انہوں نے مختلف سٹالز پر رکھی گئی اشیاء صرف کی کوالٹی اور قیمتوں کو چیک کیا۔ انہوں نے بازار میں موجود صارفین سے اشیاء کے معیار بارے بھی دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب رمضان المبارک کے مہینے میں شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان سہولت بازار میں اشیاء صرف کی وافر مقدار میں فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی چیز کی کمی نہیں ہونی چاہیے۔

بے نظیر بھٹو اور نصرت بھٹو کے بعد فخر ایشیاء محترمہ فریال تالپور ہیں: نرگس فیض ملک

محترمہ فریال تالپور نے چاندرات کو قربانی دی اور چاندرات کو انہیں انتقامی کاروای کا نشانہ بناتے ہوئے پابند سلاسل کر دیا گیا

لاہور (خبر نگار) پیپلز پارٹی کی رکن پنجاب اسمبلی نرگس فیض ملک نے کہا ہے کہ بے نظیر بھٹو اور نصرت بھٹو کے بعد فخر ایشیاء محترمہ فریال تالپور ہیں میں ان کی بہادری پر انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہوں، اسمبلی کے ایوان میں عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے اظہار خیال کرتے ہوئے نرگس فیض ملک کا کہنا تھا کہ بے نظیر بھٹو عالم اسلام کی لیڈر تھیں جتنی جدوجہد پیپلز پارٹی نے کی کسی جماعت کو یہ اعزاز حاصل نہیں، پنجاب حکومت اس سال کو کلثوم نواز کے نام کرتی کیونکہ انہوں نے بھی جمہوریت کی بحالی کے لئے کردار کیا ہے، نرگس فیض کا کہنا تھا کہ محترمہ فریال تالپور نے چاندرات کو قربانی دی اور چاندرات کو انہیں انتقامی کاروای کا نشانہ بناتے ہوئے پابند سلاسل کر دیا گیا، ہم نہیں چاہتے کہ پی ٹی آئی خواتین کو بھی جیلوں میں رکھا جائے آج خواتین کے عالمی دن کے موقع پر تمام گرفتار خواتین کو رہائی ملنی چاہیئے، نرگس فیض کا کہنا تھا کہ محترمہ فریال تالپور نے خواتین کا نام روشن کیا جو ہم سب خواتین کے لیے فخر کی بات ہے، فریال تالپور کو رات کے اندھیرے میں ہسپتال سے اٹھا کر زبردستی جیل میں ڈالا گیا یہ کون سی جمہوریت ہے، پیپلز پارٹی کی قیادت ایسی جمہوریت اور ایسی انتقامی کاروای پر یقین نہیں رکھتی۔

غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف کارروائیاں کر کے 149 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے نیو مسلم ٹاؤن، علامہ اقبال ٹاؤن میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران علامہ اقبال ٹاؤن میں 29 املاک سربمہر کر دیں۔ ٹیموں نے نیو مسلم ٹاؤن میں غیر قانونی کمرشل استعمال، کمرشل فیس کی عدم ادائیگی پر 20 املاک سربمہر کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ریسٹوران، ورکشاپ، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر ودیگر شامل ہیں۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ون اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

گندے پانی کا نکاس نہ ہونے بارے تاجروں کی شکایت پر چیئرمین واسا کا نوٹس

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) اندرون شہر مختلف بازاروں میں گندے پانی کا نکاس نہ ہونے بارے تاجروں کی شکایت پر چیئرمین واسا ایم پی اے عمر فاروق ڈار نے معاملہ کا فوری نوٹس لیا، واسا کی ٹیموں نے علاقہ میں پہنچ کر گندے پانی کا نکاس یقینی بنایا۔ تاجروں نے دیرینہ مسائل حل کرنے پر چیئرمین واسا عمر فاروق ڈار کا شکریہ ادا کیا۔ بتایا گیا ہے کہ اندرون شہر مختلف بازار بانسی چوک، اردو بازار چوک، آسا ملتانی بازار، طارق شہید بازار، مچھلی منڈی بازار اور دیگر بازاروں میں گزشتہ کئی روز گٹروں کا پانی جمع تھا جس کی وجہ سے تاجروں اور بازار میں آنے والے خریداروں کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، گندے پانی کی وجہ سے کپڑے گندے ہو جاتے تھے۔ تاجروں نے اس سلسلہ میں متعدد بار واسا حکام کو آگاہ کیا لیکن مسئلہ کا حل نہیں ہو رہا تھا۔ جس پر سٹی صدر مرکزی انجمن تاجران ملک ذوالفقار بھٹو، ملک عمران، حاجی رووف، شیخ طارق ودیگر نے چیئرمین واسا سے ملاقات کی کر کے انہیں اس مسئلہ بارے آگاہ کیا جس پر انہوں نے فوری نوٹس لیتے ہوئے واسا کی ٹیموں کو پانی کے نکاس کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ جس پر واسا کی ٹیموں نے گندے پانی کے نکاس کیلئے سکرشینیں لگا کر پانی کا فوری نکاس یقینی بنایا۔ اس مسئلہ کے مستقل حل کیلئے واسا نے اقدامات شروع کر رکھے ہیں۔

سیالکوٹ ومضافات میں پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کی پراپرٹیز سیل کی ہیں: سید تجمل حسین نقوی

شہری پراپرٹی ٹیکس فوری جمع کرائیں جرمانہ نہیں لیا جائیگا۔ ای۔ٹی۔او سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس آفیسر سیالکوٹ کیجانب سے سیالکوٹ وگردونواح میں اپنی ٹیموں کے ہمراہ بڑے پیمانے پر نادہندگان پراپرٹی ٹیکس کے خلاف کریک ڈاؤن۔ بیسیوں پراپرٹیز سیل کر کے سربمہر کر دیں۔ شہریوں کی کثیر تعداد ٹیکس جمع کرانے ایکسائز آفس سیالکوٹ پہنچ گئی۔ ای ٹی او سیالکوٹ نے روزنامہ قوت سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چند ماہ میں وہیکل ٹیکس و پراپرٹی ٹیکس نادہندگان کیخلاف کامیاب کارروائیوں کے دوران کروڑوں کی ریکوری کی گئی۔ گورنمنٹ ٹیکس نادہندگان کیخلاف جاری آپریشن کامیاب رہا۔ سیالکوٹ کے مختلف روڈز پر چیکنگ و جنرل ہولڈ آپ کے دوران ممنوع نمبر پلیٹس، بلانمبری وہیکلز و نادہندگان ٹوکن ٹیکس مالکان کی گاڑیاں بند کر کے انہیں سیالکوٹ ایکسائز آفس میں بلوا کر وہیکلز کے ذمہ سرکاری واجبات ٹیکسیز معہ جرمانے وصولی کا عمل مکمل کر کے گاڑی دی جاتی ہے۔ ان باتوں کا اظہار ایکسائز نارکوٹکس اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سیالکوٹ سید تجمل حسین نقوی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ شہریوں سے میڈیا کے توسط سے اپیل ہے کہ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے ذمہ پراپرٹی ٹیکس و وہیکل ٹیکس واجبات بروقت ادا کرا کے قانونی پیچیدگیوں سے بچنے کیلئے اور دوران چیکنگ حفت و پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس کیلئے بروقت ٹیکس ادائیگی کریں۔

الیکشن کے عمل کی شفاف نگرانی ہمارا فرض ہے: ڈاکٹر محمد الیاس بٹ

انتخابی قواعد وضوابط چند روز میں جاری کئے جائیں گے، انتخابی اہلیت کا معیار کڑ ہوگا: نویدہ بخاری

گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) فی الوقت ہماری ترجیح ہے کہ اچھے وغیر متنازعہ افراد کو گلوبل یونین کی رکنیت دی جائے: مرزا اطہر سلطان مغل۔ گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کی نگران کمیٹی کا اجلاس گزشتہ روز سیکرٹریٹ آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں الیکشن کے شفاف انعقاد اور الیکشن میں حصہ لینے کیلئے انتخابی اہلیت پر سیر حاصل گفتگو ہوئی۔ ڈاکٹر محمد الیاس بٹ، محترمہ نویدہ بخاری اور مرزا اطہر سلطان مغل نے الیکشن کے قواعد وضوابط کے حوالے سے مشترکہ اعلامیے میں کہا کہ ایگزیکٹو عہدوں کے امیدواران کیلئے تعلیم، صحافتی تجربہ اور مضبوط اعصاب کے حامل مزاج امیدواران کو خوش آمدید کہا جائے گا لیکن اہلیت ہماری بنیادی شرط ہے۔ ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ آئندہ چند روز میں ایک بہترین مقابلے کی فضا پیدا ہوگی۔ ابھی تک صدارتی ایکشن کیلئے تین امیدواران نے خواہش ظاہر کی ہے۔ نگران کمیٹی کے اراکین نے واضع طور پر کہا کہ ہمارا حتمی مقصد یہی ہے کہ گلوبل یونین آف جرنلسٹس میں جمہوری عمل کی کڑی نگرانی کی جائے۔ آئندہ چند روز میں الیکشن کے قواعد وضوابط سامنے آجائیں گے۔ فی الوقت ہماری پوری ٹیم کی کوشش یہ ہونی چاہیے کہ اچھے اور بہترین شہرت کے حامل غیر متنازعہ افراد کو یونین کا حصہ بنایا جائے۔ 10 اپریل تک جاری رکنیت سازی کی مہم میں ہر رکن اپنا کردار ادا کرے تاکہ الیکشن کے دن زیادہ سے زیادہ افراد ووٹ کاسٹ کر سکیں۔

ریجنل کونسل "شاہ حسین" کا تئیسواں اجلاس ڈاکٹر راشد محمود وڑائچ کی زیر صدارت منعقد ہوا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ریجنل کونسل "شاہ حسین" کا تئیسواں اجلاس ریجنل کنوینئر ڈاکٹر راشد محمود وڑائچ کی صدارت میں دفتر ریجنل ممبر آرگنائزیشن پہچان ویلفیئر سوسائٹی میں منعقد ہوا۔ سوشل میڈیا کے موثر استعمال اور اس ضمن میں ممبران کی روزمرہ پریکٹس کو جاننے کی غرض سے ریجنل مینیجر نے بذریعہ قرعہ شرکاء اجلاس سے سوالات دریافت کئے۔ اس سیشن اور رپورٹنگ سے متعلق ایجنڈا پوائنٹ کے تحت مختلف ڈیٹا سیٹس کو ملٹی میڈیا پریزینٹیشن کے ذریعے شیئر کیا گیا۔ اجلاس میں ان ایجنڈا پوائنٹس پر تفصیلی تبادلہ خیالات کیا گیا، جن میں ڈسٹرکٹ ووٹرز ایجوکیشن کمیٹیز کے اشتراک سے آگاہی مہم بعنوان "ووٹ ڈالیں شعور کے ساتھ، آگے بڑھیں جمہور کے ساتھ" کی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال، ماحولیاتی تحفظ کی جاری مہم XX آلودگی سے چھٹکارا، صاف دھرتی عزم ہمارا XX کے زیر تحت آگاہی سرگرمیوں بعنوان XX ماحول کا تحفظ ہے امانت۔ صحت مند نسلوں کی ہے ضمانت XX کی منصوبہ بندی، شجرکاری کے بارے منصوبہ بندی، خواتین کے عالمی یوم کے حوالے سے مشاورت، سکورکارڈ 2025 پر بریفنگ شامل ہیں۔

وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کے صاجزادے کی چوتھی برسی

ڈیرہ قیصر احمد شیخ پر ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعا کا خصوصی اہتمام کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کے مرحوم صاجزادہ عرفان قیصر شیخ کی چوتھی برسی کے موقع پر ڈیرہ قیصر احمد شیخ پر ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی اور دعا کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔ اس روحانی اجتماع میں ضلع بھر کی اہم سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت سینکڑوں افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کی مغفرت کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ اجتماع میں شریک معزز شخصیات نے عرفان قیصر شیخ کی سماجی و فلاحی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ شرکاء نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل دے۔ آخر میں تمام حاضرین کے لیے خصوصی افطار کا بھی اہتمام کیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا تحصیل ڈسکہ کا تفصیلی دورہ

وزیر اعلی پنجاب نگہبان رمضان پیکج کی ڈور ٹو ڈور پے آرڈر کی تقسیم کے عمل کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا تحصیل ڈسکہ کا تفصیلی دورہ، وزیر اعلیٰ پنجاب نگہبان رمضان پیکج کی ڈور ٹو ڈور پے آرڈر کی تقسیم کے عمل کا جائزہ لیا اور یوسی سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ نگہبان رمضان پیکج کی تقسیم کے عمل کو تیز کرنے کیلئے یوسی کے افراد کو بذریعہ ٹیلی فون کال آگاہ کیا جائے اور اس کے ساتھ گھروں میں جا کر بھی پے آرڈر تقسیم کئے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈسکہ میں پے آرڈر کی ڈور ٹو ڈور مہم کو بھی جائزہ لیا اور پے آرڈر تقسیم کرتے ہوئے کہا کہ نگہبان رمضان پیکج کی کوئی فیس نہیں لہذا پے آرڈر وصول کرتے یا کیش کرواتے کسی قسم کی ادائیگی ہرگز نہ کی جائے اور شکایت کی صورت میں ضلع کنٹرول 9250011 پر کال کریں یا اے سی آفس میں شکایت کریں ازالہ کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے گورنمنٹ ڈگری کالج ڈسکہ میں قائم میٹرک کے امتحانی مرکز میں فزکس کے لئے جانے والے پرچہ کیلئے کئے جانے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سول ہسپتال ڈسکہ کا اچانک دورہ کیا۔ ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اور زیر علاج مریضوں کی عیادت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کیو ڈی پی ایس سکول جیسر والہ کیمپس میں زیر تعمیر بلاک کا بھی معائنہ کیا۔

ریسکیو 1122 اور زہرہ ہسپتال ننکانہ صاحب کے مابین یادداشت پر دستخط

SIGNING CEREMONY

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 اور زہرہ ہسپتال ننکانہ صاحب کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے اس موقع پر ڈائریکٹر زہرہ ہسپتال ننکانہ صاحب ڈاکٹر محمد ارشد (کارڈیالوجسٹ)، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار، ڈاکٹر روبینہ شفیع (گائناکالوجسٹ) اور پیرامیڈیکل سٹاف، ریسکیو سیفٹی آفیسر علی عمران و دیگر ریسکیو افسران اور میڈیا کوآرڈینیٹر علی اکبر بھی موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت میں ریسکیو 1122 کی جانب سے پیرامیڈیکل سٹاف کو کمیونٹی ایکشن ڈیزاسٹر ریسپانس اور پاکستان لائف سیور پروگرام کے تحت عملی تربیت اور آگاہی دی جائے گی۔ Assessment کے بعد مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے شرکاء کو Rescue App پر بطور ریسکیو سکاؤٹ انرولمنٹ کیساتھ سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔ ریسکیو سکاؤٹ CERT کے تربیت یافتہ ممبرز کے طور پر کسی بڑے حادثے یا سانحہ کی صورت میں ریسکیو ٹیم کے ساتھ معاونت کرے گا اور باقاعدگی سے ایمرجنسی انخلاء کی ریہرسل کروائی جائے گی۔ زہرہ ہسپتال ننکانہ صاحب کی جانب سے تمام ریسکیورز اور اہل خانہ کو او پی ڈی (OPD) اور لیبارٹری سروس میں 20 فیصد ڈسکاؤنٹ کے ساتھ ساتھ چھوٹے بڑے آپریشن چارجز میں بھی 30 فیصد ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔

Regional Council Meeting

تعلیم یافتہ خواتین ہی روشن اور خوشحال مستقبل کی ضامن ہیں: سید اسد عباس زیدی

دین اسلام میں خواتین کو حقوق کا تحفظ اور عزت وتکریم دی ہے۔ عورت کی تعلیم پر زور دیا گیا ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) چیف مینیجر اسٹیٹ بینک آف پاکستان گوجرانوالہ سید اسد عباس زیدی نے کہا کہ دین اسلام میں خواتین کو حقوق کا تحفظ اور عزت وتکریم دی ہے۔ عورت کی تعلیم پر زور دیا گیا ہے، تعلیم یافتہ خواتین ہی روشن اور خوشحال مستقبل کی ضامن ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کمیٹی روم میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سینئر ڈپٹی چیف مینیجر محمد طاہر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد محمود چیمہ، ڈین آف گفٹ سکول آف آرٹس ام لیلی، ڈی ایس پی ٹریفک مس سمیرا مانگٹ کے علاوہ مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی خواتین نے سیمینار میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ عورت صرف ایک فرد ہی نہیں بلکہ وہ مستقبل کی معمار ہے، پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں خواتین کو تعلیم روزگار اور ترقی کے مساوی مواقع ناگزیر ہیں۔ خواتین مختلف شعبہ ہائے زندگی میں محنت اور لگن سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہیں۔ سینئر ڈپٹی چیف مینیجر محمد طاہر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد محمود چیمہ نے کہا کہ ویمن ہیلپ لائن اور پینک بٹن پراجیکٹ کے ذریعے خواتین کے تحفظ کو مزید یقینی بنایا گیا ہے، سیف سٹی اتھارٹی میں ورکنگ ویمن کے لئے ہاسٹل بنائے جا رہے ہیں، حکومت پاکستان نے خواتین کی آسانی کے لیے بے شمار پروگرامز کا آغاز کیا۔ سیمینار کے اختتام پر مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کی حامل خواتین میں شیلڈز تقسیم کی گئیں

وفاقی اور صوبائی حکومت کے تمام تر دعوے ٹھوس ضلعی انتظامیہ بھی شوگر مافیا کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) وفاقی اور صوبائی حکومت کے تمام تر دعوے ٹھوس ضلعی انتظامیہ بھی شوگر مافیا کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام گیمبر قادرآباد میں چینی 170 روپے کلو میں فروخت ہونے لگی تفصیلات کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومت کے تمام تر نوٹسز کے باوجود ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ چینی مافیا کو لگام دینے میں مکمل طور پر ناکام گیمبر قادرآباد میں چینی 170 روپے کلو میں فروخت ہونے لگی گیمبر قادرآباد کی عوام شوگر مافیا کے رحم وکرم پر۔ ساہیوال گیمبر قادرآباد میں چینی مافیا کو لگام دینے والا کوئی نہیں گیمبر قادرآباد کی عوام چینی مہنگے داموں خریدنے پر مجبور گیمبر قادرآباد کی عوام کا حکومتی نمائندوں اور ضلعی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے

ضلع سیالکوٹ میں انرولمنٹ مہم پیک پر ہے۔ CEO ایجوکیشن مجاہد حسین علوی

ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے تمام آفیسران چاروں تحصیلوں میں سرگرم عمل ہیں

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے عین مطابق بائیر ایجوکیشن اتھارٹی پنجاب کی ہدایات کے عین مطابق ضلع سیالکوٹ کی تمام تحصیلوں میں انرولمنٹ مہم ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے ایجوکیشن میکنزم کو فالو کرتے ہوئے تیزی سے جاری ہے۔ انشاء اللہ میل فی میل ڈپٹی ڈی سی اوز وماتحت تحصیل ایجوکیشن عملہ انرولمنٹ بڑھانے کیلئے سخت محنت کر رہا ہے جس کی روزانہ کی بنیادوں پر جنرل چیکنگ میں خود کر رہا ہوں۔ ان باتوں کا اظہار چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ڈسٹرکٹ سیالکوٹ مجاہد حسین علوی نے گورنمنٹ پرائمری سکول کھوکھلی وزٹ کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بچے قوم کا سرمایہ وملک کا سنہرا مستقبل ہیں انشاء اللہ ہم اپنے مستقبل کے معماروں کو پودوں کی طرح آج سینچیں گے تو کل یہی بچے مستقبل کے اے کیو خان، وکلاء، بزنس مین، جنرلز، صحافی وایجوکیٹرز، ڈاکٹرز وسیاستدان وججز وسپورٹس مین بن کر ملکی ترقی کے ضامن بنیں گے۔

چیئرمین ماڈل بازار اتھارٹی پنجاب ملک افضل کھوکھر کا رمضان سہولت بازار پیپلز کالونی کا دورہ

ستے رمضان بازار میں اشیائے خوردونوش، سبزیوں اور پھلوں کے نرخ نامے چیک کیے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) چیئرمین ماڈل بازار اتھارٹی پنجاب ملک افضل کھوکھر کا رمضان سہولت بازار پیپلز کالونی کا دورہ، ستے رمضان بازار میں اشیائے خوردونوش، سبزیوں اور پھلوں کے نرخ نامے چیک کیے اور بازار میں بہترین انتظامات کرنے پر ضلعی انتظامیہ، سہولت سٹالز پر اشیائے ضروریہ مارکیٹ سے کم قیمت پر دستیاب کرنے والے محکموں، ماڈل بازار انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا۔ دورہ کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی (جنرل) فیصل سلطان اور اے سی ایچ آر صائمہ خان بھی موجود تھیں۔ چیئرمین ماڈل بازار پنجاب ملک افضل کھوکھر نے وہاں موجود میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سالوں کی نسبت پھلوں، سبزیوں، دالوں، کھجور سمیت متعدد اشیاء سستی دستیاب ہیں جس وجہ بروقت حکومتی اقدامات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی دن رات کی محنت رنگ لائی ہے عوام کو رمضان میں سستی اشیاء مل رہی ہیں، انہوں نے شہریوں سے حکومت پنجاب کی طرف سے دیے گئے ریلیف بارے استفسار کیا اور رمضان سہولت بازار میں فروخت ہونے والی اشیاء کے معیار سے عوام مطمئن ہیں۔ حکومت پنجاب کا ویژن ہے کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ستا رمضان بازار میں عوام کا رش دیکھ کر گوجرانوالہ میں مزید ایک بازار بنانے کا فیصلہ کیا ہے ماڈل بازار کے قیام کے لیے ضلعی انتظامیہ سے ملکر جگہ تلاش کی جائے گی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ بازار میں تمام ضروری سہولیات جن میں بیٹھنے کا اہتمام اور خواتین اور بزرگوں کو ترجیحاً اشیاء کی فراہمی کا میکنیزم اور اشیاء کے معیار اور قیمتوں سے متعلق شکایات کے اندراج اور ازالہ کے لیے شکایت سیل آپریشنل رکھا جائے تاکہ حکومتی سبسڈی اور اس کے ثمرات عوام تک منتقل کیے جاسکیں۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر کی سکھیکی میں کھلی کچہری،

عوام کے مسائل سن کر ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر کی سکھیکی میں کھلی کچہری، عوام کے مسائل سن کر ان کے فوری حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حافظ آباد عاطف نذیر نے عوامی مسائل کے بروقت حل اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تھانہ سکھیکی منڈی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ لوگوں نے اپنے مسائل کے حل کیلیے درخواستیں پیش کیں جس پر ڈی پی او حافظ آباد نے فوری کاروائی کیا احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کا بنیادی فریضہ عوام کو فوری اور شفاف انصاف فراہم کرنا ہے۔ عوام کی دہلیز پر انصاف پہنچانے کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ تاکہ عوام کو کسی قسم کی رکاوٹ یا تاخیر کے بغیر ان کے مسائل کو حل کیا جا سکے۔ ڈی پی او حافظ آباد نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ تمام عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی ناقابل برداشت ہوگی۔ مزید کہا کہ پولیس کے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں اور عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سینیٹ میں خواتین کے حقوق سے متعلق قرارداد منظور

سینیٹ نے یوم نسواں کی مناسبت سے خواتین کے حقوق کے لیے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی جس میں کم عمری کی شادی پر پابندی لگانے، خواتین کو مساوی حقوق دینے اور غیرت کے نام پر قتل کی سزائیں سخت کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ شیری رحمان کی قرارداد میں یہ بھی کہا گیا کہ خواتین کو ملازمتوں میں برابر کی تنخواہیں اور مواقع دیے جائیں۔ خواتین کو اپنی صحت سے متعلق فیصلوں کا حق دیا جائے۔ یہ قرارداد خواتین کے حقوق کے حوالے سے اہم نکات پر مشتمل ہے، لیکن اس میں بعض پہلو ایسے ہیں جو حقیقت سے دور محسوس ہوتے ہیں۔ پاکستان میں خواتین کو کئی مسائل کا سامنا ضرور ہے، جیسے غیرت کے نام پر قتل، کم عمری کی شادی، اور بعض مقامات پر جائیداد میں حق نہ ملنا۔ اگر ریاست صحیح معنوں میں مدعی بنے اور قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرے تو ان مسائل کا حل ممکن ہے۔ جہاں تک ہراسانی کے قوانین کا تعلق ہے تو یہ قوانین پہلے سے موجود ہیں، لیکن اگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا تو اس کی ذمہ داری نظام پر عائد ہوتی ہے۔ سینیٹ کی قرارداد میں کہا گیا ہے کہ خواتین کو مردوں کے برابر تنخواہ دی جائے۔ یہ مسئلہ مغربی ممالک میں تو ہوسکتا ہے جہاں خواتین کے کام کے اوقات مردوں کے مقابلے میں کم ہوتے ہیں، لیکن پاکستان میں ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ یہاں اگر کوئی مرد اور عورت ایک ہی عہدے پر کام کررہے ہیں تو انھیں برابر تنخواہ ملتی ہے۔ ایسے مسائل جو پاکستان میں موجود ہی نہیں انھیں بار بار اجاگر کرنا دراصل ایک بیرونی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کی کوشش لگتی ہے۔ اسی طرح، قرارداد میں خواتین کو اپنی صحت سے متعلق فیصلوں کا حق دینے کی بات کی گئی ہے۔ یہ مطالبہ درحقیقت خواتین کو بغاوت پر آمادہ کرنے کی ایک سعی معلوم ہوتا ہے۔ کچھ این جی اوز جان بوجھ کر ایسے موضوعات کو ہوا دیتی ہیں جو اسلامی اور خاندانی اقدار کے خلاف جاتے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جو میرا جسم، میری مرضی جیسے نعرے لے کر گھروں کو تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ مساوی حقوق کے حوالے سے بھی یہ دیکھنا ضروری ہے کہ وہ کون سے حقوق ہیں جو خواتین کو نہیں دیے جارہے؟ اگر بات اسلام کے دیے گئے حقوق کی ہو، جیسے جائیداد میں حصہ تو واقعی کئی مقامات پر خواتین کو ان سے محروم رکھا جاتا ہے۔ ان معاملات پر بات ہونی چاہیے اور اس بات کو یقینی بنایا جانا چاہیے کہ اسلامی تعلیمات پر صحیح معنوں میں عمل کیا جائے۔ خواتین کے حقوق کی فراہمی ضروری ہے مگر مسائل کو حقیقت پسندی کے ساتھ دیکھنا چاہیے نہ کہ بیرونی ایجنڈے کے تحت غیرموجود مسائل پر بحث کی جائے۔ اصل ضرورت اسلامی اصولوں کی روشنی میں خواتین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ہے۔

سینیٹ نے یوم نسواں کی مناسبت سے خواتین کے حقوق کے لیے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی جس میں کم عمری کی شادی پر پابندی لگانے، خواتین کو مساوی حقوق دینے اور غیرت کے نام پر قتل کی سزائیں سخت کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ شیری رحمان کی قرارداد میں یہ بھی کہا گیا کہ خواتین کو ملازمتوں میں برابر کی تنخواہیں اور مواقع دیے جائیں۔ خواتین کو اپنی صحت سے متعلق فیصلوں کا حق دیا جائے۔ یہ قرارداد خواتین کے حقوق کے حوالے سے اہم نکات پر مشتمل ہے، لیکن اس میں بعض پہلو ایسے ہیں جو حقیقت سے دور محسوس ہوتے ہیں۔ پاکستان میں خواتین کو کئی مسائل کا سامنا ضرور ہے، جیسے غیرت کے نام پر قتل، کم عمری کی شادی، اور بعض مقامات پر جائیداد میں حق نہ ملنا۔ اگر ریاست صحیح معنوں میں مدعی بنے اور قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرے تو ان مسائل کا حل ممکن ہے۔ جہاں تک ہراسانی کے قوانین کا تعلق ہے تو یہ قوانین پہلے سے موجود ہیں، لیکن اگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا تو اس کی ذمہ داری نظام پر عائد ہوتی ہے۔ سینیٹ کی قرارداد میں کہا گیا ہے کہ خواتین کو مردوں کے برابر تنخواہ دی جائے۔ یہ مسئلہ مغربی ممالک میں تو ہوسکتا ہے جہاں خواتین کے کام کے اوقات مردوں کے مقابلے میں کم ہوتے ہیں، لیکن پاکستان میں ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ یہاں اگر کوئی مرد اور عورت ایک ہی عہدے پر کام کررہے ہیں تو انھیں برابر تنخواہ ملتی ہے۔ ایسے مسائل جو پاکستان میں موجود ہی نہیں انھیں بار بار اجاگر کرنا دراصل ایک بیرونی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کی کوشش لگتی ہے۔ اسی طرح، قرارداد میں خواتین کو اپنی صحت سے متعلق فیصلوں کا حق دینے کی بات کی گئی ہے۔ یہ مطالبہ درحقیقت خواتین کو بغاوت پر آمادہ کرنے کی ایک سعی معلوم ہوتا ہے۔ کچھ این جی اوز جان بوجھ کر ایسے موضوعات کو ہوا دیتی ہیں جو اسلامی اور خاندانی اقدار کے خلاف جاتے ہیں۔ یہ وہی لوگ ہیں جو میرا جسم، میری مرضی جیسے نعرے لے کر گھروں کو تباہ کرنے کے درپے ہیں۔ مساوی حقوق کے حوالے سے بھی یہ دیکھنا ضروری ہے کہ وہ کون سے حقوق ہیں جو خواتین کو نہیں دیے جارہے؟ اگر بات اسلام کے دیے گئے حقوق کی ہو، جیسے جائیداد میں حصہ تو واقعی کئی مقامات پر خواتین کو ان سے محروم رکھا جاتا ہے۔ ان معاملات پر بات ہونی چاہیے اور اس بات کو یقینی بنایا جانا چاہیے کہ اسلامی تعلیمات پر صحیح معنوں میں عمل کیا جائے۔ خواتین کے حقوق کی فراہمی ضروری ہے مگر مسائل کو حقیقت پسندی کے ساتھ دیکھنا چاہیے نہ کہ بیرونی ایجنڈے کے تحت غیرموجود مسائل پر بحث کی جائے۔ اصل ضرورت اسلامی اصولوں کی روشنی میں خواتین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کی ہے۔

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی اصول پسندی

وطنِ عزیز میں سیاستدانوں کو بحیثیت مجموعی محض اقتدار کی ہوس میں مبتلا بتایا جاتا ہے۔ سیاستدانوں کی لعنت ملامت کرتے ہوئے ہم بھول جاتے ہیں کہ جن دنوں مسلم اشرافیہ کی بے پناہ اکثریت برطانوی استعمار کی تشکیل کردہ سول اور ملٹری انتظامیہ میں بھرتی کو مرے جارہی تھی تو محمد علی جناح جیسے سیاستدانوں ہی کی بدولت پاکستان کا قیامِ عمل میں آیا تھا۔ قیامِ پاکستان کے بعد بھی ہماری تاریخ میں ایسے کئی واقعات رونما ہوئے جہاں چند سیاستدانوں نے انفرادی یا جماعتی حیثیت میں ہر نوع کے آمرانہ ہتھکنڈوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ طاقتوروں کے آگے نہ جھکنے کی وجہ سے بھٹو کو پھانسی لگی۔ خان غفار خان اور عبدالصمد اچکزئی جیسوں نے تقریباً ساری عمر جیلوں میں گزاردی۔ میاں افتخارالدین اور حسین شہید سہروردی جیسے قدآور رہنما افسردگی سے موت کی نذر ہوئے۔ سختیاں جھیلنے والوں کو مگر ہم یاد نہیں رکھتے۔ جیہڑا جتے اوہدے نال کا رویہ نہایت ڈھٹائی سے اپناتے ہیں۔ اس کے باوجود فقط سیاستدانوں ہی سے یہ توقع باندھتے ہیں کہ وہ آمرانہ رویوں کا مقابلہ کریں۔ مقابلہ کرنے والوں کو یاد نہ رکھنے کی عادت نے ہمارے سیاستدانوں کی اکثریت کو بھی اب بے دریغ انداز میں اصول بھول جانے کا عادی بنادیا ہے۔ مذکورہ تناظر میں سینیٹ کے موجودہ چیئرمین یوسف رضا گیلانی کو میں استثنا کی صورت دیکھنے کو مجبور ہوں۔ جنرل ضیا کی مجلس شوریٰ کا رکن ہونے کے بعد وہ 1985 کی نیشنل اسمبلی میں آئے تھے۔ انھیں ایک روایتی جاگیردار سیاستدان سمجھتا رہا جو طاقتور کو نہ کہنے کے جبلی طور پر قابل ہی نہیں ہوتا۔ ان کو قریب سے جاننے والے چند بزرگ سیاستدان اگرچہ مجھے بتاتے رہے کہ ملتان کے گیلانی خاندان میں کبھی کبھار باغیانہ خیال کے حامل افراد بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ برطانوی دور میں ضلع کونسل کی چودھراہٹ اہم ترین عہدوں میں شمار ہوتی تھی۔ اس منصب پر فائز ہونے کے لیے ضلع کے انگریز ڈپٹی کمشنر کی سرپرستی درکار تھی۔ گیلانی خاندان کے ایک بزرگ مگر انگریز ڈی سی کی سرپرستی کے بغیر ضلع کونسل کے چودھری منتخب ہوگئے۔ لوگوں کو چونکا دیا۔ 1985 کی اسمبلی میں پیرپگاڑا کی تھپکی کے ساتھ نوازشریف کو پنجاب کی وزارت اعلیٰ سے ہٹانے کے لیے ایک گیم لگی۔ جنرل ضیا نے براہِ راست مداخلت کے ذریعے نوازشریف کا کلہ بچایا۔ یوسف رضا گیلانی اس گیم میں اپنی ہار تسلیم کرنے کے بعد اچھے وقت کا انتظار کرنے لگے۔ بالآخر 1986 آیا تو پیپلز پارٹی میں شامل ہوکر وفاقی وزیر بن گئے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت مگر دو سال بعد ہی صدر اسحاق کے ہاتھوں برطرف کردی گئی۔ نئے انتخاب ہوئے تو نوازشریف اپنی مسلم لیگ کے ساتھ وزیراعظم کے دفتر پہنچ گئے۔ یوسف رضا گیلانی نے دیگر کئی روایتی سیاستدانوں کی طرح چڑھتے سورج کا ساتھ نہیں دیا۔ پیپلز پارٹی ہی میں ٹکے رہے۔ اس وابستگی نے مجھے حیران کیا۔ آصف علی زرداری 1990 کے انتخاب کے دوران قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔ صدر اسحاق نے اپنے احتساب کمشنر مرحوم روائیداد خان کے ذریعے انھیں مختلف کرپشن مقدمات کے تحت جیل میں ڈال دیا۔ سندھ کے وزیراعلیٰ جام صادق علی بھی پیپلز پارٹی سے ناراض ہوکر اسحاق خان کے کارندے بن چکے تھے۔ انھوں نے جاگیردارانہ منتقم المزاجی کے ساتھ ان پر سندھ میں مزید کئی مقدمات قائم کرکے زرداری صاحب کو تاعمر جیل میں رکھنے کا عہد باندھ رکھا تھا۔ دنیا کے کئی جمہوری ملکوں میں سنگین ترین جرائم کے تحت گرفتار ہوئے رکن پارلیمان کو بھی یہ حق دیا جاتا ہے کہ وہ پارلیمان کے اجلاس کے دوران اپنے لوگوں کی نمائندگی کے لیے وہاں موجود ہو۔ گرفتار شدہ رکن کی ایوان زیریں یا بالا میں حاضری یقینی بنانے کے لیے مذکورہ ایوانوں کے سربراہ پروڈکشن آرڈر جاری کرتے ہیں۔



1990 کی قومی اسمبلی کے سپیکر عمر ایوب خان کے والد گوہر ایوب خان تھے۔ وہ اسمبلی کا ہر اجلاس شروع ہوتے ہی پیپلز پارٹی کے مطالبے پر آصف علی زرداری کی اس میں موجودگی یقینی بنانے کے لیے پروڈکشن آرڈر جاری کرتے۔ جام صادق علی مگر میری قید میں موجود مجرم کو اسلام آباد بھیجنے سے انکار کردیتے۔ ان کے انکار کو صدر غلام اسحاق خان کی کامل پشت پناہ میسر ہوتی۔ کئی مہینوں تک جام صادق علی کے ہاتھوں زچ ہونے کے بعد محترمہ بے نظیر بھٹو اور گوہر ایوب خان کے مابین ایک تفصیلی ملاقات ہوئی۔ مذکورہ ملاقات کو ان دنوں کے وزیر اعظم نوازشریف کی خفیہ تائید بھی حاصل تھی۔ بالآخر فیصلہ یہ ہوا کہ کسی گرفتار رکن اسمبلی کی ایوانِ زیریں کے اجلاس میں موجودگی یقینی بنانے کے لیے اسمبلی کے قواعد میں ایسی زبان کے ساتھ کوئی نئی شق ڈالی جائے جو جام صادق علی جیسے افراد کو اس ضمن میں بے اثر بنا سکے۔ کئی مہینوں کی جدوجہد کے بعد متعارف ہوئی اس شق کی بدولت بالآخر آصف علی زرداری جیل سے قومی اسمبلی کے اجلاسوں میں آنا شروع ہوگئے۔ وقت 1993 میں لیکن بدل گیا۔ صدر اسحاق نے محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت برطرف کرنے کے بعد نوازشریف کی پہلی حکومت کو بھی اس برس کے اپریل میں برطرف کردیا۔ نئے انتخاب ہوئے تو محترمہ بے نظیر بھٹو وزارت عظمیٰ کے منصب پر لوٹ آئیں۔ یوسف رضا گیلانی قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوکر اس کے سپیکر بن گئے۔ 1993 کی اسمبلی میں اپوزیشن بنچوں پر راولپنڈی کی لال حویلی سے اٹھے بقراطِ عصر بھی موجود ہوا کرتے تھے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو جب بھی بطور وزیر اعظم قومی اسمبلی کے اجلاس میں داخل ہوتیں تو گلی کے لونڈوں کی طرح ان پر فقرے اچھالتے۔ ایک بار موصوف نے محترمہ کے لباس کی مناسبت سے انتہائی بے ہودہ فقرہ کہا۔ جب وہ یہ فقرہ ادا کررہے تھے تو فواد چودھری کے تایا- چودھری الطاف حسین- بطور گورنر پنجاب مہمانوں کی گیلری میں موجود تھے۔ محترمہ کی تقریر کے بعد ان کی وزیر اعظم سے ملاقات تھی۔ ان کے لیے مگر انھیں انتظار کرنا پڑا کیونکہ بقراطِ عصر کے رکیک جملوں نے محترمہ کو بددل کردیا تھا۔ محترمہ سے ملتے ہی چودھری الطاف نے غصیلے جاٹ کی طرح وعدہ کیا کہ وہ بقراطِ عصر کی بدزبانی کا بدلہ لیں گے۔ اپنا عہد نبھانے کے لیے چودھری صاحب نے اسی رات بدزبان بقراط کی لال حویلی سے ممنوعہ بور کی بندوق بذریعہ پنڈی پولیس برآمد کروالی۔ ممنوعہ بور کا غیرقانونی اسلحہ رکھنے کے الزام میں بقراطِ عصر پر انسداد دہشت گردی کی عدالت میں تیز رفتاری سے مقدمہ چلا۔ قید بامشقت کی سزا سنانے کے بعد انھیں قیدیوں سے مختص لباس پہنوا کر بہاولپور جیل بھیج دیا گیا۔ قومی اسمبلی کے مگر وہ ابھی بھی رکن تھے۔ جب قومی اسمبلی کا اجلاس ہوتا تو مسلم لیگ لال حویلی کے بدزبان کے لیے پروڈکشن آرڈر کا تقاضا کرتی۔ یوسف رضا گیلانی کی جانب سے جاری ہونے کے باوجود مگر اس پر عمل درآمد نہ ہوتا کیونکہ اب کی بار پنجاب کا مہاراجہ ہوئے چودھری الطاف اپنا قیدی اسلام آباد بھیجنے کو تیار نہ ہوتے۔ یوسف رضا گیلانی کو پیپلز پارٹی میں شامل جی حضوری بھی تنہائی میں لال حویلی کے مکین کی بدزبانیاں یاد دلاتے۔ گیلانی صاحب کا مگر ایک ہی جواب ہوتا اور وہ یہ کہ اسمبلی کے قواعد گرفتار رکن پارلیمان کی قومی اسمبلی کے اجلاس میں موجودگی کا تقاضا کرتے ہیں اور یہ اصول پیپلز پارٹی کی محنت ولگن سے مضبوط ہوا تھا۔ وہ پروڈکشن آرڈر جاری کرتے رہے۔ چودھری الطاف حسین ان کی حکم عدولی کو مصر رہے تو گیلانی صاحب نے نہایت خاموشی وبردباری سے قومی اسمبلی کے اجلاس کی صدارت سے غائب رہنا شروع کردیا۔ ان کی عدم موجودگی حکومت کے لیے سبکی کا باعث ہوئی۔ بالآخر بدزبان نے محترمہ کو چند لوگوں کے ذریعے یقین دلایا کہ اگر انھیں پروڈکشن آرڈر کے ذریعے قومی اسمبلی کے اجلاس میں آنے دیا گیا تو وہ خاموش رہا کریں گے۔ اس یقین دہانی کے بعد گیلانی صاحب کے پروڈکشن آرڈر پر عمل درآمد ہونا شروع ہوگیا۔ وقت ایک بار پھر بدل چکا ہے۔ یوسف رضا گیلانی ان دنوں چیئرمین سینیٹ ہیں۔ حکومت مسلم لیگ (ن) کی ہے اور اپوزیشن میں تحریک انصاف بیٹھی ہے جو اپنے ساڑھے تین سالہ دورِ اقتدار کے دوران گرفتار رکن قومی اسمبلی کی پارلیمان کے اجلاسوں میں موجودگی کو قانون سب کے لیے برابر والے اصول کی نفی قرار دیتے ہوئے اسے ناممکن بناتی رہی۔ وقت مگر بہت ہی ظالم ہے۔ ان دنوں تحریک انصاف کے ایک سینیٹر- اعجاز چودھری 9 - مئی کے حوالے سے کئی ماہ سے جیل میں ہیں۔ جیل میں ہوتے ہوئے بھی لیکن وہ منتخب سینیٹر ہیں۔ تحریک انصاف نے سینیٹ کے اجلاس میں ان کی موجودگی کا مطالبہ کیا تو یوسف رضا گیلانی نے 13 جنوری کو ان کا پروڈکشن آرڈر جاری کردیا۔ ان کے حکم پر عمل نہ ہوا تو سینیٹ کے اجلاسوں کی صدارت کرنا ویسے ہی چھوڑ دی جیسے بطور سپیکر قومی اسمبلی محترمہ کی دوسری حکومت کے دوران کیا کرتے تھے۔ 6 مارچ کو مگر حکومت نے تحریک انصاف کے ایک اور سینیٹر عون عباس بپی کو بھونڈے انداز میں گرفتار کرلیا۔ پولیس اگر کسی رکن پارلیمان کو گرفتار کرے تو اس واقعہ کی اطلاع قومی اسمبلی کے سپیکر یا سینیٹ چیئرمین کو فراہم کرنا لازمی ہے۔ عون عباس ہی کے حوالے سے اس روایت کو بھی بھلادیا گیا۔ اسی باعث یوسف رضا گیلانی طویل وقفے کے بعد جمعہ کے روز میڈیا کے روبرو آئے اور واضح الفاظ میں اعلان کردیا کہ وہ سینیٹ کے ہفتے کے دن ہونے والے اجلاس میں اعجاز چودھری اور عون عباس کی موجودگی یقینی بنانے کے لیے پروڈکشن آرڈر جاری کرچکے ہیں۔ ان پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت حکومت کو مشکلات کا سامنا کرنا ہوگا۔ ہفتے کی صبح میں بستر سے نکلنے میں ہمیشہ بہت دیر لگاتا ہوں۔ اب کی بار مگر بروقت سینیٹ پہنچ گیا۔ مقصد فقط یہ دیکھنا تھا کہ یوسف رضا گیلانی میں اپنا عہد نبھانے کا دم خم باقی رہ گیا ہے یا نہیں۔ مجھے یہ لکھتے ہوئے خوشی محسوس ہورہی ہے کہ چیئرمین سینیٹ نے نتائج کی پروا کیے بغیر اپنا قول نبھایا۔ ان کے رویے نے مجھے امید پرست منو بھائی کی بیان کردہ اجے قیامت نہیں آئی کی یاد دلادی ہے۔

آج کے دور میں انسانیت سوز گھناؤنا واقعہ

کچھ دن قبل بین الاقوامی جریدے میں ایک خبر پڑھی تو رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ چکوال انٹرچینج کے نواحی گاں میں جائیداد پر قبضہ کی خاطر اپنے ہی خونی رشتہ داروں نے انکے والدین کی وفات کے بعد دو بہن بھائیوں کو دو سال گھر میں مقید رکھا۔ بااثر و بے رحم انسان نما درندوں کے جبر وستم سے دونوں بہن بھائی ذہنی وجسمانی مفلوج ہوگئے جن میں سے لڑکی جبر وستم سہتے سہتے مرگئی جبکہ چکوال پولیس کو اطلاع ملنے پر لڑکا بازیاب کرا کے ملوث سنگ دل ظالم ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اگر اسلام آباد لاہور موٹروے سے چکوال انٹرچینج سے نیچے اتریں تو آپ کو دائیں جانب تھانہ نیلہ ملے گا، اس تھانے میں یکم فروری کو ایک گم نام خط موصول ہوا جس میں انکشاف کیا گیا گھکھ گاں کی ایک حویلی میں ایک لڑکی اور لڑکا دو سال سے بند ہیں، کوئی خاتون ہر دوسرے دن کھڑکی کے ذریعے انھیں کھانا دے جاتی ہے، یہ دونوں آخری سانسیں لے رہے ہیں، یہ خط بارہ دن پولیس کی فائلوں میں گردش کرتا رہا، بہرحال قصہ مختصر 12 فروری کو پولیس گاں پہنچ گئی، گھکھ تھانہ نیلہ سے 25 کلومیٹر دور ہے، جنرل فیض حمید کی مہربانی سے گاں تک سڑک بن گئی تھی، پولیس حویلی تک پہنچی تو اسے حویلی کے ایک کمرے میں بستر پر ایک لڑکی کی نو دس دن پرانی لاش ملی۔ لاش کے اوپر رضائیاں اور دریاں پڑی تھیں، لڑکی کی موت بظاہر بھوک اور سردی کی وجہ سے ہوئی تھی، وہ مکمل طور پر ہڈیوں کا ڈھانچہ تھی، اس کا کل وزن 10 سے 15 کلو تھا، کمرے میں روٹی کے ٹکڑے بھی پڑے ہوئے تھے جب کہ کونے میں لڑکی کا پاخانہ تھا جو ثابت کرتا تھا وہ کمرے میں بول و براز کرتی تھی، اس کے جسم پر پھٹے پرانے اور بدبودار کپڑے تھے جن سے محسوس ہوتا تھا اس نے سال ڈیڑھ سال سے کپڑے نہیں بدلے، بال اور ناخن بھی بڑھے ہوئے تھے اور لڑکی نے مدت سے غسل بھی نہیں کیا تھا، پولیس نے دوسرہ کمرہ کھلوایا تو اس سے ایک نوجوان لڑکا ملا، وہ پولیس کو دیکھ کر چھپنے کی کوشش کرنے لگا، پولیس نے بڑی مشکل سے اسے یقین دلایا ہم تمہاری مدد کے لیے آئے ہیں، لڑکے کی حالت بھی خستہ تھی، جسم سے بدبو آرہی تھی، بال گندے اور لمبے تھے اور ان میں جوئیں پڑی ہوئی تھیں، اس کا جسم بھی ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا، وہ نقاہت سے کھڑا تک نہیں ہو پارہا تھا، یہ بھی بول و براز کمرے میں کرتا تھا، اس کا کمرہ انتہائی خراب اور گندہ تھا، بستر بھی غلیظ تھا، پولیس فوری طور پر لاش اور نوجوان کو تھانے لے گئی۔ نوجوان کو گرم پانی سے غسل دیا گیا، بال اور ناخن تراشے گئے اور اسے نئے کپڑے پہنائے گئے، اسے اچھی خوراک بھی دی گئی، یہ برسوں کا بھوکا تھا لہٰذا یہ جانوروں کی طرح خوراک پر پل پڑا، نوجوان کی طبیعت ذرا سی سنبھلی تو اس نے ہول ناک اسٹوری سنائی، اس کے والد کا نام چوہدری زرین تاج تھا، وہ شریف آدمی تھے، گاں کے لوگ ان کی عزت کرتے تھے، دو سال پہلے ان کا انتقال ہوگیا، والدہ کا انتقال ان سے پہلے ہوچکا تھا، نوجوان کا نام حسن رضا ہے، اس کی عمر 32 سال ہے، لڑکی اس کی بہن تھی اور اس کا نام جبین تھا، عمر 25 سال تھی، لڑکی نے بی ایس سی کر رکھا تھا اور میٹرک میں اس نے راولپنڈی ریجن میں ٹاپ کیا تھا، وہ انتہائی محنتی اور ذہین بچی تھی، دونوں بہن بھائیوں کو وراثت میں 950 کنال زمین ملی، زمین ذرخیز اور قیمتی تھی، والدین کے بعد بہن بھائی اکیلے رہ گئے۔ ان کے تایا کے بیٹے تعداد اور اثرورسوخ میں زیادہ تھے لہٰذا تایا زاد چوہدری عنصر محمود نے اپنے بھائیوں اشرف اور شکیل کی مدد سے ان کی زمین پر قبضہ کرلیا اور دونوں بہن بھائی کو پاگل مشہور کرکے حویلی میں بند کردیا، یہ علاج کے نام پر انھیں ایسی دوائیں بھی دیتا رہتا تھا جس سے ان کا ذہنی توازن بگڑ جائے یا یہ فوت ہوجائیں، دونوں بہن بھائی کو دو سال دو مختلف کمروں میں بند رکھا گیا، انھیں

نوائے عامر
kh.amirjaved@gmail.com
0333-8604509
خواجہ عامر جاوید

کپڑے دیے جاتے تھے اور نہ گرمیوں میں پنکھا اور سردیوں میں رضائی، کھڑکی سے ان کے کمرے میں روزانہ ایک ایک روٹی اور تھوڑا سا سالن اندر پھینک دیا جاتا تھا، یہ بول و براز بھی کمرے میں کرتے تھے، ملزم بااثر تھے، چناں چہ گاں کے لوگوں نے ڈر کر ہونٹ سی لیے اور خاموشی سے یہ ظلم دیکھتے رہے، اس دوران زمین تایا زاد بھائیوں کے قبضے میں رہی، یہ اس پر کھیتی باڑی بھی کراتے رہے اور انھوں نے ان کے 65 لاکھ روپے کے درخت بھی بیچ دیے۔ لڑکی جبین طویل ظلم برداشت نہ کرسکی، یہ فروری کے شروع میں فوت ہوگئی اور اس کی لاش 9 دن کمرے میں پڑی رہی جب کہ لڑکا زندگی کی سرحد پر بیٹھ کر موت کا انتظار کررہا تھا، یہاں تک کہ گاں کے کسی شخص کو ان پر رحم آگیا اور اس نے تھانے میں گم نام خط لکھ دیا، بہن بھائی کی دوسری خوش نصیبی نیا ڈی پی او تھا، احمد محی الدین ٹرانسفر ہوکر چکوال آگیا، یہ ڈی پی او کے ساتھ ساتھ ٹک ٹاکر بھی ہے۔ انسان دوستی کیلئے مشہور ڈی پی او احمد محی الدین کے نوٹس میں جب خط آیا تو اس نے فوری طور پر پولیس ایکشن کا حکم دے دیا یوں دونوں بہن بھائی مل گئے، ڈی پی او اب علاقے کے بااثر لوگوں کا دبا برداشت کررہا ہے، نوجوان حسن رضا پولیس کی حفاظت میں ہے، یہ ٹراما کا شکار ہے، پولیس اس کا علاج بھی کرارہی ہے اور اس کی حفاظت بھی کررہی ہے، یہ اس واقعے کا واحد گواہ اور مدعی ہے اگر خدانخواستہ اسے کچھ ہوگیا تو پھر ملزمان بڑی آسانی سے بری ہو جائیں گے، پولیس نے پہلے مرکزی ملزم عنصر محمود اور پھر اس کے دونوں بھائیوں اشرف اور شکیل کو گرفتار کرلیا، ملزم اس وقت ریمانڈ پر پولیس کی حراست میں ہیں۔ چکوال کے اس واقعے کے دو ورژن ہیں، پہلا ورژن میں بیان کرچکا ہوں، یہ ورژن جب سامنے آیا تو میڈیا گھکھ گاں پہنچ گیا، رپورٹرز اور کیمرے دیکھ کر گاں کے لوگوں نے گھروں کے دروازوں پر باہر سے تالے لگائے اور چھپ کر اندر بیٹھ گئے، اس کا مطلب ہے لوگ ملزموں کے اثر میں ہیں اور کسی میں ان کے خلاف بولنے کی ہمت نہیں اگر ملزموں پر غلط الزام تھا تو لوگوں کو گواہی دینی چاہیے تھی اور اگر الزام سچا تھا تو بھی لوگوں کو بولنا چاہیے تھا لیکن لوگ غائب ہو گئے، ان کا غائب ہو جانا بھی ایک ثبوت ہے، دوسرا ورژن یہ دونوں بہن بھائی پاگل ہیں، یہ لوگوں پر حملے کردیتے تھے، پتھر بھی مارتے تھے اور ڈنڈوں سے بھی لوگوں پر حملہ کرتے تھے لہٰذا ان کے کزنز نے انھیں حویلی میں بند کرکے ان کا علاج شروع کرادیا، یہ ان کی ٹیک کیئر بھی کرنے لگے، یہ بات بھی درست ہوسکتی ہے لیکن یہاں تین سوال پیدا ہوتے ہیں۔ اگر یہ لوگ ذہنی مریض تھے تو پھر لڑکی نے میٹرک میں پوزیشن کیسے لی اور یہ اچھے نمبروں سے بی ایس سی کیسے کرگئی، دوسرا اگر کزنز ان کا علاج کررہے تھے یا ان کی ٹیک کیئر کررہے تھے تو پھر یہ کس قسم کا علاج اور کیئر تھی جس میں دونوں کو حویلی کے کمروں میں بند کردیا گیا تھا اور انھیں کپڑے اور ضروریات کا سامان تک نہیں دیا جارہا تھا، یہ کمرے ہی میں بول و براز کرتے تھے، دو سال پرانے، گندے اور بدبودار کپڑے پہنتے تھے اور انھیں کھڑکی سے خشک روٹی اور تھوڑا سا سالن ملتا تھا اگر یہ علاج اور کیئر تھی تو پھر ظلم اور زیادتی کیا ہوگی؟ آپ لڑکی کی لاش کو بھی اس سوال میں شامل کرلیں، لڑکی کو مرے ہوئے سات سے نو دن ہوگئے تھے لیکن کیئر اور علاج کرانے والوں نے اس کی تدفین مناسب سمجھی اور نہ انھیں اس کی موت کی اطلاع ملی۔ ان بے چاروں کو غسل تک نہیں کرایا جاتا تھا اور ان کے بال اور ناخن بھی نہیں تراشے جاتے تھے، کیا اس کو کیئر کہا جاسکتا ہے؟ اور تیسرا سوال علاج اور اس کیئر کے دوران ان کی جائیداد اور زمین کس کے قبضے میں رہی، وہ کون تھا جس نے ان کے 65 لاکھ روپے کے درخت بیچ دیے اور ان کی 950 کنال زمین پر کاشت کاری کرتا رہا، میرا خیال ہے اگر ان سوالوں کے جواب تلاش کرلیے جائیں تو کیس کا فیصلہ ہو جائے گا، میں یہاں ایک اور بات کا اضافہ بھی کرتا چلوں، آپ کسی بھی نارمل شخص کو سال چھ ماہ کسی کمرے میں بند کردیں وہ پاگل ہوجائے گا لہٰذا ملزمان کے لیے حسن رضا کو پاگل ثابت کرنا بہت آسان ہے اور یہ لوگ کسی بھی وقت اچھا وکیل کرکے اس بے چارے مظلوم کو عدالت میں پاگل ثابت کرکے رہا ہو جائیں گے۔ ہم اگر اس واقعے کا تجزیہ کریں تو تین چیزیں سامنے آتی ہیں، اول ہم انسانوں کا معاشرہ نہیں ہیں یہاں انسانی شکل میں ایک سے بڑھ کر ایک درندہ پھر رہا ہے اور جب اس کے اندر سے جانور باہر آتا ہے تو یہ جنگلوں کو بھی شرما دیتا ہے، دوم، والدین صاحب جائیداد اور رئیس ہوں تو پھر انھیں اپنے ساتھ ساتھ اپنے بچوں کو بھی تگڑا بنانا چاہیے، حسن رضا اور جبین کے والد کو اگر احساس ہوتا تو یہ ان کے سروں پر کوئی ایسا آسرا چھوڑ جاتا جو ان کی حفاظت کرتا رہتا، میرا خیال ہے والد اپنے بھتیجوں کے عزائم کا ادراک نہیں کرسکا ہوگا جس کے نتیجے میں اس کی اولاد کزنز کے ہاتھوں ذلیل ہوکر رہ گئی اور سوم ہماری پولیس اور حکومت کے سسٹم میں بے شمار خرابیاں ہیں، ہم آج تک کوئی ایسی ہیلپ لائن، پورٹل یا کوئی ایسا ایڈریس تخلیق نہیں کرسکے جہاں لوگ گم نام خط لکھ کر دائیں بائیں ہونیوالے مظالم یا جرائم کی اطلاع دے سکیں۔ مریم نواز کو چاہیے وہ فوری طور پر جبین کے نام سے ایک ہیلپ لائن تخلیق کردیں اور تمام موبائل فون کمپنیوں کو پابند کردیں یہ ہیلپ ایپ ان کے پیکیج کا حصہ ہوگی، حکومت یہ بھی ڈکلیئر کردے اس ہیلپ لائن پر فون کرنے والے شخص کا نام، نمبر اور پتہ ہمیشہ راز رہے گا، اسے کسی جگہ گواہی کے لیے بھی نہیں بلایا جائے گا تاکہ لوگ ظلم کے خلاف بے خوف ہوکر سیٹی بجاسکیں اور آخری بات، یہ ہیں ہم اور ہمارا سماج لیکن ہم اس سماج کے ساتھ اس ملک میں فرشتوں کی حکومت چاہتے ہیں، کیا یہ ہمارے لیے ڈوب مرنے کا مقام نہیں؟

آئی ایم ایف کا سرکاری ملازمین فارغ کرنے کا مطالبہ

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے مبینہ طور پر پاکستان کے مالیاتی خسارے کو کم کرنے اور معاشی استحکام کو بحال کرنے کی وسیع تر کوششوں کے تحت پنجاب حکومت سے 30,000 ملازمین کو فارغ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد ممکنہ طور پر حکومت کے مالیات پر عوامی شعبے کی ایک بڑی افرادی قوت کے مالی بوجھ کو کم کرنا ہے۔ آئی ایم ایف اقتصادی اصلاحات کے نفاذ اور ملکی معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ آئی ایم ایف کے مطالبات معاشی اصلاحات کے ایک بڑے پیکج کا حصہ ہیں جس پر پاکستان نے بیل آوٹ پیکج کے بدلے عمل درآمد پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ان اصلاحات کا مقصد پاکستان کے مالیاتی خسارے کو کم کرنا، ٹیکس محصولات میں اضافہ اور پبلک سیکٹر کی مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ پنجاب حکومت نے IMF کے مطالبات کی عوامی طور پر تصدیق نہیں کی ہے، اور یہ واضح نہیں ہے کہ حکومت مجوزہ برطرفیوں کو کس طرح نافذ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تاہم، صوبے میں روزگار اور سماجی استحکام پر ممکنہ اثرات کے پیش نظر یہ اقدام متنازعہ ہونے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کے مطالبے کے مطابق پنجاب حکومت کے 30 ہزار ملازمین کو فارغ کرنے کے فیصلے کے اہم سیاسی اثرات مرتب ہونے کا امکان ہے۔ اس اقدام سے حکومت کے سیاسی تاثر اور کاسٹ کو نقصان پہنچ سکتا ہے، خاص طور پر متاثرہ ملازمین اور ان کے خاندانوں کے درمیان اس فیصلے کو اپنے ملازمین کے ساتھ حکومت کی وابستگی کے ساتھ غداری کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے اور اس سے بڑے پیمانے پر عدم اطمینان اور احتجاج ہوسکتا ہے۔ یہ بالآخر حکومت کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور عوامی اعتماد کو ختم کرسکتا ہے۔



مزید برآں، یہ اقدام پنجاب میں موجودہ سماجی اور معاشی تناو کو بھی بڑھا سکتا ہے، خاص طور پر دیہی علاقوں میں جہاں سرکاری ملازمتوں کو اکثر استحکام اور تحفظ کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے۔ پنجاب کے پیچیدہ سماجی وسیاسی منظرنامے کے تناظر میں، جہاں ذات پات، نسل اور علاقائی شناخت جیسے عوامل سیاسی حرکیات کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس فیصلے کے بہت دور رس نتائج ہو سکتے ہیں۔ پنجاب حکومت کو واقعی نتائج کا سامنا ہے، ماہرین پنجاب حکومت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کئی حل تجویز اصلاحات کو بتدریج نافذ کریں، ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دیتے ہوئے اور خلل کو کم سے کم کریں۔ ملازمین کو نئے کرداروں اور ذمہ داریوں کے مطابق ڈھالنے میں مدد کے لیے تربیتی پروگرام پیش کریں۔ افرادی قوت کو کم کرنے کے لیے رضاکارانہ ریٹائرمنٹ کی سکیموں کی پیشکش کریں بغیر بڑے پیمانے پر چھانٹیوں کا سہارا لیے۔ بیوروکریسی کی نااہلیوں کو کم کرنے اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے کیلئے ساختی اصلاحات کو نافذ کریں میرٹ کی بنیاد پر بھرتی کے طریقے متعارف کروائیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ قابل عملہ کلیدی عہدوں پر تعینات ہے۔ ملازمین کی پیداواری صلاحیت اور کارکردگی کا اندازہ لگانے کے لیے کارکردگی پر مبنی تشخیصی نظام قائم کریں۔ معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے مالیاتی نظم وضبط، حکومتی اخراجات میں کمی، اور ٹیکس محصولات میں اضافے کی سفارش کریں۔ اصلاحات کے ہموار نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے اپوزیشن جماعتوں سمیت اسٹیک ہولڈرز کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنے کی تجویز کریں۔ کمزور آبادی پر اصلاحات کے سماجی اور اقتصادی اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے، فیصلہ سازی کے جامع عمل کی ضرورت پر زور دیں۔ ماہرین کی ان آرا اور حل پر غور کرکے پنجاب حکومت چیلنجز سے نمٹنے اور موجودہ بحران سے نکلنے کا راستہ نکال سکتی ہے۔ کسی بھی سیاسی حکومت کے لیے بہتر انتظامی خدمات کی فراہمی اور پائیدار ترقی کے حصول کے لیے اچھی حکمرانی اور موثر مالیاتی انتظام بہت ضروری ہے۔ شہریوں کے لیے قابل رسائی معلومات کے ساتھ فیصلہ سازی کا صاف اور کھلا عمل۔ سرکاری اہلکاروں کو ان کے اعمال اور فیصلوں کے لیے جوابدہ بنانے کا طریقہ کار۔ جامع اور شراکتی فیصلہ سازی کا عمل، جس میں شہریوں اور اسٹیک ہولڈرز شامل ہوں۔ مضبوط ادارے اور قوانین جو انصاف، مساوات اور انسانی حقوق کو یقینی بناتے ہیں۔ مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لیے ہموار عمل اور وسائل کا موثر استعمال۔ واضح ترجیحات اور مختص کے ساتھ حقیقت پسندانہ اور شفاف بجٹنگ۔ کم سے کم رساو اور بدعنوانی کے ساتھ محصولات کی موثر وصولی اور انتظام۔ پیسے کی قدر پر توجہ کے ساتھ وسائل کی موثر تقسیم اور استعمال۔ احتساب اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ آڈٹ اور نگرانی کا طریقہ کار۔ بہتر انتظامی خدمات، بشمول صحت کی دیکھ بھال، تعلیم، اور انفراسٹرکچر۔ سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ، معاشی استحکام، اور پائیدار ترقی۔ عدم مساوات میں کمی، سماجی انصاف میں بہتری، اور شہریوں کے اعتماد میں اضافہ۔ قدرتی وسائل کا موثر انتظام، آلودگی میں کمی، اور آب وہوا کی لچک۔ اچھی حکمرانی اور موثر مالیاتی انتظام کو ترجیح دے کر، حکومتیں شہریوں، کاروباروں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک مستحکم اور خوشحال ماحول بنا سکتی ہیں۔

عورت مارچ اور مغربی تہذیب کی یلغار

عورت مارچ کے بعد کچھ لکھنے کو دل کیا، سو الفاظ حاضر ہیں۔ دنیا بھر میں ہر سال آٹھ مارچ کو خواتین کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ اسی دن کی مناسبت سے پاکستان کے مختلف شہروں میں عورت مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ عورت مارچ کی شرکا میں مغربی تہذیب کی یلغار خوب نظر آئی۔ عورت مارچ کی شرکا نے سر پر دوپٹہ تک نہیں لیا تھا بلکہ تنگ جینز اور ٹی شرٹس پہن رکھی تھیں۔ میرا جسم میری مرضی نعرے کے علاوہ بھی بہت سے دیگر نعرے بھی لگائے گئے جس میں تیرا باپ بھی دے گا آزادی، تیرا جنرل بھی دے گا آزادی، تیرا ملاں بھی دے گا آزادی، مریم بھی دے گی آزادی کے نعرے سننے میں آئے۔ اس کے علاوہ عورت مارچ کی شرکا نے جمہوریت وعدلیہ کے علاوہ اقلیتوں کے علامتی جنازے بھی نکالے۔ یہ سب کچھ دیکھ کر دل کو بہت ٹھیس پہنچی کہ ہماری ریاست کتنی بے بس ہے کہ انہیں روک ہی نہیں سکتی۔ ان عورت مارچ والوں نے قانون کی خوب دھجیاں اڑائیں اور ریاست کو چیلنج کیا، یہ سب کام



اتنی دیدہ دلیری کے ساتھ کیسے ممکن ہوا؟ کیا ہمارے تمام ریاستی ادارے انہیں روکنے میں فیل ہوچکے ہیں؟ نہیں تو پھر ان کے خلاف آخر کوئی ایکشن کیوں نہیں ہوا؟ عورت مارچ کی شرکا نے مختلف پوسٹر اٹھائے ملی، مذہبی اور مشرقی روایات کے منافی مطالبات کیے جن کا تذکرہ کرنے سے میرا قلم قاصر ہے۔ ایک مرد ہونے کی حیثیت سے اگر حقیقت عرض کروں تو عورتیں حجاب میں ہی اچھی لگتی ہیں۔ عورتوں میں ماں، بہن، بیٹی، بیوی وغیرہ سب شامل ہیں۔ یاد رہے، حجاب لینے یا دلوانے کا مطلب یہ ہے کہ نہ صرف آپ خود اچھے یا اچھی ہیں بلکہ آپ کا تعلق کسی عالی ظرف خاندان سے ہے جو اعلیٰ مذہبی اقدار کا حامل ہے۔ آپ کا کردار ہی آپ کی اور آپ کے خاندان کی پہچان کرواتا ہے۔ کچھ عورتیں حجاب اس لیے نہیں کرتیں کہ انہیں لگتا ہے کہ حجاب ان پر سوٹ نہیں کرتا، جچتا نہیں، حجاب میں آپ بھلے دنیا کو اچھی لگیں نہ لگیں اللہ کو بہت اچھی لگتی ہیں اور حجاب تو دنیا کی بری نظروں سے بچنے کے لیے ہے۔ قرآن مجید، خانہ کعبہ اور اولیا کرام کے مزارات کے غلاف سے تو یہی پتہ چلتا ہے کہ جس طرح یہ چیزیں دیگر چیزوں سے منفرد اور اعلیٰ ہیں، اسی طرح مسلمان عورتیں بھی دیگر عورتوں سے منفرد اور اعلیٰ ہیں اسی لیے ان کے لیے حجاب ضروری ہے مگر افسوس آج کل مغربی تہذیب کی یلغار نے ہمیں تباہ کردیا ہے۔ آج دین اور حیا سے بغاوت کو لبرل لوگوں کے نزدیک آزادی سمجھا جارہا ہے اور پردے کی جگہ بے لباسی کو ترقی کہا جارہا ہے، حالانکہ یہ آزادی نہیں بلکہ یہ سراسر بے راہ روی ہے۔ اگر بے راہ روی اور فحاشی کو آزادی دے دی جائے تو معاشرتی بگاڑ پیدا ہوگا۔ اسلام نے عورت کو بے پناہ حقوق اور عزت سے نوازا ہے، ماں کے روپ میں جنت کی ضمانت دی، بیٹی کے روپ میں اسے رحمت بنایا، اور اسے بیوی کے روپ میں محبت وسکون کا ذریعہ قرار دیا۔ ہم عورت کو وہ تمام حقوق، عزت اور مقام دیں جو اسلام نے انہیں عطا کیا ہے، تاکہ وہ محفوظ، مطمئن اور باوقار زندگی گزار سکیں۔ اللہ کریم سے دعا ہے کہ وہ ہمیں مغربی تہذیب کی یلغار سے محفوظ رکھے۔

عالمی یوم خواتین۔۔۔۔اصل اہداف

رب العالمین نے انسانوں کے رہنے بسنے کے لیئے کرہ ارضی کی تخلیق کی، پہاڑوں سے اسے اپنی جگہ جمایا اور انسانوں کو پرسکون زندگی گزارنے کے لیئے گھر عطا فرمائے اور ان گھروں کو بسے رہنے اور انہیں سکون کا گہوارہ بنانے میں عورت کو مرکزی حیثیت دے گئی ہے عالمی یوم خواتین دنیا بھر کی خواتین کے حقوق کی آواز بلند کرنے کے لیئے منایا جاتا ہے، عورت کے حقوق کی بات کی جائے تو ارض فلسطین کی مظلوم اور ظلم وستم کا شکار خواتین، جنھوں نے جان مال اولاد گھر بار اور ہر طرح کا نقصان برداشت کیا بنیادی ضروریات زندگی کی طرف سے سخت آزمائش اٹھائی غم والم سہے اس وقت یوم خواتین کا عنوان ہیں ان کی

ڈاکٹر حمیرا طارق

استقامت، بہادری، جرات اور ناقابل تسخیر صبر وتحمل کی دنیا گواہ ہے ارض کشمیر کا سلگتا ہوا مسئلہ اور کشمیری خواتین کی لامتناہی جدوجہد بھی سخت توجہ کی طلبگار ہے عالمی یوم خواتین عورت کے حقوق کی پامالی کے شعور کا دن ہے، اول روز سے آج تک خاندانوں کا استحکام عورت ہی کے گرد گھومتا ہے عورت رب کی نازک تخلیق نازک جذبات سے گندھی اپنی ہر حیثیت میں قابل تکریم اور احترام کی حقدار ہے، جہالت کے ہر دور میں عورت کی کمزور جسمانی حیثیت کے باعث تحقیر اور ظلم وستم کا نشانہ بنایا گیا لیکن اسلام وہ واحد مذہب جس نے اس کو حقوق بھی دیئے اور ان حقوق کا تحفظ اور ان کے ادائیگی کو بھی یقینی بنایا، صرف اسلام عورت کو تحفظ کا وہ حصار عطا کرتا ہے جو اس کو معاشرے میں معزز مقام دیتا ہے، اسلام نے تمام رشتوں میں عورت کو مرکزی حیثیت دے کر خاندان کے تحفظ، تربیت اور تعمیر کا مرکز بنادیا۔ عورت کے تمام حقوق کی پاسداری دراصل گھر جیسے بنیادی یونٹ کا پھلنا پھولنا ہے، آج کی عورت مغربی پروپیگنڈہ کا شکار ہوگئی اس نے اپنی حیثیت اور مقام سے ہٹ کر، مرد کے اس مقام میں مساوات کا مطالبہ کردیا جو کہ مرد کو قوام اور ذمہ دار بنا کر اس کے کندھوں پر بھاری بوجھ ڈالا گیا تاکہ وہ اپنے خاندان اور گھروں کا نہ صرف تحفظ کرسکے بلکہ اسے مضبوط بنیادوں پر قائم رکھے اسلام نے مرد وعورت کو مقابل نہیں کھڑا کیا ہے بلکہ ایک دوسرے کا ساتھی و مددگار بنایا ہے عورت کی نام نہاد حقوق کی کشمکش نے سب سے زیادہ نسلوں کو نقصان پہنچایا ہے، مرد وعورت کی کشمکش میں سب سے زیادہ اولاد نظرانداز ہوئی جس کے باعث آج کا نوجوان کئی مسائل کا شکار ہے، نفسیاتی طور پر منتشر اور بے راہ روی اور نشوں کا عادی ہے مذموم مقاصد کے تحت گھروں کے نظام کا درہم برہم کیا گیا جس کے نتیجہ نوجوان نسل کو اس حال تک پہنچایا گیا ہے

پاکستان میں ڈیجیٹل صنفی شمولیت: چیلنجز، مواقع اور اقدامات

ڈیجیٹل دور میں انٹرنیٹ اور ٹیکنالوجی تک رسائی کا کسی بھی معاشرے کی ترقی میں بنیادی کردار ہے۔ تاہم، پاکستان میں خواتین کو ڈیجیٹل سہولیات کے مساوی مواقع میسر نہیں ہیں جس کے باعث وہ تعلیمی، سماجی اور معاشی ترقی میں زندگی کی دوڑ میں کہیں پیچھے رہ جاتی ہیں۔ ڈیجیٹل صنفی شمولیت کی اہمیت کے پیش نظر اس کے فروغ کے حوالے سے متعدد اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، تاہم صنفی تفریق اب بھی ایک بہت بڑا چیلنج ہے۔ پاکستان میں موبائل فون اور انٹرنیٹ تک خواتین کی رسائی دور جدید میں بھی محدود ہے۔ سال 2024 میں موبائل فون کی ملکیت میں صنفی تفریق 38 فیصد تھی، جو کہ سال 2022 میں 36 فیصد تھا۔ انٹرنیٹ کے استعمال میں بھی صنفی تفریق پاکستان میں 133 ملین (یعنی 13 کروڑ 30 لاکھ) موبائل براڈ بینڈ صارفین میں سے صرف 3 3 ملین (یعنی 3 کروڑ 30 لاکھ) خواتین ہیں، جو مجموعی تعداد کا 25 فیصد ہے، جبکہ 75 فیصد صارفین مرد ہیں۔ 2023 کے اعداد وشمار کے مطابق، پاکستان میں 72 ملین (7 کروڑ 20 لاکھ) افراد سوشل میڈیا استعمال کررہے ہیں، جو ملک کی 30 فیصد آبادی پر مشتمل ہے۔ تاہم، خواتین کی سوشل میڈیا تک رسائی میں نمایاں صنفی فرق موجود ہے۔ فیس بک پر 77 فیصد صارفین مرد اور 23 فیصد خواتین ہیں، جس سے 68 فیصد صنفی تفریق ظاہر ہوتی ہے۔ یوٹیوب پر 72 فیصد مرد اور 28 فیصد خواتین صارفین ہیں، جبکہ ٹک ٹاک پر 78 فیصد مرد اور 22 فیصد خواتین ہیں، جس کی صنفی تفریق 71 فیصد بنتی ہے۔ انسٹاگرام پر یہ فرق نسبتاً کم ہے، جہاں 64 فیصد مرد اور 36 فیصد خواتین صارفین ہیں۔ مالیاتی خدمات میں صنفی تفریق: مالیاتی شمولیت بھی ڈیجیٹل ترقی کا ایک اہم عنصر ہے، لیکن پاکستان میں اس شعبے میں خواتین کی شرکت بہت کم دیکھنے میں آئی ہے۔ ملک میں 117 ملین (یعنی 11 کروڑ 70 لاکھ) برانچ لیس بینکنگ اکاونٹس موجود ہیں، لیکن بینک اکاونٹ کی ملکیت میں 54 فیصد صنفی تفریق پائی جاتی ہے۔ زیادہ تر خواتین رسمی مالیاتی نظام سے مبرا ہیں، حالانکہ جاز کیش اور ایزی پیسہ جیسے



ڈیجیٹل مالیاتی پلیٹ فارمز خواتین کی مالی شمولیت میں معاونت فراہم کررہے ہیں۔ تاہم، ان فوائد سے مستفید ہونے کے لیے ضروری ہے کہ خواتین کی موبائل سم ان کے اپنے نام پر ہو، تاکہ وہ براہ راست اپنے بینکنگ اور مالیاتی لین دین کو کنٹرول کرسکیں اور کسی بھی قسم کی مالی رکاوٹوں سے بچ سکیں۔ ڈیجیٹل صنفی تفریق کی وجوہات پاکستان میں خواتین کی ڈیجیٹل دنیا سے دوری کی متعدد وجوہات ہیں، جن میں مالی، تعلیمی، سماجی اور سیکیورٹی سے متعلق رکاوٹیں شامل ہیں۔ اسمارٹ فونز اور انٹرنیٹ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے خاص طور پر دیہی علاقوں میں خواتین کے لیے رسائی مشکل ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ، ڈیجیٹل خواندگی کی کمی بھی ایک اہم مسئلہ ہے، جس کی وجہ سے خواتین انٹرنیٹ اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے محروم ہورہی ہیں۔ ثقافتی اور سماجی دبا بھی ایک بڑی رکاوٹ ہے، جہاں کئی خاندان خواتین کو موبائل فون رکھنے یا سوشل میڈیا استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتے، جس سے وہ ڈیجیٹل دنیا سے کٹ جاتی ہیں۔ مزید برآں، آن لائن سیکیورٹی خدشات، جیسے سائبر کرائم، ہراسانی اور ڈیجیٹل رازداری کے مسائل، خواتین کی آن لائن موجودگی کو محدود کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان چیلنجز پر قابو پانے کے لیے مربوط حکمت عملی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ خواتین کو ڈیجیٹل دنیا میں مساوی مواقع میسر آسکیں۔ ڈیجیٹل صنفی تفریق میں کمی کے لیے حکومت، نجی شعبہ اور سول سوسائٹی مختلف اقدامات کررہے ہیں۔ ڈیجیٹل صنفی شمولیت کے فروغ کے لیے مستقبل کا لائحہ عمل ڈیجیٹل صنفی تفریق میں کمی کے لیے ایک جامع حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، جس میں مختلف اقدامات شامل کیے جاسکتے ہیں۔ سب سے پہلے، ڈیجیٹل خواندگی کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے تاکہ بچپن سے ہی لڑکیوں کو ٹیکنالوجی کے استعمال کی تربیت دی جاسکے۔ خواتین کے لیے سستے انٹرنیٹ پیکجز اور اسمارٹ فونز متعارف کرائے جائیں تاکہ ان کے لیے ڈیجیٹل سہولیات تک رسائی آسان ہو۔ آن لائن سیکیورٹی اور سائبر کرائم قوانین کو مزید مضبوط کیا جائے تاکہ خواتین کو ہراسمنٹ سے محفوظ رکھا جاسکے۔ حکومت اور نجی شعبے کے اشتراک سے خواتین کے لیے ڈیجیٹل دنیا میں ملازمتوں کے مواقع پیدا کیے جائیں تاکہ وہ معاشی طور پر خودمختار ہوسکیں۔ اس کے علاوہ، مخصوص پالیسیز تشکیل دی جائیں جو خواتین کو ڈیجیٹل دنیا میں مکمل طور پر شامل کرنے میں معاون ثابت ہوسکیں۔ واضح رہے کہ ڈیجیٹل صنفی شمولیت پاکستان کی ترقی کے لیے ایک ناگزیر عنصر ہے، کیونکہ خواتین کی مساوی شرکت کے بغیر کوئی بھی معاشرہ حقیقی پیشرفت حاصل نہیں کرسکتا۔

سوشل میڈیا استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتے، جس سے وہ ڈیجیٹل دنیا سے کٹ جاتی ہیں۔ مزید برآں، آن لائن سیکیورٹی خدشات، جیسے سائبر کرائم، ہراسانی اور ڈیجیٹل رازداری کے مسائل، خواتین کی آن لائن موجودگی کو محدود کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان چیلنجز پر قابو پانے کے لیے مربوط حکمت عملی اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ خواتین کو ڈیجیٹل دنیا میں مساوی مواقع میسر آسکیں۔ ڈیجیٹل صنفی تفریق میں کمی کے لیے حکومت، نجی شعبہ اور سول سوسائٹی مختلف اقدامات کررہے ہیں۔ ڈیجیٹل صنفی شمولیت کے فروغ کے لیے مستقبل کا لائحہ عمل ڈیجیٹل صنفی تفریق میں کمی کے لیے ایک جامع حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے، جس میں مختلف اقدامات شامل کیے جاسکتے ہیں۔ سب سے پہلے، ڈیجیٹل خواندگی کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے تاکہ بچپن سے ہی لڑکیوں کو ٹیکنالوجی کے استعمال کی تربیت دی جاسکے۔ خواتین کے لیے سستے انٹرنیٹ پیکجز اور اسمارٹ فونز متعارف کرائے جائیں تاکہ ان کے لیے ڈیجیٹل سہولیات تک رسائی آسان ہو۔ آن لائن سیکیورٹی اور سائبر کرائم قوانین کو مزید مضبوط کیا جائے تاکہ خواتین کو ہراسمنٹ سے محفوظ رکھا جاسکے۔ حکومت اور نجی شعبے کے اشتراک سے خواتین کے لیے ڈیجیٹل دنیا میں ملازمتوں کے مواقع پیدا کیے جائیں تاکہ وہ معاشی طور پر خودمختار ہوسکیں۔ اس کے علاوہ، مخصوص پالیسیز تشکیل دی جائیں جو خواتین کو ڈیجیٹل دنیا میں مکمل طور پر شامل کرنے میں معاون ثابت ہوسکیں۔ واضح رہے کہ ڈیجیٹل صنفی شمولیت پاکستان کی ترقی کے لیے ایک ناگزیر عنصر ہے، کیونکہ خواتین کی مساوی شرکت کے بغیر کوئی بھی معاشرہ حقیقی پیشرفت حاصل نہیں کرسکتا۔

سیاسی خودمختاری کو سلب کرنا قابل مذمت عمل

پاکستان کے زیرانتظام کشمیر میں لوگ اسلام آباد کے خلاف غصے اور ناراضگی کا اظہار کررہے ہیں کیونکہ ان کے ساتھ گزشتہ کئی دہائیوں سے دوسرے درجے کے شہری جیسا سلوک کیا جارہا ہے۔ مظفرآباد میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، پاکستان کے زیرانتظام کشمیر میں سیاسی کارکنوں نے کھل کر پاک فوج اور حکومت کے خلاف اپنے غصے اور غم کا اظہار کیا۔ ایک ممتاز سیاسی کارکن اور پاکستان زیرانتظام کشمیر میں جاری احتجاج کے رہنما توقیر گیلانی نے کہا کہ پاکستانی انتظامیہ کہتی رہی ہے کہ وہ ہمیشہ ہمارے ساتھ کھڑے رہیں گے، اور ہمیشہ ہمارے لوگوں کے حقوق کے لیے لڑیں گے۔ لیکن جو کوئی بھی دوست ہے۔ پاکستانی اسٹیبلشمنٹ کو کسی دشمن کی ضرورت نہیں پڑے گی، آپ افغانوں سے پوچھ سکتے ہیں، فلسطینیوں سے بھی پوچھ سکتے ہیں اور ان کے ساتھ ہونے والے مظالم کے بارے میں بھی پوچھ سکتے ہیں۔ قدرتی وسائل کی دولت پاکستان کے زیرانتظام کشمیر کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے یہ خطہ جو 1948 سے پاکستان کے زبردستی قبضے میں ہے۔ گیلانی نے یہ بھی بتایا کہ پاکستان کی انتظامیہ خیبر پختونخوا میں مظالم ڈھا رہی ہے۔ انہوں نے عوامی خطاب میں ایک سے زیادہ مرتبہ ملک کی خدمت کرنے والے قومی رہنماوں کو بھی معاف نہیں کیا، انہیں غدار قرار دے کر سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا۔ انتظامیہ اب سیاسی جماعتوں کو توڑنے، ثقافتوں اور روایات کو تباہ کرنے اور ہر جگہ زمینوں پر قبضہ کرنے پر اتر آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا یہ کیسی انتظامیہ ہے؟ یہ کیسی جمہوریت ہے؟ اور یہ کیسا اسلام ہے؟ تاریخ انسانی میں اس سے بڑا جھوٹ کوئی نہیں ہے"۔ گیلانی نے مزید کہا پاکستانی انتظامیہ آج بھی ہماری وہ آزادی سننے اور دینے کے لیے تیار نہیں ہے جو ہم مانگتے ہیں۔ انتظامیہ ہمیں پاکستان اور اسلام دشمن کہتی رہتی ہے۔ سب ہمارا جو کچھ ہے اسے چھیننے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ پاکستان زیرانتظام کشمیر کے

پربت کی چوٹی سے
مظفر خان
email: muzaffarkhan73@gmail.com

لوگ آج بھی جن کے آبا اجداد نے ہماری زمینیں تباہ کی ہیں، وہ ہمیں اپنی معاشی حالت بہتر نہیں ہونے دے رہے ہیں۔ پاکستانی زیرانتظام کشمیر کے لوگ اب پہلے سے کہیں زیادہ سمجھ چکے ہیں کہ وہ اس چیز کے حصول کے لیے انتظار نہیں کرسکتے جس کے وہ حقدار ہیں۔ اس کے بعد وہ اب اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ وہ اپنی آواز کو سنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ یہاں تک کہ جب انہیں پاک فوج اور اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھوں نقصان اٹھانا پڑتا ہے، پاکستان زیر انتظام کشمیر میں جاری زبردست احتجاج اس بات کی بہترین مثال ہے کہ اب وقت بدل رہا ہے۔ اور وہ لوگ جو بھی اسلام آباد کے خلاف معمولی مزاحمت کا مظاہرہ کررہے تھے، اب وہ پاکستانی سکیورٹی فورسز کے خلاف کھڑے ہونے کے ممکنہ نتائج سے پوری طرح آگاہ ہوتے ہوئے احتجاجی مظاہروں کا اہتمام کررہے ہیں۔ دریں اثنا سماجی و انسانی حقوق کارکن امجد مرزا نے نشاندہی کی کہ چیف الیکشن کمشنر اور پاکستان زیرانتظام کشمیر الیکشن کمیشن کے دیگر اراکین کی تقرریوں کو منسوخ کردیا گیا ہے، جس سے خطے کو مزید سیاسی دبا کا خطرہ لاحق ہوگیا ہے۔ انہوں نے اس کارروائی کو مقبوضہ علاقے کی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے متنبہ کیا کہ اس طرح کے یکطرفہ فیصلے سے وسیع پیمانے پر مزاحمت جنم لے گی جس کا اظہار پاکستان زیر انتظام کشمیر بھر میں عوامی احتجاج میں ہونے کا امکان ہے۔ انسانی حقوق کے کارکن امجد ایوب مرزا نے پاکستان کے زیر انتظام جموں وکشمیر کے الیکشن کمیشن کو تحلیل کرنے اور اس کے تمام اختیارات الیکشن کمیشن آف پاکستان کو منتقل کرنے کے پاکستان کے حالیہ فیصلے کی شدید مذمت کی ہے۔ 14 جنوری کو نافذ ہونے والے اس اقدام کو مرزا نے محصور علاقے میں رہنے والے لوگوں کے جمہوری اور سیاسی حقوق پر براہ راست اور ڈھٹائی سے حملہ قرار دیا ہے۔ وزیراعظم چوہدری انوار الحق کو بھی اس معاملے پر خاموشی اختیار کرنے پر تنقید کا نشانہ بنایا۔ مرزا کے مطابق، حق کی اس فیصلے کے خلاف بولنے میں ناکامی ان کے موقع پرست موقف کو نمایاں کرتی ہے۔ مرزا نے 5 جنوری کو ایک عوامی خطاب کے دوران اپنے حالیہ تبصروں کے لیے حق کو ایک "خطرناک مہم جوئی پسند" قرار دیا، جہاں انہوں نے مبینہ طور پر اعلان کیا کہ ان کی حکومت میں جہادی کلچر کی سہولت فراہم کرے گی، "ایک بیان جس نے بڑھتے ہوئے سیاسی عدم استحکام کے بارے میں خطے میں خدشات کو مزید ہوا دی۔ مرزا نے پاکستانی ریاست کے اقدامات کی مزید مذمت کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ پاکستان زیرانتظام کشمیر میں ایک رد انقلاب کی سرپرستی کررہا ہے تاکہ جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی (JAAC) کی جاری حمایت کو دبایا جاسکے، جو کہ خطے میں لوگوں کے حقوق کی وکالت کرنے والے ایک سیاسی گروپ ہے۔ 12 جنوری کو جموں کشمیر مسلم کانفرنس نے "پاکستان سے الحاق " کے ایجنڈے کو فروغ دینے کے لیے ایک ریلی کا منصوبہ بنایا، جس میں 15,000 سے 20,000 افراد کے متوقع ٹرن آٹ کے ساتھ۔ مرزا کا خیال ہے کہ ریلی اور اس کے انعقاد میں ریاست کی فعال شرکت کا مقصد JAAC کو ڈرانا اور پاکستان زیرانتظام کشمیر میں خوف کا ماحول پیدا کرنا ہے۔ کارکن نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا کہ وہ پاکستان زیرانتظام کشمیر کے لوگوں کے وقار اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے فوری کارروائی کرے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ بین الاقوامی برادری کو خطے میں مزید سیاسی دبا اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو روکنے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ متنازعہ علاقے میں جمہوری آزادیوں کے خاتمے اور پاکستان کے فوجی اور سیاسی ایجنڈے کے بڑھتے ہوئے اثر ورسوخ کے بارے میں بڑھتے ہوئے خدشات کے ساتھ پاکستان زیر انتظام کشمیر میں صورتحال بدستور کشیدہ ہے۔ بین الاقوامی توجہ کے لیے مرزا کی اپیل پاکستان زیر انتظام کشمیر کے لوگوں کے حقوق اور خواہشات کو حل کرنے کے لیے بار بار کی جانے والی کالوں کے درمیان سامنے آئی ہے، جو قبضے کے تحت زندگی گزار رہے ہیں اور سیاسی خودمختاری سے انکار کررہے ہیں۔

گلیسپی نے عرفان نیازی کو اسکواڈ سے ڈراپ کرنے کو ’عجیب و غریب‘ فیصلہ قرار دے دیا

وہ شاید کرکٹ کی گیند کے سب سے سخت ہٹرز میں سے ایک ہیں اور وہ بہترین فیلڈر بھی ہیں، جیسن گلیسپی

سڈنی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی نے عرفان نیازی کو وائٹ بال اسکواڈ سے ڈراپ کرنے کے فیصلے کو عجیب و غریب قرار دے دیا۔ مقامی اسپورٹس پلیٹ فارم سے گفتگو کرتے ہوئے جیسن گلیسپی نے عرفان نیازی کی بے پناہ صلاحیتوں کا ذکر کیا اور ان کے اخراج پر عدم اعتماد کا اظہار کیا۔ گلیسپی نے کہا کہ پاکستان کے اسکواڈ سے عرفان خان نیازی کو ڈراپ کرنا واقعی عجیب تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ پاکستان کے سب سے زیادہ باصلاحیت کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں اور شاید کرکٹ کی گیند کے سب سے سخت ہٹرز میں سے ایک ہیں اور وہ بہترین فیلڈر بھی ہیں۔ جیسن گلیسپی نے کہا کہ جب وہ انٹرنیشنل کرکٹ میں جگہ بنالیں گے تو وہ اپنا اثر چھوڑیں گے۔ سابق ہیڈ کوچ نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی عرفان نیازی کے لیے اچھا پلیٹ فارم ہوتا کہ وہ بڑے اسٹیج پر کیا کرسکتے ہیں، اگر کھلاڑی اچھے ہیں تو انہیں ٹیم میں موقع دیں۔ واضح رہے کہ 22 سالہ نوجوان نے آٹھ ون ڈے میچ کھیلے ہیں اور 48 رنز بنائے ہیں جبکہ 10 ٹی 20 میچز میں 140.36 کے اسٹرائیک ریٹ سے 153 رنز بنا رکھے ہیں۔ عرفان نیازی نے آخری بار دسمبر 2024 میں جنوبی افریقہ کے خلاف وائٹ بال سیریز میں پاکستان کی نمائندگی کی تھی۔ جب وہ انٹرنیشنل کرکٹ میں جگہ بنالیں گے تو وہ اپنا اثر چھوڑیں گے۔ سابق ہیڈ کوچ نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی عرفان نیازی کے لیے اچھا پلیٹ فارم ہوتا کہ وہ بڑے اسٹیج پر کیا کرسکتے ہیں، اگر کھلاڑی اچھے ہیں تو انہیں ٹیم میں موقع دیں۔ واضح رہے کہ 22 سالہ نوجوان نے آٹھ ون ڈے میچ کھیلے ہیں اور 48 رنز بنائے ہیں جبکہ 10 ٹی 20 میچز میں 140.36 کے اسٹرائیک ریٹ سے 153 رنز بنا رکھے ہیں۔ وہ شاید کرکٹ کی گیند کے سب سے سخت ہٹرز میں سے ایک ہیں اور وہ بہترین فیلڈر بھی ہیں، جیسن گلیسپی

محمد عامر آئی پی ایل میں رائل چیلنجرز بنگلور سے کھیلیں گے؟

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق فاسٹ بولر محمد عامر نے انڈین پریمئیر لیگ (آئی پی ایل) کا حصہ بننے کی خواہش ظاہر کردی۔ سابق فاسٹ بولر محمد عامر کو برطانوی پاسپورٹ ملنے کی امید ہے کیونکہ ان کی اہلیہ برطانیہ کی شہری ہیں اور انہیں امید ہے کہ وہ 2026 کے آئی پی ایل میں خود کو نیلامی کی فہرست میں پیش کرسکتے ہیں۔ محمد عامر کو امید ہے کہ وہ اگلے سیزن میں شروع ہونے والے آئی پی ایل میں کھیلنے کے اہل ہوں گے، عامر نے یہ بھی کہا کہ وہ ٹورنامنٹ میں ویرات کوہلی کی ٹیم رائل چیلنجرز بنگلور کی نمائندگی کرنا چاہیں گے۔ انہوں نے نجی ٹی وی کے شو میں کہا کہ اگر آئندہ سال آئی پی ایل کھیلنے کا موقع ملا تو میں ضرور کھیلوں گا۔ فاسٹ بولر نے کہا کہ میں آر سی بی کے لیے کھیلنا چاہوں گا کیونکہ وہ میری پسندیدہ ٹیم ہے۔ عامر نے ویرات کوہلی کی تعریف کی اور کہا کہ کوہلی نے انہیں اپنا بلا تحفہ میں دیا اور میں نے اسی بلے سے کچھ اچھی اننگز کھیلی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ میں ان کی بیٹنگ کا فین ہوں اور وہ بھی میری بولنگ کی تعریف کرتے ہیں۔ شو میں موجود احمد شہزاد نے کہا کہ آر سی بی عامر جیسے بولر کو استعمال کرسکتا ہے اور اگر وہ ان کی ٹیم میں ہوں گے تو آر سی بی ٹائٹل جیت جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آر سی بی کی بیٹنگ لائن اچھی ہے

کھیل پر دھیان ہے، روزے کی قضا بعد میں کروں گا، شامی

دبئی (این این آئی) بھارتی پیسر محمد شامی نے کہا ہے کہ رمضان کے دوران چیمپئنز ٹرافی میں کھیل پر دھیان ہے، روزے کی قضا بعد میں کروں گا۔ دبئی کرکٹ اسٹیڈیم میں چیمپئنز ٹرافی کے کامیاب فاسٹ بالر محمد شامی نے صحافیوں سے گفتگو کی۔ محمد شامی سے جب رمضان المبارک میں روزوں سے متعلق پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ ملک کا معاملہ ہے، بھارتی پروفیشنل کرکٹرز کیلئے شیڈول تیار کیا گیا ہے جس پر عمل درآمد کرنا ہوتا ہے۔ انھوں نے قبول کیا کہ رمضان میں میچز کھیلنا مشکل ہوتا ہے مگر یہاں ملک کا سوال ہے اسی لئے پلیئرز کو کھانے اور نیند کو پورا کرنا ہوتا ہے اور ٹریننگ کے بعد بحالی کیلئے ہدایات پر عمل کرنا پڑتا ہے۔ واضح رہے کہ محمد شامی نے چیمپئنز ٹرافی کے سیمی فائنل میں آسٹریلیا کے تین اہم وکٹیں حاصل کی تھیں۔ بھارتی پروفیشنل کرکٹرز کیلئے شیڈول تیار کیا گیا ہے جس پر عمل درآمد کرنا ہوتا ہے انٹرویو انھوں نے قبول کیا کہ رمضان میں میچز کھیلنا مشکل ہوتا ہے مگر یہاں ملک کا سوال ہے اسی لئے پلیئرز کو کھانے اور نیند کو پورا کرنا ہوتا ہے اور ٹریننگ کے بعد بحالی کیلئے ہدایات پر عمل کرنا پڑتا ہے

Emirates
aramco
DP WORLD

انڈیا اور نیوزی کے درمیان آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میچ کا ایک منظر) اے ایف پی(

سابق آسٹریلوی اسپنر بھی بھارت کو ملنے والے ’دبئی ایڈوانٹیج‘ پر بول پڑے

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے سابق لیگ اسپنر بھی چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کو ملنے والے فائدے پر بول پڑے، محمد شامی کی ایڈوانٹیج والی بات کا بھی حوالہ دیا۔ تجربہ کار آسٹریلوی اسپنر بریڈ ہوگ ان سابق کرکٹرز کے ہم زبان ہو گئے ہیں جنھوں نے دبئی میں چیمپئنز ٹرافی کے تمام میچز کھیلنے کا فائدہ اٹھانے پر بھارتی ٹیم کو آڑے ہاتھوں لیا ہے، ہوگ نے کہا کہ آپ ایک مقام پر کھیل رہے ہیں، آپ نے وہاں اپنے تمام میچ کھیلے اور حالات سے ہم آہنگ ہوگئے۔ بریڈ ہوگ نے کہا کہ بھارتی ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کا اپنے بیان میں کہنا تھا کہ کسی کو شکایت نہیں کرنی چاہیے کیونکہ یہ ہمارے لیے بھی ایک غیر جانبدار مقام ہے۔ سابق آسٹریلوی اسپنر نے کہا کہ لیکن پھر محمد شامی نے ان کی بات کی نفی کی اور کہا کہ دبئی میں کھیلنے سے ان کی بولنگ میں مدد ملی ہے اور ایک مخصوص مقام پر کھیلنے سے بھارت کو فائدہ ہوا ہے۔ خیال رہے کہ چیمپئنز ٹرافی میں بھارت کو ’ایڈوانٹیج‘ دینے کی باتیں ہر طرف سے سامنے آئیں، آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز، ناصر حسین، مائیکل ایتھرٹن نے بھارت کو فائدہ دینے پر کھل کر اظہار خیال کیا تھا، جس کے بعد میڈیا میں ایک نئی بحث چھڑ گئی تھی۔ آپ ایک مقام پر کھیل رہے ہیں، آپ نے وہاں اپنے تمام میچ کھیلے اور حالات سے ہم آہنگ ہوگئے‘ بریڈ ہوگ

انڈیا کے روہت شرما اور نیوزی لینڈ کے مچل سینٹنر نو مارچ 2025 کو آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میچ کے ٹاس کے موقع پر ملتے ہوئے) اے ایف پی(

کینیڈا اور میکسیکو کے ساتھ تناؤ فیفا کلب ورلڈ کپ کو زیادہ اہم بنادے گا: ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ کینیڈا اور میکسیکو کے ساتھ تناؤ فیفا کلب ورلڈ کپ کو اہم بنادے گا۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق فیفا کے صدر سے اوول آفس میں ہونے والی ملاقات کے بعد امریکی صدر نے فیفا کلب ورلڈ کپ کے حوالے سے تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات غلط ہے کہ امریکی انتظامیہ پڑوسی ممالک کے ساتھ تنازع پر اثر انداز ہوگی، تاہم یہ ضرور ہے کہ کینیڈا اور میکسیکو کے ساتھ تجارتی تناؤ کی وجہ سے یہ ورلڈ کپ سب کے لیے دلچسپ ضرور ہوگا۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ تناؤ کی وجہ سے کھیل میں جوش آئے گا، اس ٹورنامنٹ کے حوالے سے ٹاسک فورس کی منصوبہ بندی میں مدد کریں گے۔ فیفا کے صدر جیانی انفنٹینو نے بتایا ہے کہ 2026ء کے کلب ورلڈ کپ میں 32 کلب شرکت کریں گے، اس عالمی ایونٹ سے 2 لاکھ نئی نوکریاں پیدا ہوں گی، 40 بلین ڈالر کی اکنامک ایکٹویٹی کے مثبت معاشی اثرات مرتب ہوں گے۔ یاد رہے فیفا ورلڈ کپ کے لیے ریکارڈ ایک بلین ڈالر کی انعامی رقم کا اعلان کیا گیا ہے، اور اس ورلڈ کپ کی میزبانی میں امریکا کے ساتھ کینیڈا اور میکسیکو بھی شامل ہیں۔ 40 بلین ڈالر کی اکنامک ایکٹویٹی کے مثبت معاشی اثرات مرتب ہوں گے۔ یاد رہے فیفا ورلڈ کپ کے لیے ریکارڈ ایک بلین ڈالر کی انعامی رقم کا اعلان کیا گیا ہے، اور اس ورلڈ کپ کی میزبانی میں امریکا کے ساتھ کینیڈا اور میکسیکو بھی شامل ہیں۔ یہ بات غلط ہے کہ امریکی انتظامیہ پڑوسی ممالک کے ساتھ تنازع پر اثر انداز ہوگی، بات چیت

مچل سینٹنر نے بھارتی اسپنرز کو کھیلنا چیلنج قرار دے دیا

INDIA JEETEGA
RAHUL
HARDIK
33

کلدیپ یادو چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میچ میں 9 مارچ 2025 کو دبئی میں نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن کی وکٹ لینے کے بعد ساتھی کھلاڑیوں کے ساتھ جشن مناتے ہوئے) اے ایف پی(

بھارت اگر تین اسپنرز کے ساتھ جاتا ہے تو کھیلنا بڑا چیلنج ہے، وہ موجودہ کنڈیشن سے بخوبی آگاہ ہیں‘ کپتان نیوزی لینڈ

دبئی (این این آئی) نیوزی لینڈ کے کپتان مچل سینٹنر نے بھارتی اسپنرز کو کھیلنا چیلنج قرار دے دیا۔ دبئی میں فائنل سے قبل پریس کانفرنس میں مچل سینٹنر نے کہا کہ بھارت اگر تین اسپنرز کے ساتھ جاتا ہے تو انہیں کھیلنا بڑا چیلنج ہے، وہ موجودہ کنڈیشن سے بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ ہمارے کھلاڑی کل کے میچ کے لیے تیار ہیں۔ مچل سینٹنر نے کہا کہ ہم تھوڑی اور فوٹیج دیکھیں گے، مجھے لگتا ہے کہ ہم واضح طور پر جانتے ہیں اب ان کی حکمت عملی کیا ہے، وہ 115 کلومیٹر فی گھنٹہ کی آرم گیند تھی جس نے مجھے پکڑ لیا۔ کیوی کپتان نے کہا کہ بھارت اچھی کرکٹ کھیل رہا ہے وہ دبئی کی کنڈیشن کو اچھی طرح سمجھتے ہیں، مجھے لگتا ہے کہ ہم بھی اچھا کھیل رہے ہیں لیکن یہ ظاہر ہے کہ کنڈیشن ہمارے لیے مختلف ہے۔ مچل سینٹنر نے مزید کہا کہ دبئی کی وکٹ سلو ہوگی، بہتر کھیل پیش کرنے کی کوشش کریں گے، ورون چکرورتی اور دیگر بھارتی اسپنرز کو کھیلنا کافی چیلنجنگ ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ نیوزی کے بیٹرز اسپنرز کو بہتر کھیلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، دبئی کی وکٹ پر 250 رنز بھی وننگ اسکور ہوسکتا ہے، فائنل کی پچ کا کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ کیوی کپتان نے یہ بھی کہا کہ نیوزی لینڈ کے پیسر میٹ ہنری کے بارے میں فیصلہ کل میچ سے پہلے کیا جائے گا۔

لاہور: نوجوان اور بچے تعطیل کے روز بابا گراؤنڈ میں کرکٹ کھیل رہے ہیں

یو اے ای، رمضان مہینے کیلئے مختلف حالات میں قضا کیے جانیوالے روزوں کے کفارے کی رقم کیساتھ صدقہ فطر کی رقم جاری

صدقہ فطر ایک ہزار 900 فی کس، ایک روزہ چھوڑنے کا کفارہ 68 ہزار روپے مقرر کیا گیا ہے، عرب میڈیا

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی کونسل برائے فتویٰ نے رواں سال رمضان کے مہینے کیلئے مختلف حالات میں قضا کیے جانے والے روزوں کے کفارے کی رقم کے ساتھ صدقہ فطر کی رقم جاری کردی ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق صدقہ فطر فی کس 25 درہم (ایک ہزار 900 پاکستانی روپے) یا ڈھائی کلوگرام چاول کی قیمت مقرر کی گئی ہے۔ صدقہ فطر رمضان ختم ہونے سے پہلے ادا کرنا ہوتا ہے، یہ تمام مسلمان مردوں، عورتوں، جوانوں اور بوڑھوں پر واجب ہے، جو مالی یا کھانے کی شکل میں زکو دینے کی استطاعت رکھتے ہیں۔ کونسل نے مختلف حالات میں روزہ نہ رکھنے والے افراد کے کفارے کی رقم بھی مقرر کی ہے۔ جو لوگ جان بوجھ کر روزہ نہیں رکھتے، انہیں 60 مسکینوں کو 15 درہم ادا کرنے ہوں گے، اس کی مجموعی قدر 900 درہم (پاکستانی 68 ہزار 588 روپے) بنتی ہے، جو لوگ ادائیگی کے بجائے کھانا کھلانا چاہتے ہیں، ان کیلئے ہر شخص کو سوا 3 کلوگرام گندم دینے کے برابر قیمت مقرر کی گئی ہے۔ جو لوگ روزہ رکھنے سے قاصر ہیں ان پر لازم ہے کہ وہ ہر ایک روزے کے ضائع ہونے پر فی کس 15 درہم ادا کریں، جو لوگ ادائیگی کے بجائے کھانا کھلانا چاہتے ہیں، ان کیلئے 60 افراد میں سے ہر شخص کو دینے کیلئے سوا 3 کلو گرام گندم کی قیمت مقرر کی گئی ہے۔ اگر کوئی شخص روزہ چھوڑتے ہوئے فوت ہو جائے اور اس کے روزے ضائع ہو جائیں تو کفارہ یا تو 3.25 کلو گرام روزانہ کے حساب سے کھانا کھلانے یا 15 درہم ادا کرنے کا ہے، یہ ان کے قریبی رشتہ داروں کے ذریعہ ادا کیا جانا چاہیے۔ جو لوگ بغیر کسی عذر کے روزے کی ادائیگی میں تاخیر کرتے ہیں، انہیں ہر روز کیلئے فی کس 15 درہم ادا کرنے ہوں گے، جو لوگ ادائیگی کے بجائے کھانا کھلانا چاہتے ہیں، ان کیلئے ہر شخص کیلئے سوا 3 کلوگرام گندم کی قیمت مقرر کی گئی ہے۔ اگر کسی نے روزے کے دوران قسم کھالی (حلف اٹھایا) اور اسے معلوم ہو کہ یہ سچ نہیں تھا تو اس پر لازم ہے۔

امریکا اور یوکرین کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے جدہ میں ہوں گے

ریاض (این این آئی) امریکا اور یوکرین کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے جدہ میں ہوں گے۔ سعودی وزارت خارجہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ سعودی عرب 3 سال میں متعدد بار مذاکرات میں مدد فراہم کرچکا ہے، امن واستحکام کے فروغ اور بات چیت کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب یوکرینی صدر زیلنسکی نے کہا ہے کہ یوکرین امریکا کے ساتھ تعمیری بات چیت کیلئے تیار ہے، امید ہے بات چیت میں ضروری اقدامات اور فیصلوں پر اتفاق ہوگا، یوکرین جنگ کے پہلے لمحے سے ہی امن کا منتظر ہے، حقیقت پسندانہ تجاویز میز پر موجود ہیں عمل کیلئے تیزی اور مؤثر عمل ضروری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر زیلنسکی (آج) پیر کو سعودی عرب میں کراؤن پرنس محمد بن سلمان سے بھی ملاقات کریں گے۔ ادھر سعودی عرب میں یوکرینی وفد سے ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے امریکی ڈونلڈ ٹرمپ کے ایلچی برائے مشرق وسطیٰ سٹیو وٹکوف نے کہا ہے کہ میرے خیال میں امن معاہدے اور ابتدائی جنگ بندی کیلئے ایک فریم ورک تک پہنچنے کا منصوبہ ہے۔ صدر زیلنسکی (آج) سعودی عرب میں کراؤن پرنس محمد بن سلمان سے ملاقات کریں گے

مسجد نبویؐ میں زائرین کو فوری طبی امداد کی فراہمی کیلئے ایمرجنسی اسکوٹر سروس کا آغاز

مدینہ منورۃ (این این آئی) رمضان المبارک میں مسجد نبویؐ میں زائرین کو فوری طبی امداد کی فراہمی کیلیے مدینہ ہیلتھ کلسٹر نے ایک نئی ایمرجنسی اسکوٹر سروس کا آغاز کردیا ہے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق ہزاروں نمازیوں کی موجودگی کے باعث مسجد کا صحن بھر جانے کی وجہ سے طبی ٹیموں کے لیے بھیڑ میں سے گزرنا مشکل ہوسکتا ہے۔ ایس پی اے کے مطابق ان اسکوٹرز کی مدد سے طبی عملے کے لیے مصروف مقامات تک پہنچنا، ہنگامی کیسز کو دیکھنا اور ضرورت پڑنے پر مریضوں کو قریبی ہسپتالوں اور نگہداشت کے مراکز میں منتقل کرنا آسان ہوگیا ہے۔ ایس پی اے کی رپورٹ کے مطابق اس سروس کے آغاز سے اب تک 191 افراد اس سے مستفید ہوچکے ہیں، ان تمام افراد کو الشفا ہیلتھ اڈومنٹ، حرم ایمرجنسی ہسپتال اور صفیہ اور باب جبریل ارجنٹ کیئر سینٹرز سمیت مرکزی علاقے میں صحت کی سہولتوں میں ریفر کردیا گیا ہے۔ ایس پی اے نے کہا کہ نیا اقدام ’زائرین کی حفاظت اور فلاح و بہبود کے لئے مدینہ ہیلتھ کلسٹر کی کوششوں کی عکاسی کرتا ہے۔ مسجد نبویؐ میں زائرین کو فوری طبی امداد کی فراہمی کیلئے ایمرجنسی اسکوٹر سروس کا آغاز



اس تصویر میں اسلام آباد میں بچوں کے جنسی استحصال کے خلاف احتجاج کے دوران انسانی حقوق کے کارکن پلے کارڈز اٹھائے ہوئے نعرے لگا رہے ہیں) اے ایف پی(

سعودی عرب، ایک ہفتے میں 20 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی نے ایک ہفتے میں 20 ہزار 749 غیر قانونی تارکین گرفتار کئے ہیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کے مطابق غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی نے جاری بیان میں کہا کہ یہ گرفتاریاں 27 فروری سے 5 مارچ 2025 کے درمیان ہوئی ہیں جن میں سے 13871 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی، 3517 گرفتار شدگان سرحدی قوانین کی خلاف ورزی جبکہ 3361 تارکین لیبر قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث تھے۔ مذکورہ عرصے کے دوران 1051 افراد گرفتار ہوئے ہیں جو سرحد عبور کرکے ملک میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے 43 فیصد یمنی، 54 فیصد ایتھوپی جبکہ 3 فیصد دیگر ممالک کے تارکین تھے۔ کمیٹی نے کہا کہ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 12 افراد گرفتار ہوئے ہیں۔ دوسری جانب وزارت داخلہ نے کہا کہ غیر قانونی تارکین کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم کرنا سنگین جرم ہے جس پر 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال جرمانہ ہوسکتا ہے۔ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنا سنگین جرم، 15 سال قید، 10 لاکھ ریال جرمانہ ہوسکتا ہے، وزیر داخلہ غیر قانونی تارکین کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم کرنا سنگین جرم ہے جس پر 15 سال قید اور 10 لاکھ ریال جرمانہ ہوسکتا ہے۔

نو مارچ 2025 کو انڈین پولیس اسرائیلی سیاح سمیت دو خواتین کے ریپ اور انڈیا میں یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کے مقام کے قریب ایک شخص کی موت کے سلسلے میں دو مشتبہ افراد کو گرفتار کر رہی ہے) اے ایف پی ویڈیو، سکرین گریب(

ٹرمپ کو ولن سے تشبیہ دینے والے مارک کارنی کینیڈا کے وزیر اعظم کیلئے فیورٹ قرار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ہیری پوٹر سیریز کے ولن والڈی مارٹ کہنے والے مارک کارنی جسٹن ٹروڈو کی جگہ کینیڈین وزیر اعظم کے لیے پسندیدہ امیدوار قرار دے دیے گئے۔ کینیڈین لبرل پارٹی کی نئی قیادت کے لیے جسٹن ٹروڈو کی جگہ متوقع امیدواروں میں سب سے آگے نظر آنے والے مارک کارنی نے حال ہی میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بارے میں ایک پرانے بیان کی طرف نشاندہی کروائی ہے، جس میں انہوں نے ٹرمپ کے تبصروں کا موازنہ ہیری پوٹر سیریز کے ولن والڈی مارٹ سے کیا تھا۔ گزشتہ ماہ ایک تقریب میں کارنی نے کہا کہ جب آپ ان بے بنیاد، توہین آمیز تبصروں پر غور کرتے ہیں جو ٹرمپ نے کیے اور اس بات کو دیکھتے ہیں کہ ہم کیا بن سکتے ہیں تو میں اسے والڈی مارٹ کے تبصروں کی طرح سمجھتا ہوں۔ انہوں نے باقی تفصیلات دہرانے سے گریز کیا، مگر اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ کارنی ٹرمپ کی سخت اور غیر معقول رائے کو شدید ناپسند کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ حال ہی میں امریکی صدر ٹرمپ نے بار بار کینیڈا کو 51 ویں امریکی ریاست کہہ کر پکارا ہے اور جسٹن ٹروڈو کو محض ایک ریاستی گورنر قرار دیا ہے۔ ابھی تک لبرل امیدواروں میں کارنی کو سب سے زیادہ پارٹی کی حمایت حاصل ہے اور انہوں نے سب سے زیادہ فنڈز جمع کیے ہیں، اگر ان کا انتخاب ہوتا ہے تو وہ بغیر کسی قانون ساز رکن یا کابینہ تجربے کے کینیڈین وزیر اعظم بننے والے پہلے فرد ہوں گے۔ کینیڈین لبرل پارٹی کی نئی قیادت کا فیصلہ آئندہ ہفتے تک ہو جائے گا، جس کا نتیجہ سیاسی دنیا میں گہری دلچسپی کا باعث بنا ہوا ہے۔

غزہ کی تعمیر نو کا عرب منصوبہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، برطانیہ نے حمایت کردی

كل عام وانتم إلى الله أقرب

اس تصویر میں غزہ شہر میں رمضان کے دوران فلسطینی بچے ایک عمارت کے ملبے پر تصویر کے لیے پوز بنا رہے ہیں) اے ایف پی(

اس منصوبے پر 53 ارب ڈالر کی لاگت آئے گی اور فلسطینیوں کو غزہ سے بے گھر بھی نہیں ہونا پڑیگا

لندن (این این آئی) فرانس، جرمنی، اٹلی اور برطانیہ کے وزرائے خارجہ نے کہا ہے کہ وہ غزہ کی تعمیر نو کے عرب منصوبے کی حمایت کرتے ہیں، اس منصوبے پر 53 ارب ڈالر کی لاگت آئے گی اور فلسطینیوں کو غزہ سے بے گھر بھی نہیں ہونا پڑے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق چاروں ممالک کے وزرائے خارجہ نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ یہ منصوبہ غزہ کی تعمیر نو کا ایک حقیقت پسندانہ راستہ دکھاتا ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ اگر اس پر عمل کیا جائے تو غزہ میں رہنے والے فلسطینیوں کی تباہ حال زندگیوں میں جلدی اور پائیدار بہتری آ سکتی ہے۔ یہ منصوبہ مصر کی جانب سے سامنے آیا تھا اور رواں مہینے کے شروع میں عرب رہنماؤں نے اسے قبول کرلیا تھا، تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسے مسترد کردیا ہے۔ امریکی صدر نے غزہ کا کنٹرول سنبھالنے اور فلسطینیوں کو اردن اور مصر میں آباد کرنے کی تجویز دی تھی جسے عرب ممالک نے متفقہ طور پر رد کر دیا تھا۔ امریکی صدر کے منصوبے کے جواب میں عرب منصوبہ غزہ کی مکمل تعمیر نو کے لیے پانچ برسوں میں تین مراحل پر مشتمل ہے۔ دو برسوں پر مشتمل پہلے مرحلے میں 20 ارب ڈالر کی لاگت سے دو لاکھ گھروں کی تعمیر کی جائے گی۔ دوسرا مرحلہ جو ڈھائی برسوں پر مشتمل ہوگا اس میں بھی دو لاکھ گھر تعمیر کیے جائیں گے اور غزہ میں ایک ایئرپورٹ بھی تعمیر ہو گا۔ غزہ کو دوبارہ رہائش کے قابل بنانے کے اس منصوبے میں پانچ برس لگیں گے اور کل 53 ارب

WE WON'T BE SILENCED

اس تصویر میں ایک خاتون کو سڈنی، آسٹریلیا میں خواتین کی جنسی زیادتی یا ریپ کے مبینہ واقعات کے خلاف ٹاؤن ہال کے باہر ریلی میں دیکھا جاسکتا ہے) روئٹرز(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی کے چیئرمین امجد نذیر بٹ کی طرف سے اطارڈنر کا اہتمام کیا گیا

رکن پنجاب اسمبلی سردار سرفراز احمد ڈوگر، صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، گروپ لیڈر رانا محمد عثمان، جنرل سیکرٹری فاروق ملک، جاوید معراج، محمد عثمان بٹ ودیگر کی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر و انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی کے چیئرمین امجد نذیر بٹ کی طرف سے اطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں رکن پنجاب اسمبلی سردار سرفراز احمد ڈوگر، صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، گروپ لیڈر رانا محمد عثمان، جنرل سیکرٹری فاروق ملک، جاوید معراج، محمد عثمان بٹ، غلام مرتضیٰ قریشی، عامر خان و سیاسی سماجی شخصیات اور تاجر حضرات نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امجد نذیر بٹ نے کہا کہ رمضان المبارک ہمیں نبی پاک کی تعلیمات سے تجدید وفا کا پیغام بھی دیتا ہے اور ہم اپنے نبی اکرم ﷺ کی ہدایات پر عمل کو اپنا شعار بنا کر اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں انقلاب برپا کر سکتے ہیں خوش قسمت ہیں وہ لوگ جنہوں نے ماہ صیام کے مبارک مہینہ کی برکتیں سمیٹیں، گناہوں کو بخشوایا، راتوں کو قیام کیا، دن کو روزے رکھے، اللہ سے تعلق مضبوط کیا، مساجد کو آباد کیا، صلہ رحمی کو اپنایا، قرآن مجید کو پڑھا، سمجھا، اس پر عمل کیا، اپنی جبینوں کو اللہ کے حضور جھکایا اور آئندہ کی زندگی اسلامی تعلیمات کے مطابق گزارنے کا پختہ عہد کیا۔

چندلوگوں کی انا کی تسکین کیلئے ملک داؤ پر لگا دیا گیا: فیصل حیات پنوں

پی ٹی آئی آج بھی ملک کی سب سے بڑی جماعت ہے حقیقت سے انکار ممکن نہیں: پی ٹی آئی رہنما

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حکومت کی ناقص پالیسیاں بحران پیدا کر رہی ہیں معیشت کی بحالی تک حالات بہتر نہیں ہوسکتے یہاں بحالی کیلئے کوئی کام نہیں کیا جارہا کاروبار ختم کر دیا گیا نوجوان تیزی سے ملک چھوڑ رہے ہیں اس ملک کو رہنے کے قابل نہیں چھوڑا گیا چندلوگوں کی انا کی تسکین کی خاطر ملک داؤ پر لگا دیا گیا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی آج بھی ملک کی سب سے بڑی جماعت ہے عمران خان کو جھکانے والے خود جھک گئے ہیں وقت اور حالات نے ثابت کیا ہے کہ عمران خان عظیم لیڈر ہیں 8 فروری کے الیکشن نے ثابت کر دیا ہے کہ قوم عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑی ہے عوامی مینڈیٹ چوری کرکے اقتدار پر قبضہ کرنے والے خاص ایجنڈے کے تحت آئے ہیں ان سے بہتری کی امید نہیں کی جاسکتی۔

ہمیں قول سے نہیں عمل سے بھی مسلمان نظر آنا چاہیئے: رانا محمد عرفان

قول وفعل کے تضاد سے معاشرتی انتشار اور عاقبت بگڑتی ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسوہ نبوی کو چھوڑ کر قول و فعل کے تضاد میں مبتلا آج کا مسلمان سمجھتا ہے کہ وہ منافقانہ کردار کرتے ہوئے شاید وہ کامیابی حاصل کر رہا ہے مگر دراصل وہ خود کو دھوکہ دے رہا ہوتا ہے۔ آج کے دور میں عام ضروریات زندگی کی اشیاء کی خریداری کرتے اچھی چیزوں کی خرید کے پیسے دے کر بھی ہمیں اچھی چیز نہیں ملتی۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ سوئیٹس کے سی ای او حاجی رانا محمد عرفان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر دوسرا دوکاندار و تاجر دھوکہ دہی و ملاوٹ کیساتھ پیسے کمانے میں مگن ہے قصائی سے اچھا گوشت لینا ہے تو اسکی نفسیات سمجھنا ہوگی کیونکہ وہ آپکی نفسیات سے بخوبی واقف ہے۔ عوام کی اکثریت قصائی کو جا کر کہتی ہے کہ " بھیا ایک کلو گوشت دینا " یہ جملہ سنتے ہی اسے سمجھ لگ جاتی ہے کہ میرے پاس اب فری ہینڈ ہے۔ وہ تھوڑی سی بوٹی ران سے اتارتا ہے، بغل میں رکھے چھیچھڑے اور چربی ڈالتا ہے، دو چار پسلیاں مکس کرتا ہے اور ایک کلو کا شاپر آپکو تھما دیتا ہے۔ یاد رہے کہ ہر انسان کو اللہ کے سامنے اعمال کی جوابدہی کرنی ہے۔

انکروچمنٹ آپریشن وزیراعلیٰ مریم نواز کا بہترا قدام ہے: اظہر حمید بھٹی



سیالکوٹ (قوت ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایات پر پنجاب کے دیگر اضلاع کیساتھ ڈسٹرکٹ سیالکوٹ کے طول و ارض میں انکروچمنٹ آپریشن کے نتائج مثبت رہے ہیں جس کے نتیجہ میں اندرون شہر و سیالکوٹ کے داخلی خارجی راستوں میں ٹریفک ریگولیشن نظام بہتر ہوا ہے جو خوش آئند ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایکسپورٹر و سیاسی سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی اور عباد اظہر بھٹی آف سانز لے پرائیویٹ انٹرنیشنل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عرصہ پچاس سال میں یہ پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا و کامیاب آپریشن ہے، جس میں معاشرے کے بہت سے با اثر و انتہائی طاقتور طبقے کی سفارشات رد کی گئیں۔

اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سہیل ریاض کو خفیہ اداروں کی رپورٹ پر تبدیل کر کے او ایس ڈی بنا دیا گیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سہیل ریاض کو خفیہ اداروں کی رپورٹ پر تبدیل کر کے او ایس ڈی بنا دیا گیا۔ جبکہ انکی جگہ سلمان اکبر کو بھلوال سے تبدیل کر کے حافظ آباد کا نیا اسسٹنٹ کمشنر بنا دیا گیا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ تبدیل ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سہیل ریاض کے خلاف کئی شکایات پائی جارہی تھیں جبکہ انہوں نے اپنے آفس میں بیٹھنے کی بجائے زیادہ تر گھر میں بیٹھ کر معاملات طے کرنے کا وطیرہ اختیار کر رکھا تھا۔ اور شہر کے دونوں حصوں کے حلقے ایک ہی بدنام زمانہ کو پٹواری کو دے رکھے تھے۔ جس پر انکی جانب سے بڑھتی ہوئی مار دھاڑ اور عوام کش پالیسیوں کی خفیہ اداروں نے رپورٹ کی تو انہیں فوری طور پر تبدیل کر کے او ایس ڈی بنا دیا گیا۔

ایس ایچ او تھانہ صدر کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایس ایچ او تھانہ صدر انسپکٹر غازی میاں رزاق کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ پشاور سے فروخت کے لئے لائی جانے والی منشیات کی سپلائی کی بڑی کھیپ برآمد کر لی گئی۔ مختلف اضلاع میں سپلائی ہونے والی منشیات کی فروخت میں ملوث دو لیڈی سمگلرز سمیت پانچ ملزمان پابند سلاسل۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق پشاور، سرگودھا اور سیالکوٹ سے ہے۔ ترجمان ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ کے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا تھانہ صدر سیالکوٹ کے ایس ایچ او انسپکٹر غازی میاں عبدالرزاق نے منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم کے دوران ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے منشیات کی سپلائی کی بڑی چین کو بریک کر دیا منشیات کی کھیپ جس میں 2 کلو آئس اور 10 کلو چرس برآمد کر لی گئی۔ منشیات کی سپلائی کرنے میں ملوث دو خواتین سمیت پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار ملزمان کا تعلق پشاور سے ہے پشاور سے منشیات لے کر مختلف شہروں میں منشیات کی سپلائی کرتے سیالکوٹ سے گوجرانوالہ سپلائی کرنے جارہے تھے کہ صدر سیالکوٹ پولیس نے انہیں گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 2 کلو آئس اور 10 کلو چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف منشیات فروشی کے الزام میں مقدمات درج کر لئے۔ دوسری جانب گرفتار ملزمان میں سعدیہ۔ نازیہ۔ کاشف۔ بلال اور یوسف شامل ہیں منشیات کی برآمدگی سے منشیات فروشوں کی ایک بڑی چین کو بریک کرنے پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نے پولیس ٹیم کے لئے تعریفی اسناد اور نقد انعام کا اعلان کیا ہے

اسٹیڈیم روڈ اوکاڑہ پر ڈکیتی، وکیل اور اہلیہ لُٹ گئے

موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو لوٹ مار کر کے فرار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسٹیڈیم روڈ اوکاڑہ پر ڈکیتی، وکیل اور اہلیہ لُٹ گئے، موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو لوٹ مار کر کے فرار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود اسٹیڈیم روڈ پر ڈکیتی کی واردات پیش آئی، جہاں مسلح ڈاکوؤں نے معروف قانون دان ملک سرفراز ایڈووکیٹ اور ان کی اہلیہ کو لوٹ لیا۔ ملک سرفراز ایڈووکیٹ اپنی اہلیہ کے ہمراہ ڈی ایچ کیو ہسپتال سے واپس آ رہے تھے کہ جم خانہ کے سامنے تین نامعلوم موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے انہیں روک لیا۔ مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر ان سے نقدی، موبائل فون، زیورات اور دیگر قیمتی اشیاء چھین لیں۔ واردات کے دوران ڈاکوؤں نے ملک سرفراز ایڈووکیٹ سے 50 ہزار روپے نقدی اور اہلیہ سے کانوں کی بالیاں بھی چھین لیں۔ ڈاکو واردات مکمل کر کے با آسانی فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ اے ڈویژن پولیس موقع پر پہنچی اور شواہد اکٹھے کیے۔ پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ متاثرہ وکیل نے اپیل کی ہے کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

نسیم فاطمہ کالونی اوکاڑہ میں تیسری جماعت کی طالبہ، ایمان فاطمہ، سحری کے بعد سے لاپتہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) نسیم فاطمہ کالونی اوکاڑہ میں تیسری جماعت کی طالبہ، ایمان فاطمہ، سحری کے بعد سے لاپتہ۔ تفصیلات کے مطابق نسیم فاطمہ کالونی اوکاڑہ میں تیسری جماعت کی طالبہ، ایمان فاطمہ، سحری کے بعد سے لاپتہ ہوگئی۔ سحری کے بعد گھر کا دروازہ کھلا پایا گیا اور بچی کے ساتھ دو موبائل فون بھی غائب تھے۔ ایمان فاطمہ مقامی تاجر شیخ مبشر حسین کی بیٹی ہے، اور اس کی پر اسرار گمشدگی پر اہل خانہ شدید پریشان ہیں۔ تھانہ بی ڈویژن پولیس نے اطلاع ملنے پر فوری کارروائی کرتے ہوئے بچی کی تلاش شروع کر دی ہے۔

اشیاء فروخت کرنے والے با اثر افراد نے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) شہر میں سودی کاروبار عروج پر، قسطوں پر اشیاء فروخت کرنے والے با اثر افراد نے لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر میں مبینہ طور پر سودی کاروبار کرنے والے عناصر نے درجنوں نوجوانوں، طالب علموں سمیت دیگر افراد کو اپنے چنگل میں پھانس لیا جبکہ طلبہ و دیگر افراد نیا موبائل خرید کرنے کے شوق میں سود کا مکروہ دھندہ کرنے والے گروہوں کے چنگل میں پھنس کر رہ گئے، سودی افراد لواحقین کی گارنٹی کے بغیر ہی طلبہ سے خالی چیک لیکر اسکے قومی شناختی کارڈ پر 50 ہزار روپے مالیت والا موبائل 25 سے 30 ہزار روپے میں سیل کر دیتا ہے اور 20 ہزار ایڈوانس وصول کر کے ساتھ 10 ماہ تک بقایا رقم ادا کرنے کا پابند کر دیا جاتا ہے، بعد ازاں طلبہ کتابوں کی خریداری اور فیس کے نام پر گھر سے رقم لیکر ہر ماہ ہزاروں روپے کی قسطیں ادا کرنے کے چکر میں لگے رہتے ہیں، اگر قسط لیٹ ہو جائے تو سودی افراد کے کارندے فون پر دھمکیاں دینا شروع کر دیتے ہیں۔

کالعدم تنظیمیں کسی قسم کا چندہ اور زکوۃ اکٹھے نہیں کر سکتے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے کہا ہے کہ محکمہ داخلہ نے جن تنظیموں اور خیراتی اداروں کو کالعدم کر دیا ہے وہ کسی بھی قسم کے عطیات جمع کرنے سمیت کوئی بھی سرگرمی نہیں کر سکتے، کالعدم تنظیموں اور ان کے کالعدم اداروں کی محکمہ داخلہ کی طرف سے جاری اپ ڈیٹ لسٹ سرکل آفیسرز اور تھانوں کو بھجوائی جارہی ہے، پولیس افسران اس حوالے سے محکمہ داخلہ کے احکامات پر من وعن عمل کروائیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو پروفیشنل ہدایات دیتے ہوئے کیا، ڈی پی او رانا طاہر رحمان نے کہا کہ ماہ رمضان المبارک میں کالعدم تنظیموں اور ان سے منسلک کالعدم اداروں کے مختلف عنوانات کے تحت متحرک اور فعال ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں، محکمہ داخلہ کی طرف سے واضح اور دوٹوک احکامات ہیں کہ کالعدم تنظیمیں اور ان کے کالعدم ادارے نہ تو کوئی سرگرمی کر سکتے ہیں اور نہ ہی کسی قسم کے عطیات جمع کر سکتے ہیں، پولیس افسران قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کے ساتھ مل کر قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کالعدم تنظیموں اور ان متعلقہ کالعدم اداروں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں۔

پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے تین افراد سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے تین افراد سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے نواحی قصبہ باقر کے مہار بصیر پور کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش بابر علی ولد ظہور احمد سے 3 کلو 600 گرام چرس نواحی قصبہ باقر کے مہار بصیر پور کے رہائشی مقبول احمد ولد سارنگ سے 2 کلو چرس اور نواحی قصبہ چوچک کے رہائشی محمد یوسف ولد محمد یعقوب سے 1 کلو 540 گرام چرس برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔

ماہِ رمضان المبارک اللہ ربّ العزت کی رحمتوں، برکتوں اور انعامات کے حصول کا مہینہ ہے: چوہدری لیاقت

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ماہِ رمضان المبارک اللہ رب العزت کی رحمتوں، برکتوں اور انعامات کے حصول کا مہینہ ہے اس بابرکت مہینے کے روزے ہر مسلمان عاقل و بالغ اور آزاد و غلام پر فرض ہے چیف ایگزیکٹو اتفاق فونڈری اوکاڑہ مرکزی صدر مسلم یوتھ آرگنائزیشن چوہدری لیاقت علی نے صوبائی سیکرٹری اطلاعات پنجاب مسلم یوتھ آرگنائزیشن محمد ارشد قادری کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ان خیالات کا اظہار کیا انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک نیکیوں کا موسم بہار ہوتا ہے اس لئے ہمیں چاہیے کہ عام دنوں کی نسبت اس مہینہ میں روزے رکھنے کے ساتھ ساتھ زیادہ سے زیادہ نفل و نوافل اور صدقات و خیرات کا اہتمام کریں انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں لوگوں نے ماہِ رمضان کو لوٹ مار اور زیادہ سے زیادہ کھانے پینے کا موسم ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال شیخوپورہ کے وارڈ سپرنٹنڈنٹ کیخلاف مقدمہ درج

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال شیخوپورہ کی ایم ایس ڈاکٹر فائزہ کنول نے تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس کو درخواست دی ہے، جس میں ہسپتال کے وارڈ سرونٹ کامران سلطان کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی مطالبہ کیا گیا ہے درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ کامران سلطان کو ہسپتال کی مختلف فیسیں جمع کرنے کی ڈیوٹی سونپی گئی تھی سالانہ آڈٹ کے دوران سامنے آیا کہ اکامران سلطان نے 42لاکھ 87ہزار روپے وصولیوں کے ریکارڈ کے مطابق جمع نہیں کروائے اور فراڈ کر کے یہ پیسہ خود ہڑپ چکا ہے۔

آپ کے تحفظ کیلئے کوشاں
ڈسٹرکٹ پولیس سیالکوٹ

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا90/9L اور منظور کالونی کا دورہ

منظور کالونی میں سیوریج لائن ڈالنے کا کام شروع نہ کرنے پر اظہار ناراضگی، متعلقہ حکام کو فوری کام شروع کرنے کی ہدایت

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا90/9L اور منظور کالونی کا دورہ، منظور کالونی میں سیوریج لائن ڈالنے کا کام شروع نہ کرنے پر اظہار ناراضگی، متعلقہ حکام کو فوری کام شروع کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے 90/9L اور منظور کالونی کا دورہ کیا اور وہاں سیوریج لائن بچھانے کا کام شروع نہ ہونے پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے جی ٹی روڈ پر سیوریج پائپ ڈالنے کے کام کی سست روی پر تشویش کا اظہار کیا اور پسپ حکام کو کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ شہر کی مصروف ترین روڈ پر کام کی وجہ سے شہریوں کو درپیش مشکلات کم کی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کام کے دوران حفاظتی اقدامات کئے جائیں اور جاری کام کو مقررہ ڈیڈ لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔ بعد ازاں اپنے دفتر میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کمشنر شعیب اقبال سید نے عارف والا میں اڈوں اور دوکانوں کی نیلامی نہ ہونے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دوکانوں کے کرایہ کے بقایاجات کی وصولی تیز کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی اور ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ دوکانوں کے کرایہ جات کی وصولی کی نگرانی کریں اور بقایا ادا نہ کرنے والے دوکانداروں کو نوٹسز جاری کئے جائیں۔

جامع مسجد فیضانِ غوثِ اعظم واربرٹن میں دعوتِ اسلامی کا عظیم الشان افطار اجتماع

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے کثیر عاشقانِ رسول نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) دعوتِ اسلامی کے زیرِ اہتمام جامع مسجد فیضانِ غوثِ اعظم واربرٹن میں ایک عظیم الشان افطار اجتماع منعقد ہوا، جس میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے کثیر عاشقانِ رسول نے شرکت کی۔ اس بابرکت اجتماع میں دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن، نگرانِ پنجاب حاجی محمد اسلم عطاری سلمہ الباری نے سنتوں بھرا بیان فرمایا، جس سے شرکاء نے روحانی و اخلاقی فیوض حاصل کیے۔ اجتماعِ پاک کی ایک نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ اس میں سادات کرام کے 35 گھرانوں کو نقد نذرانہ پیش کیا گیا، جبکہ 70 دیگر مستحق افراد کی بھی مالی معاونت کی گئی۔ اس فلاحی اقدام کو شرکاء نے بے حد سراہا۔ بعد از نمازِ تراویح، دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات کے صوبائی، ڈویژنل اور ڈسٹرکٹ سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ بھی منعقد ہوا، جس میں تنظیمی و اصلاحی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ اجتماع دینی، اصلاحی اور فلاحی لحاظ سے نہایت کامیاب رہا اور شرکاء نے اس پر مسرت اور شکر گزاری کا اظہار کیا۔

دلاور مغل ہمارے دلوں میں بستے ہیں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سالانہ برسی پر دلاور مغل کی عوامی خدمات پر مرحوم کو خراج تحسین

سیالکوٹ ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ثبوت سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کے کزن دلاور مغل کی سالانہ برسی کے موقع پر دعائیہ تقریب منعقد ہوئی جس میں ان کے صاحبزادوں احمد دلاور مغل، عبداللہ دلاور مغل اور حافظ حبیب دلاور مغل نے اپنے والد مرحوم دلاور مغل کی سالانہ برسی پر دعائے مغفرت کا اہتمام کیا گیا۔ مرحوم دلاور مغل کی سالانہ برسی کی تقریب میں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ، صابر مغل، محمد یونس مغل، حافظ تصور حسین، ذوالفقار مغل، افتخار مغل ایڈووکیٹ، حسن وسیم، اسامہ وسیم خاندان کے افراد، دوست احباب اور معززین علاقہ نے شرکت کی اس موقع پر مرحوم دلاور مغل کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی کی گئی۔ قاری مسعود سعادت نے مرحوم کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ تقریب میں مرحوم دلاور مغل کی زندگی اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کی یادوں کو تازہ کیا گیا۔ مرحوم کے بیٹوں نے شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور اپنے والد کی یاد میں ان کی دعاؤں پر اظہار تشکر کیا۔

CRIME & COURT

جرم وسزا

حکومت کی جانب سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا جا رہا: شہباز احمد

خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے: سماجی شخصیت

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) حکومت کی جانب سے عوام کو کوئی ریلیف نہیں دیا جا رہا خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے نوکریاں ختم کر کے بیروزگاری میں اضافہ کیا جا رہا ہے کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے عوام دو وقت کی روٹی مشکل سے پوری کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی و سماجی شخصیت شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی نے مشکل ترین حالات کے باوجود عوام کو ریلیف دیا رمضان بازار لگائے کرونا کے دنوں میں حالات خراب ہونے کے باوجود کرفیو نہیں لگایا موجودہ حکومت غریب مکاؤ پالیسی پر عمل پیرا ہے عوام جانتی ہے مینڈیٹ کے بغیر آنے والی حکومت سے کوئی امید وابستہ نہیں کی جا سکتی پکڑ دھکڑ کی سیاست سے جماعتیں مضبوط نہیں بلکہ کمزور ہوتی ہیں۔

گیارہ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی و دیگر قیمتی سامان سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گیارہ مختلف وارداتوں میں شہری نقدی و دیگر قیمتی سامان سے محروم سوباوہ چوک کے عرفان کے گھر کا تالا توڑ کر نامعلوم چور پانی والی موٹر نئے کپڑے، برتن، جیولری و دیگر سامان چوری کر کے لے گئے عمر ٹاؤن نامعلوم چور مسجد کے گلے کا تالا توڑ کر نقدی 60ہزار روپے چوری کر کے لے گئے گلشن اقبال کالونی کے محمد سعید کے گھر سے 7 رول تار، سوئچ، شیٹ بلب، ہولڈر چوری کر کے لے گئے آدمکے کے محمد اسد کی گھر کے باہر سے موٹر سائیکل چوری، جنڈو کے گورائیہ کے سلیم کا گھر کے باہر سے رکشہ چوری مندرانوالہ کے ندیم عباس نے اپنی اراضی پر شالہ کاشت کر رکھا تھا جس پر ملزمان قمر عباس، قیصر عباس، فخر عباس، علی رضا، ثمر عباس چار کس نامعلوم نے ٹریکٹر داخل کر کے شالہ کی فصل تباہ کر دی منع کرنے پر اسلحہ تان لیا۔

اسلام نے ہمیشہ عورت کو مکمل تحفظ، عزت اور حقوق فراہم کیے ہیں

آج کی مسلمان عورت اپنے اصل مقام کو فراموش کر چکی ہے: ڈاکٹر فرخ جاوید



عارفوالا (نمائندہ قوت) اسلام نے ہمیشہ عورت کو مکمل تحفظ، عزت اور حقوق فراہم کیے ہیں مگر آج کی مسلمان عورت اپنے اصل مقام کو فراموش کر چکی ہے اج کی عورت نے اپنے مقصد حیات کو محض دنیاوی خواہشات تک محدود کر لیا ہے عورت کے کردار کے بعد کوئی بھی معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا آج خواتین مردوں کے شانہ بشانہ ہر شعبہ زندگی میں اپنی صلاحیتوں سے ملک کی ترقی میں کردار ادا کر رہی ہیں معاشرے کی ترقی کے لیے خواتین کو مردوں کے برابر مواقع ملنے کی ضرورت ہے جن معاشروں میں برابری ہوتی ہے اور جہاں خواتین معاشی طور پر مضبوط ہوتی ہیں وہ معاشرے ہمیشہ ترقی کی جانب گامزن رہتے ہیں ان خیالات کا اظہار عارفوالا کے سپوت MPA ڈاکٹر فرخ جاوید چوہدری نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر تمام محنت کش خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ معاشرے ہمیشہ برابری کی بنیاد پر قائم رہتے ہیں معاشرے کی بہتری کے لیے عورت اور مرد کو یکساں طور پر کردار ادا کرنے کی اہم ضرورت ہے خواتین معاشرے کا 50 فیصد حصہ ہے جن کو نظر انداز کر کے کوئی بھی معاشرہ کسی بھی صورت بہت ترقی نہیں کر سکتا معاشرے کو مضبوط بنانے کے لیے عورت کا مضبوط ہونا از حد ضروری ہے خواتین کی اگر مردوں کے برابر ہر شعبہ زندگی میں مواقع ملیں تو خواتین بھی اپنی صلاحیتوں و قابلیت سے ایک مضبوط معاشرے کی تشکیل کے لیے اپنا کردار ادا کر سکتی ہیں

پتوکی چلتی ٹرین سے گر کر نوجوان زخمی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی چلتی ٹرین سے گر کر نوجوان زخمی۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی تھانہ صدر پتوکی کی حدود حبیب آباد سے گزرتی ٹرین سے نوجوان نیچے گر کر زخمی ہوگیا زخمی نوجوان کی شناخت ماجد علی کے نام سے ہوئی جو ضلع رحیم یار خان کا رہائشی تھا۔ ریسکیو اہلکاروں نے ابتدائی طبی امداد کے نوجوان کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

پتوکی شادی شدہ خاتون نے زہر پی کر زندگی ختم کر لی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی شادی شدہ خاتون نے زہر پی کر زندگی ختم کر لی۔ تفصیل کے مطابق تھانہ صدر پھولنگر کی رہائشی 32 سالہ خاتون شادی شدہ خاتون نے زہر پی کر زندگی ختم کر لی۔ خاتون جمبر کی رہائشی تھی جس نے ہسپتال پہنچ کر دم توڑ دیا۔

ون ویلنگ کرتے اوباش گرفتار

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی)) ون ویلنگ کرتے اوباش گرفتار جبکہ ملزم سے پسٹل برآمد۔ موترہ باب سیالکوٹ کے قریب ون ویلنگ کرنے پر حیدر علی، ابوبکر مبین، عبدالرحمان کے خلاف مقدمہ درج بنگلہ چوک میں ملزم فریاد علی سے پسٹل 30 بور برآمد مقدمات درج

5 سالہ بچی اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) 5 سالہ بچی اغوا۔ گلہ تیلیانوالہ کے محمد وارث کی 5 سالہ بیٹی رحمہ ساتھ والی گلی میں پھوپھو کے گھر کھانا دے کر واپس آرہی تھی کہ کسی نامعلوم نے اغوا کر لیا

موٹر سائیکل رکشہ اور ٹرالے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں تین خواتین اور بچے سمیت پانچ افراد شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) موٹر سائیکل رکشہ اور ٹرالے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں تین خواتین اور بچے سمیت پانچ افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 20جیڈی کے قریب موٹر سائیکل رکشہ اور گنے سے بھرے ٹرالے کے درمیان تصادم کے نتیجے میں رکشہ میں سوار 43 سالہ محمد ضیاء، 22 سالہ نبیلہ بی بی 40 سالہ خالدہ بی بی 42 سالہ شہناز بی بی اور 6 سالہ عبداللہ شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

نگہبان رمضان پیکج میں من چاہے لوگوں کو شامل کیا گیا ہے: شہریوں کا شکوہ

ماہ مقدس میں عام آدمی کو ریلیف نہ ملنا زیادتی ہے: شہری پریشان

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرکاری رمضان بازار نہ لگنے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا یوٹیلٹی سٹور بھی ریلیف دینے میں ناکام نگہبان رمضان پیکج بھی من چاہوں میں تقسیم غریب محنت کشوں کے نام ہی شامل نہیں کیے گئے جن کے نام آئے ان کو بائیو میٹرک میں مشکلات کا سامنا فنگر پرنٹس نہ لگنے پر مستحق افراد پریشان گزشتہ سال نگہبان رمضان راشن سکیم کی طرح اس سال بھی اداروں کی غلطیاں سامنے آ گئیں غیر ضروری لوگوں کے نام شامل کر لیے گئے ہیں جبکہ ہزاروں مستحق افراد کو شامل نہیں کیا گیا جس سے حکومت کی نا اہلی کھل کر سامنے آ گئی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ رمضان بازار نہیں لگائے گئے اور نہ ہی یوٹیلٹی سٹورز سے عام آدمی کو ریلیف دیا گیا اور سینکڑوں مستحق افراد نگہبان رمضان پیکج سے بھی محروم رہے جس سے رمضان المبارک میں عام آدمی کو گھریلو امور میں شدید مشکلات کا سامنا رہا سابقہ ادوار کی طرح رمضان بازار لگانا اچھا اقدام تھا جس میں مستحق افراد آتے اور مرضی کی خریداری کر کے گھروں کو لوٹ جاتے تھے موجودہ مہنگائی کے دور میں ماہ مقدس میں بھی عام آدمی کو ریلیف نہ ملنا زیادتی کے مترادف ہے۔

سول ڈیفنس سیالکوٹ والنٹیئرز کی تربیتی مشقوں کا انعقاد کریگی: طاہر مجید کپور

شہریوں کی حفاظت کیلئے مستعدی و مشاقی انتہائی ضروری ہے: چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وہ مختلف مواقع و مذہبی تہواروں کے دوران سیکیورٹی ڈیوٹی ہو یا پھر ہنگامی صورتحال کے دوران صنعتی و دیگر اداروں میں ایمرجنسی حالت تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ نے ہمیشہ اپنے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر و فوری عملی اقدامات کئے ہیں جو کہ سول ڈیفنس والنٹیئرز کا طرہ امتیاز ہے۔ ان باتوں کا اظہار چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ نے ورلڈ سول ڈیفنس ڈے سیمینار میں شرکت کے بعد میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اپنے ڈیوٹی فل رضا کاروں پر فخر ہے جنہوں نے ہمیشہ ڈیوٹی روسٹرز و ہماری ایمرجنسی کال پر بروقت ریسپانس دیا جس سے نہ صرف عام شہریوں بلکہ سیالکوٹ کی انڈسٹری میں ہنگامی صورتحال کے دوران سول ڈیفنس والنٹیئرز سیالکوٹ کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے دکھائی دیئے۔ عنقریب تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ رضاکاران کی جدید تکنیکی مہارتوں و استعداد کار میں اضافے کیلئے تربیتی مشقوں کا انعقاد کریگی۔

مصطفی آباد: پولیس افسران اور اہلکاروں کیلئے افطار ڈنر کا اہتمام

چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ نے بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کرنیوالے افسران اور اہلکاروں کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات تقسیم کیے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پولیس افسران اور اہلکاروں کیلئے افطار ڈنر کا اہتمام، چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ آر پی او سرگودھا ڈاکٹر محمد شہزاد آصف کا بھرتی کے دوران بہترین انتظامات پر ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں اور انکی ٹیم کو شاباش، چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ نے بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کرنیوالے افسران اور اہلکاروں کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات تقسیم کیے، تفصیلات کے مطابق پولیس افسران اور اہلکاروں کیلئے افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ آر پی او سرگودھا ڈاکٹر محمد شہزاد آصف، ایس ایس پی ٹریفک پنجاب ہیڈکوارٹر سید غضنفر علی شاہ، ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز سمیت ریکروٹمنٹ میں ڈیوٹی سرانجام دینے والے تمام پولیس افسران اور اہلکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، افطار ڈنر ضلع قصور میں ریکروٹمنٹ برائے کانسٹیبل اور لیڈی کانسٹیبل 2025 میں بہترین ڈیوٹی سرانجام دینے پر پولیس افسران اور اہلکاروں کیلئے اعزاز میں کیا گیا، چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ آر پی او سرگودھا ڈاکٹر محمد شہزاد آصف کا بھرتی کے دوران بہترین انتظامات پر ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خاں اور انکی ٹیم کو شاباش، چیئرمین ریکروٹمنٹ بورڈ نے بہترین پرفارمنس کا مظاہرہ کرنیوالے افسران اور اہلکاروں کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات تقسیم کیے جبکہ ڈی پی او قصور نے ریکروٹمنٹ کی ڈیوٹی سرانجام دینے والے تمام افسران اور اہلکاروں کیلئے تعریفی سرٹیفکیٹ کا اعلان کیا۔



نارنگ منڈی کی رابطہ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار

گہرے کھڈے جان لیوا: خستہ حالی کی وجہ سے سفر کرنا انتہائی مشکل

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سینکڑوں دیہات کو شہر سے ملوانے والی اہم شاہراہیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار جان لیوا گہرے کھڈے حادثات کا باعث بننے لگے سفر میں تاخیر سمیت مشکلات میں اضافہ ہوگیا تفصیل کے مطابق مختلف دیہات کو شہر سے ملوانے والالاونس روڈ محمدی والا روڈ اور نارنگ بدوملہی روڈ خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگیا گہرے کھڈے جان لیوا حادثات کا باعث بن رہے ہیں گاڑیاں تباہ ہو رہی ہیں اور منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہو رہا ہے روزانہ ہزاروں لوگ ان شاہراؤں کے ذریعے سفر کر کے خریداری اور دیگر امور کی انجام دہی کیلئے نارنگ شہر کا رخ کرتے ہیں لیکن گہرے کھڈوں اور خستہ حالی کی وجہ سے انہیں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اہل علاقہ نے وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ اینڈ تحقیق رانا تنویر حسین ممبر قومی اسمبلی وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا احمد عتیق انور اور ممبر صوبائی اسمبلی و چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ایریگیشن چوہدری حسان ریاض سے مطالبہ کیا ہے کہ ان اہم رابطہ سڑکوں کی از سر نو تعمیر و مرمت کو یقینی بنایا جائے تاکہ اہل علاقہ کے لئے آمدورفت میں آسانی ہو سکے۔

مقامی معروف قانون دان کی گاڑی پر فائرنگ، قاتلانہ حملہ میں بال بال بچ گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) مقامی معروف قانون دان کی گاڑی پر فائرنگ، قاتلانہ حملہ میں بال بال بچ گئے۔ معروف قانون دان محسن جعفری سابق صدر تحریک نفاذ فقہ جعفریہ، ضلعی جنرل سیکرٹری مرکز ولائت پاکستان کار میں سوار ہوکر جھاریانوالہ سے کچہری جا رہے تھے، جب سیٹلائٹ ٹاؤن کے قریب پہنچے تو 2 موٹر سائیکل سواروں ان پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجہ میں گاڑی کے شیشے ٹوٹ گئے جبکہ محسن جعفری محفوظ رہے۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی گولیوں کے خول اور شواہد اکٹھے کئے۔ دن دیہاڑے فائرنگ کے واقعہ سے علاقہ میں خوف وہراس پھیل گیا ہے۔

بلڈ پریشر اور شوگر کے مریضوں کو رمضان المبارک میں نمک اور چینی سے تیار ہونے والی اشیاء سے پرہیز کرنا چاہئے تاکہ فالج اور دیگر بیماریوں سے بچا جاسکے

جہلم (بیورو رپورٹ) بلڈ پریشر اور شوگر کے مریضوں کو رمضان المبارک میں نمک اور چینی سے تیار ہونے والی اشیاء سے پرہیز کرنا چاہئے تاکہ فالج اور دیگر بیماریوں سے بچا جاسکے۔ یہ بات ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال کے میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر فواد مجید چوہدری نے جہلم پریس کلب کے نمائندہ وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں روزہ دار تیز مصالحہ جات اور تلی ہوئی اشیاء کھانے سے پرہیز کریں شوگر، بلڈ پریشر، جگر و معدہ کے مریضوں کے لئے احتیاط ضروری ہے رمضان المبارک بابرکت اور رحمتوں و بخشش کا مہینہ ہے روزہ دار سحری و افطاری کے وقت تلی ہوئی تیز مصالحہ دار سموسے، پکوڑے، بیکریز کے سامان شوارما، برگر کھانے سے مکمل پرہیز کریں کیونکہ تلی ہوئی اشیاء کھانے سے بلڈ پریشر بڑھنے کی وجہ سے دل کے امراض بڑھنے کا خدشہ لاحق ہوتا ہے اسی طرح شوگر کے مریضوں کو افطاری کے وقت سادہ غذا کا استعمال کرنا چاہئے۔ تاکہ بیماریوں سے بچا جاسکے

02ڈکیت وموٹر سائیکل چور گینگ کے 06ملزمان پولیس کے شکنجے میں

ملزمان کے قبضہ سے 18لاکھ 85ہزار روپے نقدی اور 40موٹر سائیکلیں برآمد۔

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری/رانا ظفر اقبال) مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں اور چوروں کے خلاف کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی عنصر جاوید موہل و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 02ڈکیت وموٹر سائیکل چور گینگ کے 06ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 18لاکھ 85ہزار روپے نقدی اور 40عدد موٹر سائیکلیں برآمد کیں۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں زبیر علی، حارث، مون، عاطف، عمر اور عبداللہ شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ ضلع بھر میں ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرتے اور فرار ہو جاتے۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا کہ مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی عنصر جاوید موہل اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو شاباش دی۔

رمضان پیکج کے تحت مستحق افراد میں رقوم کی تقسیم میں بدعنوانیاں جاری

عارفوالا (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے نگہبان رمضان پیکج کے تحت مستحق افراد میں رقوم کی تقسیم میں بدعنوانیاں جاری عارف والا کے گرد و نواح سمیت قبولہ، چوک مرلے، تھانہ احمد یار، اڈا ترکھنی اور محمد نگر میں وزیراعلیٰ پنجاب کے نگہبان رمضان پیکج کے احکامات ہوا کی نظر تفصیل کے مطابق عارف والا کے گرد و نواح میں نگہبان رمضان پیکج کے تحت مستحق افراد میں رقم کی تقسیم میں بدعنوانیاں جاری 10 ہزار کی رقم حاصل کرنے والے افراد کو پانچ سو سے ایک ہزار تک کٹوتی کرنے کا ٹیکہ لگایا جا رہا ہے۔

وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی کا ضلع جہلم میں بھرپور استقبال

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی بلال اظہر کیانی وزیر مملکت بننے کے بعد سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری سعید اقبال کی دعوت پر انکے ڈیرہ پر پہنچے وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی کا ضلع جہلم کی حدود میں سہ کسوال پہنچنے پر لیگی کارکنوں نے پرتپاک استقبال کیا نوٹوں کے ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں سوہاوہ پہنچنے پر سابق ایم پی اے راجہ اویس خالد دینہ کے مقام پر سابق ایم پی اے مہر محمد فیاض جبکہ جہلم پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سیکرٹریٹ جادہ پہنچنے پر کارکنوں ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے استقبال کیے وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کو گاڑیوں کے قافلے میں سینکڑوں کارکنوں کے ہمراہ چوہدری سعید اقبال کے ڈیرے پر لایا گیا جہاں عوام کے ٹھاٹھیں مارتے سمندر نے استقبال کیا، استقبالیہ کیمپ میں وزیر مملکت بلال اظہر کیانی پر پھول نچھاور کے گئے اور پارٹی ترانوں اور نعروں سے فضا گونجتی رہی پنڈال میں داخل ہونے پر وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کو پھولوں کے ہار پگڑیاں اور نوٹوں کے ہار پہنائے گئے، اس موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کا کارکن اور جہلم کا بیٹا ہوں، ضلع جہلم کی تعمیر و ترقی کے لیئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، جہلم کے عوام کی محبت کبھی فراموش نہیں کر سکتا انہوں نے کہا کہ جہلم کو پنجاب کا مثالی ضلع بنانے کے لیے آپکے تعاون سے جدوجہد کریں گے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ جہلم للہ دورویہ سڑک کا کام عرصہ دراز سے بند تھا میں نے ضلع جہلم کے عوام سے وعدہ کیا تھا اب تیزی کے ساتھ کام شروع ہو چکا ہے۔

مصطفی آباد: پندرہ روز قبل لاپتہ ہونے والا شکیل نامی نوجوان کا سراغ نہ مل سکا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پندرہ روز قبل لاپتہ ہونے والا شکیل نامی نوجوان کا سراغ نہ مل سکا: 35 سالہ گونگا بہرہ شخص گھر سے فیکٹری گیا اور واپس نہ آیا، اطلاع دینے والے کے لئے نقد انعام کا اعلان، اعلی حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد سے پندرہ روز قبل لاپتہ ہونے والے 35 سالہ گونگے بہرے شکیل نامی نوجوان کا سراغ نہ مل سکا، لاپتہ ہونے والا شکیل سردار نامی شخص گھر سے محنت مزدوری کے لیے گیا لیکن واپس نہ آیا لاپتہ ہونے والے نوجوان کی تھانہ نشتر کالونی میں ایف آئی آر تو درج کر لی گئی لیکن ابھی تک کسی قسم کی کوئی کاروائی نہ ہوسکی ہے، لاپتہ شخص کے بھائی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم اعلی حکام سے اپنے بھائی کو تلاش کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں اور عوام سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ اس کے بارے میں اگر کسی کو علم ہو تو وہ ہمیں اطلاع دے، اطلاع دینے والے کو نقد انعام دیا جائے گا۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

عوام کا پیسہ ہے اور اگر وہ خرد برد کی نذر ہوجائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑا عام آدمی کے ساتھ ظلم و زیادتی نہیں ہوسکتی۔ شہباز شریف نے کہا لہذا ناقص معیار، کرپشن کا خاتمہ کردیا گیا، اس جدید ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے، تقریبا 40 لاکھ خاندان جو کہ 2 کروڑ افراد سے زیادہ بنتے ہیں، اس پروگرام کو 20 ارب سے زیادہ کی لاگت سے اس کو شروع کیا گیا، اس سے عوام کو فائدہ ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پہلی مرتبہ شفاف طریقے سے عوام کو ریلیف دیا گیا اور کسی قسم کی کوئی شکایات سامنے نہیں آئیں کہ چیزوں میں کوئی خرابی ہے، 5 ہزار فی خاندان ملیں گے تو جو ان کی ضرورت ہے اس کے مطابق وہ خریداری کر سکتے ہیں۔

بقیہ جات 2

تعلیمی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اب اس رقم کو تعلیمی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی اجازت دیدی ہے اور سپریم کورٹ آف پاکستان نے بھی اس پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔ حکومت نے فیصلہ کیا کہ اس رقم سے اسلام آباد میں دانش یونیورسٹی آف ایمرجنگ ٹیکنالوجیز اور دور دراز پسماندہ علاقوں میں دانش سکول قائم کیے جائیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے دانش سکولوں کے قیام کا منصوبہ 2010ء میں شروع کیا تھا جس کا مقصد پسماندہ ترین علاقوں میں غریب طبقات کو معیاری تعلیم فراہم کرنا تھا۔ ان سکولوں میں سیٹیں لڑکوں اور لڑکیوں میں برابر تقسیم کی جاتی ہیں، وزیراعظم شہباز شریف نے ٹیکنالوجی یونیورسٹی اور دانش سکولوں کے قیام کیلئے وفاقی وزیر احسن اقبال کی سربراہی میں ماہرین کی 10 رکنی کمیٹی قائم کردی ہے جو مجوزہ یونیورسٹی کے پروگرام اور سکولوں کی فہرست تیار کرے گی۔ وزیراعظم خود اس گیارہ رکنی کمیٹی کے سربراہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی سربراہی میں یہ کمیٹی یونیورسٹی کے قیام کیلئے مطلوبہ قانون سازی کے علاوہ ڈیڑھ سال کے عرصہ میں اس کی تعمیر کی مانیٹرنگ بھی کرے گی۔

بقیہ جات 3

ہے، اتفاق رائے سے قومی اہمیت کے فیصلے کریں، حکومت اور پارلیمنٹ اگلے بجٹ میں عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کریں، دہشت گردوں کو جو بیرونی سپورٹ اور فنڈنگ مل رہی ہے ہم سب واقف ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری سیکیورٹی فورسز نے اپنی جانیں قربان کی ہیں، ہم دوبارہ دہشتگردی کو سر اٹھانے کی اجازت نہیں دے سکتے، دریائے سندھ سے نہریں نکالنے کے یکطرفہ فیصلے کی حمایت نہیں کرسکتا، زرمبادلہ میں ریکارڈ اضافہ خوش آئند ہے، نظام میں مزید بہتری لانا ہوگی، ایوان بہتر طرز حکمرانی، سیاسی اور اقتصادی استحکام کے فروغ پر توجہ مرکوز کرے، قابل تجدید توانائی اور برقی گاڑیوں کے فروغ میں سرمایہ کاری کرنی چاہیے، ایک ملک کے طور پر آگے بڑھنے کے لیے ٹیکس نظام کو بہتر بنانا ناگزیر ہے، ہمیں اپنے ٹیکس نیٹ میں اصلاحات اور توسیع کرنی چاہیے، ہمیں ڈیجیٹل اور انفارمیشن ہائی ویز کی تعمیر، آئی ٹی پارکس میں سرمایہ کاری، انٹرنیٹ تک رسائی اور رفتار بڑھانے اور ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت کی ترقی پر توجہ دینی چاہیے، چین کے ساتھ ہمارے تعلقات ہماری سفارت کاری کا سنگ بنیاد ہیں، ہم بیجنگ کے ساتھ اقتصادی اور تزویراتی تعلقات کو مزید مستحکم کرتے رہیں گے، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، ترکی اور دیگر ممالک کے تعاون کو دل کی گہرائیوں سے سراہتے ہیں، امریکہ اور پاکستان کے درمیان حالیہ کامیاب انسداد دہشت گردی تعاون حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو مشترکہ مقاصد کے لیے تعاون کی تجدید اور اضافہ کے لیے ان کامیابیوں پر تعلقات کو قائم کرنا چاہیے، مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہمارے بھائیوں اور بہنوں کی حالت زار پوری قوم کے لیے تشویشناک ہے، پاکستان کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد میں ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑا رہے گا، عالمی برادری بھارتی قابض افواج کے مظالم کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کرے، فلسطین میں سلسلہ وار تباہی دنیا کی فوری توجہ کی متقاضی ہے، پاکستان فلسطینی کاز کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ جات 4

انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انتظامی سطح پر بھی تاریخی اقدامات کررہی ہیں جس سے صوبہ پنجاب کو دیگر صوبوں پر برتری حاصل ہے، وہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے اقدامات کررہی ہیں۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے مقدمہ کے چالان بروقت جمع نہ کروانے پر جب دوران سماعت سخت نوٹس لیا اور مکمل تفصیلات طلب کیں تو رپورٹس سامنے آئیں کہ چار لاکھ سے زائد مقدمات کے چالان عدالتوں میں جمع نہیں ہوئے، کہیں تفتیشی افسروں کی غفلت سامنے آئی اور کہیں پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے اقدامات نہیں کیے گئے۔ اس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے حکم دیا کہ ایسا منصوبہ بنایا جائے کہ جب کوئی ایف آئی آر درج ہو تو اس دن سے لیکر اس ایف آئی آر کے فیصلے تک مکمل ریکارڈ آن لنک رہو، ایف آئی آر کے اندراج کے بعد اگر تفتیشی افسر تفتیش بروقت مکمل نہیں کرتا تو متعلقہ افسر کمپیوٹر پر کلک کرکے دیکھ سکے کہ تفتیشی نے کارروائی کیوں نہیں کی اسی طرح سے پراسیکیوٹر کی کارکردگی بھی دیکھی جاسکے گی۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ اور آئی ٹی کے ماہرین پر مشتمل ٹیم نے دن رات ایک کرکے پراجیکٹ مکمل کیا جس کو حتمی شکل دیدی گئی ہے جس کے نفاذ کا جلد امکان ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے بتایا کہ چیف جسٹس عالیہ نیلم کے حکم پر منصوبہ مکمل ہوچکا ہے اور یہ اعزاز صوبہ پنجاب کو حاصل ہے، اب تک ایسا کوئی منصوبہ دوسرے صوبوں کی عدلیہ میں شروع نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ مقدمے کے اندراج کے بعد چالان بروقت جمع نہ ہونا اور تفتیشی کا بروقت تفتیش مکمل نہ کرنا بہت بڑا مسئلہ تھا لیکن جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے اب یہ مسئلہ ختم ہوجائے گا، اب جہاں جس کی غلطی ہوگی وہ سامنے آجائے گی اور اس سے عدالتوں میں زیرالتوا مقدمات میں کمی آئے گی۔ قانونی ماہر احسن بھون کا کہنا تھا کہ چیف جسٹس عالیہ نیلم وہ اقدامات کررہی ہیں جن کی ماضی میں مثال نہیں ملتی، فوجداری نظام میں بہتری آئے گی۔

بقیہ جات 5

لیے دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے فیصلہ محفوظ کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق ندیم نے چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست پر سماعت کی۔ چوہدری پرویز الٰہی کے وکیل نے موقف اپنایا کہ پولیس کی جانب سے فراہم کی گی مقدمات کی تفصیلات نامکمل ہیں، درج مقدمات کی کاپیاں فراہم نہیں کی گئیں، پولیس نے صرف بتایا کن کن مقدمات میں گرفتاری مطلوب ہے۔ عدالت نے درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ گزشتہ سماعت پر پولیس نے پرویز الٰہی پر 32 مقدمات درج ہونے کی تفصیلات عدالت میں پیش کی تھیں۔

بقیہ جات 6

وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد جاوید بھی شامل تھے۔ ملاقات میں ایڈووکیٹ جنرل پنجاب امجد پرویز ملک نے عوامی فلاح کے لیے مجوزہ قانونی اصلاحات کے بارے میں نواز شریف کو تفصیلی بریفنگ دی۔ علاوہ ازیں نواز شریف کے ساتھ پنجاب لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل پر بھی گفتگو ہوئی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق نواز شریف نے کہا کہ عوام کو ہر صورت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ سستے اور جلد انصاف کی فراہمی کے لیے قانونی اصلاحات ناگزیر ہیں۔ بعد ازاں نواز شریف ماڈل ٹاؤن سے روانہ ہوگئے۔

بقیہ جات 7

کرلیا۔ پی ٹی آئی رہنما افضل خان باری کی جانب سے دائر درخواست میں چیف سیکرٹری پنجاب، ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، 22 مارچ کو شام 8 بجے سے رات 12 بجے تک جلسہ کرنا ہے، جلسے اور ریلی کرنے کی اجازت پاکستان کا آئین بھی دیتا ہے، پی ٹی آئی کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جارہا ہے، انتظامیہ جلسے کی درخواست پر فیصلہ نہیں کررہی، استدعا ہے عدالت ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر کو درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم دے۔

بقیہ جات 8

کیئر سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ انجکشن کی ری ایکشن کے واقعہ پر گہری تشویش ہے، غفلت کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ مریضوں کے بہترین علاج کا حکم دیا۔

بقیہ جات 9

ججز کے کردار کو تسلیم کرتے ہیں۔ اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس نے کہا کہ خواتین جو قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھنے اور عوام کو انصاف تک رسائی کی فراہمی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں۔ عدلیہ کے شعبے میں خواتین کی بڑھتی ہوئی موجودگی نہ صرف صنفی مساوات کی علامت ہے بلکہ یہ اس حقیقت کو بھی اجاگر کرتی ہے کہ پاکستان ایک ترقی پسند اور معتدل جمہوریت ہے جو اپنے شہریوں کی صلاحیتوں کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں بروئے کار لانے کی کوشش کررہا ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ اس سے عوام کے عدالتی نظام پر اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے اور فیصلے کرنے کے عمل میں حقیقی شمولیت، انصاف پسندی اور وسیع تر نقطہ نظر کو فروغ ملتا ہے۔ خواتین ججز کی ثابت قدمی، دیانت داری اور انصاف کے لیے لگن نے نہ صرف ہمارے قانونی نظام کو مزید مضبوط کیا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک مثالی معیار بھی قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس موقع پر انصاف کے شعبے میں صنفی مساوات کے فروغ میں ہونے والی پیش رفت کو تسلیم کرتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں۔ عدلیہ اپنے اس عزم پر قائم ہے کہ وہ ایسا سازگار ماحول فراہم کرے جہاں خواتین وکلا کسی رکاوٹ کے بغیر ترقی کرسکیں، اپنے کردار کو مؤثر طریقے سے نبھا سکیں اور قیادت کرسکیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ آئیے ہم سب مل کر ایک ایسے عدالتی نظام کی تشکیل کے لیے کام کریں جو ہماری معاشرتی تنوع اور مضبوطی کا حقیقی عکس ہو۔ تاکہ انصاف تک رسائی محض ایک وعدہ نہ رہے بلکہ ہر شہری کے لیے ایک حقیقی اور یقینی حقیقت بن جائے۔

بقیہ جات 10

کا معاملہ مستقل طور پر اب ختم ہونے جارہا ہے، اس نے اپنا لائف سائیکل مکمل کرلیا، لوگوں میں اب شعور آچکا ہے عوام کو بدتہذیبی اور بدتمیزی نے کچھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ترقی چاہیے، اپنے مسائل کا حل چاہیے مہنگائی میں کمی چاہیے۔ مریم نواز نے کہا کہ اب جب عوام دیکھ رہی ہے کہ معیشت بہتر ہورہی ہے حالات بہتر ہورہے ہیں تو انہیں پتہ چل گیا ہے کہ بدتمیزی بدتہذیبی اور خدمت میں کیا فرق ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس بدتہذیبی اور بدتمیزی کا معاملہ مستقل طور پر اب ختم ہونے جارہا ہے، اس نے اپنا لائف سائیکل مکمل کرلیا، لوگوں میں اب شعور آچکا ہے عوام کو بدتہذیبی اور بدتمیزی نے کچھ نہیں دیا۔

بقیہ جات 11

دے گا۔ ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت کو ایک ارب ڈالر کی قسط کے حصول کے لیے نئے اہداف کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع نے کہا کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ اور گردشی قرض میں کمی پر مذاکرات ہوں گے، بجلی کے بلوں پر 2.80 روپے فی یونٹ سرچارج لگانے کی تجویز زیرغور ہے، پیٹرول اور ڈیزل گاڑیوں پر کاربن ٹیکس لگانے کے امکان پر غور ہوگا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کوئلے سے چلنے والے بجلی گھروں پر کاربن لیوی عائد کرنے کی تجویز پر بھی بات چیت ہوگی، نجکاری کے شارٹ ٹرم پلان پر حتمی بات چیت متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق الیکٹرک وہیکل پالیسی میں ٹیکس اصلاحات پر بھی گفتگو جاری ہے، تکنیکی مذاکرات میں پاکستان سے ''ڈومور'' کا مطالبہ متوقع ہے، پالیسی سطح کے مذاکرات ختم ہونے کے بعد آئی ایم ایف ابتدائی بیان جاری کرے گا۔ وزارت خزانہ، ایف بی آر اور وزارت توانائی نے اپنی کارکردگی رپورٹس گزشتہ ہفتے آئی ایم ایف کو پیش کی تھیں۔ وزارت خزانہ نے کرنٹ اکاؤنٹ، مالی خسارہ کنٹرول کرنے اور بین الاقوامی فنانسنگ پر بریفنگ دی اور اصلاحات اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی بڑھانے کی تفصیلات فراہم کیں۔ ایف بی آر کی جانب سے 605 ارب روپے کا شارٹ فال پورا کرنے کی تفصیلات حوالے کی گئیں۔ وزارت پٹرولیم اور توانائی کی جانب سے آئی ایم ایف حکام کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ توانائی کے شعبے میں گردشی قرض میں کمی کے لیے کمرشل بینکوں سے 1250 ارب روپے 10.8 فی صد شرح سود پر بطور قرض لیے جائیں گے۔ آئی ایم ایف وفد سے ریئل اسٹیٹ، پراپرٹی، بیوریجز، تمباکو سیکٹر کے ریلیف کی تجویز زیر بحث رہی، آئندہ بجٹ میں تنخواہ دار طبقے پر بھی ٹیکسوں کا بوجھ کم کرنے کی تجویز پر بات چیت کی گئی۔ ریٹیل سیکٹر سمیت مختلف شعبوں سے 250 ارب روپے ٹیکس وصولی کے پلان پر بھی گفتگو ہوئی، حکام کو گردشی قرض اور بجلی کے بلوں میں کمی، ریکوری اور لائن لاسسز کم کرنے پر بریفنگ دی گئی۔

بقیہ جات 12

کارکنان اور سول سوسائٹی کے اراکین نے 26 ویں آئینی ترمیم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کردیا۔ دائر کی گئی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم کو اختیارات کے ناجائز استعمال اور قانونی طریقہ کار کی صریح خلاف ورزی کے ذریعے منظور کیا گیا۔ یہ ترمیم عوام اور ریاست کے درمیان موجود سماجی معاہدے کی روح کے منافی ہے کیونکہ یہ ریاست کے تیسرے ستون یعنی آزاد عدلیہ کے وجود کو کمزور کرتی ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ ترمیم عدلیہ کی آزادی کو مکمل طور پر ختم کردیتی ہے۔ نہ صرف چیف جسٹس پاکستان اور سپریم کورٹ و ہائی کورٹس کے ججوں کی تقرری میں ایگزیکٹو اور مقننہ کو حد سے زیادہ اختیار دیا گیا ہے، بلکہ آئینی مقدمات سننے والے بینچز کی تشکیل کا اختیار بھی انہی اداروں کو دے دیا گیا ہے۔ اس سے اختیارات کی تقسیم کا اصول متاثر ہوگا اور کسی بھی ریاستی ادارے کے اختیارات کے غلط استعمال پر نظر رکھنے والا کوئی مؤثر نظام باقی نہیں رہے گا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم بنیادی حقوق کے نفاذ میں رکاوٹ ڈالتی ہے۔ اس کے نتیجے میں وہ تمام مقدمات، جو بنیادی حقوق کی خلاف ورزی یا حکومتی اقدامات کی قانونی حیثیت سے متعلق ہوں گے، ایسی آئینی بینچز میں سنے جائیں گے جن کی تشکیل حکومت کے زیر اثر ہوگی۔ اس سے نہ صرف ان بینچز کی غیر جانبداری پر سوالات اٹھتے ہیں، بلکہ یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ یہ ترمیم بنیادی طور پر حکومت، اس کے سیاسی و کاروباری اتحادیوں اور سیکیورٹی اداروں، بشمول فوج، کو قانونی جوابدہی سے بچانے کے لیے بنائی گئی ہے۔ درخواست میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 26 ویں آئینی ترمیم شہریوں کو عدالتی تحفظ سے محروم کردے گی، جس سے جبری گمشدگیوں، زبردستی بے دخلیوں، آزادی صحافت پر قدغن، مزدوروں، کسانوں، طلبہ اور مذہبی و نسلی اقلیتوں کے حقوق کی مزید پامالی، اظہار رائے، اجتماع، نقل و حرکت اور پرامن احتجاج کی آزادی پر قدغن لگانے کے راستے کھل جائیں گے۔ اس کے علاوہ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بین الصوبائی تنازعات کو حکومت کے مقرر کردہ بینچز کے سپرد کرنا، وسائل کی تقسیم کے معاملات میں سیاسی مداخلت کو فروغ دے گا۔

بقیہ جات 13

کو 25 سال مکمل ہوگئے۔ 1997 میں پاکستان قومی مردم شماری کے انعقاد میں شدید مشکلات کا شکار تھا۔ بار بار تاخیر کے باعث درست آبادی کے اعداد و شمار کا حصول ایک بڑا چیلنج بن چکا تھا۔ اس وقت کے وزیراعظم نے اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی مسلح افواج کو ذمہ داری سونپی۔ ہیڈکوارٹرز آرمی ایئر ڈیفنس کمانڈ نے اس موقع کو نہ صرف مردم شماری کے انعقاد بلکہ ایک جدید شناختی نظام کی بنیاد رکھنے کے لیے استعمال کیا۔ مارچ 1998 میں نیشنل ڈیٹا بیس آرگنائزیشن کے قیام کے ساتھ اس منصوبے کا آغاز ہوا۔ 60 ملین ڈیٹا فارم پرنٹ کرکے ملک کے ہر گھر تک پہنچائے گئے۔ مردم شماری کے دوران نہ صرف آبادی کا شمار کیا گیا بلکہ ہر شہری کی جامع معلومات اکٹھی کی گئیں۔ یہ فارم آج بھی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے درخواست فارم کی بنیاد ہیں۔ اس عمل میں مسلح افواج کے ساتھ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس، اسکول اساتذہ اور سرکاری ملازمین نے حصہ لیا، جو فاٹا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سمیت دور دراز علاقوں تک پہنچے۔ ڈیٹا اکٹھا کرنے کے بعد اس کی ڈیجیٹائزیشن ایک بڑا امتحان تھی۔

بقیہ جات 14

واقعات کے ملزمان کی ضمانت منسوخی کی اپیلوں پر سماعت ہوئی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے مقدمات کی سماعت کی۔ عدالت نے پنجاب حکومت کی مہلت کی استدعا منظور کرتے ہوئے کہا کہ تمام مقدمات کی سماعت اب عید کے بعد ہو گی۔ ذوالفقار نقوی نے دوران سماعت کہا پنجاب حکومت نے مجھے 9 مئی کے مقدمات میں وکیل مقرر کیا ہے، سپریم کورٹ سے استدعا ہے کہ تیاری کے لیے وقت دیا جائے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیے کہ 9 مئی کے مقدمات تو کل اور پرسوں بھی مقرر ہیں، گزشتہ سماعتوں پر ایڈیشنل پراسیکیوٹر پنجاب وقت مانگتے رہے ہیں، آج آپ وقت مانگ رہے ہیں، چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسے نہیں چلے گا، یہ کوئی ایک کیس نہیں 50 کے قریب اپیلیں ہیں۔ پنجاب حکومت کے وکیل نے عدالت سے کہا کہ رواں ہفتے کے مقدمات ملتوی کر دیں آئندہ ہفتے والوں کی تیاری کرکے آؤں گا۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کچھ اپیلیں کیس منتقلی سے متعلق بھی ہیں، مگر کیس منتقلی کا معاملہ ختم ہوچکا ہے اس پر حکومت سے ہدایات لے لیں۔ ذوالفقار نقوی نے عدالت کو بتایا کہ جج کا تبادلہ ہوچکا ہے صرف جرمانے اور کچھ آبزرویشنز کی حد تک اپیل کی پیروی کریں گے۔ واضح رہے کہ لاہور ہائی کورٹ نے 9 مئی کے ملزمان کی ضمانتیں منظور کی تھیں۔ پنجاب حکومت نے ضمانتیں منسوخ کرنے کے لیے سپریم کورٹ سے رجوع کررکھا ہے۔

بقیہ جات 15

لم کرانے اور گزرگاہ کھلوانے کے لیے پاک افغان عمائدین پر مشتمل جرگہ ہوا جس میں 11 مارچ تک فائر بندی پر اتفاق کیا گیا ہے۔ جرگہ ذرائع نے بتایا کہ 11 مارچ تک سرحد کے دونوں جانب تعمیرات پر پابندی ہوگی، جرگہ ممبران 11 مارچ کو افغان فورسز کی متنازع تعمیرات کا جائزہ لیں گے اور سرحد سے متصل تعمیرات کے تنازع حل ہونے پر طورخم بارڈر کھولا جائیگا۔ دوسری جانب کسٹم حکام کا کہنا ہے کہ پاک افغان طورخم گزرگاہ آج 17 ویں روز بھی بند ہے اور طورخم تجارتی گزرگاہ بند ہونے سے یومیہ 3 ملین ڈالر کا نقصان ہوتا ہے۔ کسٹم حکام کے مطابق طورخم گزرگاہ سے یومیہ 10 ہزار افراد کی آمدورفت ہوتی ہے۔

بقیہ جات 16

کی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ فنڈز کو عوامی فلاح کے لیے استعمال کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ اللہ تعالیٰ صرف وزیراعلیٰ سے نہیں بلکہ تمام متعلقہ ذمہ داران سے جواب لے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پنجاب اسمبلی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ عظمیٰ بخاری نے میو ہسپتال میں غلط انجکشن لگنے کے باعث دو مریضوں کی وفات پر دکھ کا اظہار کیا اور بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب اس واقعہ پر دلی طور پر رنجیدہ ہیں اور فوری طور پر ایکشن لیتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے ہسپتال کے ایم ایس اور سی ای او کو عہدے سے ہٹا دیا، مگر اس فیصلے پر بے جا میڈیا ٹرائل کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہسپتالوں میں بنیادی ادویات کی عدم دستیابی کا معاملہ ناقابل قبول ہے۔ وزیراعلیٰ نے ایم ایس سے سوال کیا کہ مریضوں کو باہر سے ادویات کیوں خریدنی پڑ رہی ہیں جبکہ میو ہسپتال میں ایک ارب تینتیس کروڑ روپے کے فنڈز موجود ہیں؟ مزید برآں، ہسپتال میں 15 کروڑ روپے ہیلتھ انشورنس کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 17

تبدیلیوں سے پاکستان کے آبی وسائل 75 فیصد متاثر ہوچکے ہیں جبکہ 90 فیصد آبادی براہ راست متاثر ہونے کے خدشات کی زد میں ہیں، سمندر کی مسلسل بلند ہوتی سطح سے ملک کی ایک تہائی زمین کو خطرات لاحق ہیں، ہیٹ ویوو، گلاف، زمینی کٹاؤ، صحت کے مسائل اور فوڈ سکیورٹی جیسے مسائل درپیش ہیں، سیلاب، خشک سالی اور گرمی کے باعث ہر سال 14 فیصد جی ڈی پی ضائع ہوجاتا ہے، 2050 تک یہ نقصانات 20 فیصد تک پہنچنے کا خدشہ بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جنوبی پنجاب، جنوبی سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مختلف علاقے موسیاتی تبدیلیوں کے باعث مسلسل پسماندگی اور غربت کا شکار ہیں۔ موسیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے 2017 ایکٹ میں کی گئی قانون سازی میں نقائص کی بھی نشاندہی کی گئی، پاکستان کلائمیٹ چینج کونسل اور پاکستان کلائمیٹ چینج اتھارٹی کی کارکردگی پر سوالات اٹھائے گئے جبکہ وسائل کی کمی اور قوانین کے کمزور نفاذ کا حوالہ بھی دیا گیا ہے۔ موسیاتی تبدیلی کے سنگین مسائل پر قابو پانے کیلئے 6 بڑی تجاویز پیش کی گئی ہیں جن میں وسط مدتی اسٹریٹجک موسیاتی فنانسنگ پلان تیار کرنا، مقامی مالیاتی منڈیوں، اسٹیک ہولڈرز اور وسائل کو فروغ دینا، سبز معیشت کی تشکیل کے لیے مالیاتی پالیسی اقدامات کرنا، بین الاقوامی فنڈنگ بڑھانا، ڈیزاسٹر فنانسنگ ایکو سسٹم اور عوامی منصوبہ بندی کے فریم ورک کو مضبوط کرنا شامل ہے۔

بقیہ جات 18

حماس کے حامیوں کے ویزے اور گرین کارڈ منسوخ کرے گا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ حماس کے سپورٹرز کو امریکا سے ڈی پورٹ کیا جائے گا، فلسطین کے حامی طالب علم محمود خلیل کو کولمبیا یونیورسٹی سے گرفتار کیا گیا، خلیل کی بیوی امریکی شہری اور گرین کارڈ ہولڈر ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ خلیل نے فلسطین کے لئے مظاہروں میں نمایاں کردار ادا کیا۔

بقیہ جات 19

بنائے۔ ایک بیان میں انجینئر امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی حکومت کی کارکردگی کا کچا چٹھا خود پی ٹی آئی نے پھاڑ کر پرزے پرزے کردیا ہے، پی ٹی آئی کے اپنی بدترین کارکردگی کے اعتراف کے بعد خیبر پختونخوا کو حقیقی عوامی حکومت ملنی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پی ٹی آئی کارکنوں نے بدترین کارکردگی کا آئینہ اڈیالہ جیل میں قید اپنے لیڈر کو دکھایا ہے، وفاق، پنجاب اور خیبر پختونخوا ہر جگہ پی ٹی آئی نے تباہی، بربادی اور کرپشن کے ریکارڈ بنائے۔ انہوں نے کہا کہ گیارہ سال سے زائد عرصے سے مسلط پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو آثار قدیمہ بنادیا ہے

بقیہ جات 20

طے پاچکا ہے، دوست ملک اس منصوبے میں سرمایہ کاری کرے گا، موجودہ حکومت نے چین پاکستان اقتصادی راہداری کو دوبارہ بحال کردیا ہے جو پاکستان تحریک انصاف کے دور میں الزامات اور رکاوٹوں کی وجہ سے تعطل کا شکار ہوگیا تھا۔ نجی ٹی وی سے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے دور میں چینی کمپنیوں اور اعلی عہدیداروں پر بدعنوانی کے الزامات لگائے گئے جن میں دعویٰ کیا گیا کہ چینی حکام بھی مبینہ کرپشن میں ملوث ہیں، جس سے سی پیک کے منصوبوں کو نقصان پہنچا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے دورہ چین کے دوران سی پیک کی بحالی کو یقینی بنایا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 9 اقتصادی زونز پر چین کے ساتھ مل کر کام شروع کردیا گیا ہے جبکہ انڈسٹری کے لیے 23 مارچ سے بجلی کے نرخ میں کمی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور بجلی کے نرخ میں کتنی کمی ہوگی اس کی تفصیلات وزیراعظم خود اعلان کریں گے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کا ریلوے نظام 150 سال پرانا ہے اور اسے جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے۔ اولین ترجیح ٹرینوں کو بروقت روانہ کرنا، ان کی صفائی ستھرائی کو بہتر بنانا اور کارگو سروسز میں بہتری لانا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ریلوے کی زمینوں پر قبضے ہیں جنہیں چھڑانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، اس کے علاوہ ریلوے لینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی قائم کی جائے گی جس سے اربوں اور کھربوں روپے کی آمدنی متوقع ہے۔

بقیہ جات 21

فلسطینی طالب علم کو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے ایجنٹوں نے گرفتار کرلیا ہے۔ خبرایجنسی رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق یونیورسٹی کی انڈر گریجویٹ اسٹوڈنٹ مریم علاوان اور دیگر تین طلبہ نے شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ کولمبیا یونیورسٹی کے اسکول آف انٹرنیشنل اینڈ پبلک افیئرز کے طالب علم محمود خلیل کو امریکی ہوم لینڈ ڈیپارٹمنٹ کی سکیورٹی کے ایجنٹوں نے یونیورسٹی کے اندر ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کرلیا تھا۔ محمود خلیل گزشتہ برس کولمبیا یونیورسٹی میں کیمپ لگانے اور احتجاج کرنے والے فلسطین کے حامی طلبہ کی طرف سے یونیورسٹی کی انتظامیہ سے مذاکرات کرنے والے طلبہ میں شامل تھے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جنوری میں امریکی صدارت سنبھالنے کے بعد فلسطین کی حمایت کرنے والے طلباء کے خلاف یہ پہلا سخت اقدام ہے اور محمود خلیل گرفتار ہونے والے پہلے متاثرہ ہیں۔ کولمبیا یونیورسٹی کے ترجمان نے کہا کہ ادارے کی پالیسی میں کسی بھی طالب علم کی معلومات دینا قانونی طور پر ممانعت ہے۔ امریکی ہوم لینڈ سیکیورٹی کے محکمے اور اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے ترجمان نے بھی اس حوالے سے کوئی ردعمل نہیں دیا جو ملک کے ویزا سسٹم کے عمل کے ذمہ دار ہیں۔ محمد خلیل نے گرفتاری سے قبل رائٹرز کو ایک انٹرویو میں بتایا تھا کہ انہیں حکومت اور اسرائیل کے حامی چند کنٹرز ویٹ کی جانب سے نشانہ بنایا جارہا ہے، جس پر تشویش ہے۔

بقیہ جات 22

میں وہ مسائل جنم لے رہے ہیں جن کا ادراک نہیں کیا گیا تو آنے والے دنوں میں اس قابل نہیں ہونگے کہ ان کا حل نکال سکیں۔ نارتھ کراچی میں گورنر سندھ ریسٹورنٹ پر سحری کے لئے آئے۔ ان کے ہمراہ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما خواجہ اظہار اور دیگر افراد تھے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے گورنر سندھ نے بتایا کہ وزیراعظم، آرمی چیف باہر کے لوگوں کی انویسٹمنٹ لارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم این ایز کو فنڈ ملے گا جو اس شہر اور صوبے پر لگے گا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کسی سے ذاتی لڑائی نہیں، پرسوں پیپلز پارٹی کے دوستوں نے کہا کہ بات کی تو گورنر کو آئین اجازت نہیں دیتا، اگر پانی نہیں آرہا، بجلی نہیں آرہی بل آرہا ہے تو آواز نہ اٹھائیں۔ میں پیپلز پارٹی یا کسی منسٹر کے خلاف نہیں ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور اس صوبے کے حالات اچھے ہونے جارہے ہیں، اس وقت حکومت جن کے ہاتھ میں ہے ان کا مقصد عوام کی ترقی ہے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ اگر بارش کا پانی شہر میں آیگا تو ہر قومیت کے لوگ متاثر ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے شہداء کے خون کی وجہ سے گورنر بنا ہوں۔

بقیہ جات 23

کہ ہم اسرائیل کے اس فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہیں، جس کے تحت غزہ کو پہلے ہی خوراک، ادویات اور پانی سے محروم کردیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ کی خصوصی نمائندہ برائے مقبوضہ فلسطینی علاقوں فرانسیسکا البانیز نے اسرائیلی فیصلے پر سخت ردعمل کا اظہار کیا۔ انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ''ایکس'' پر (Genocide Alert) نسل کشی کا انتباہ لکھتے ہوئے کہا کہ بجلی کی بندش کے نتیجے میں صاف پانی کی دستیابی بھی ممکن نہیں رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ ممالک جو اسرائیل پر پابندیاں یا اسلحے کی ترسیل پر پابندی عائد نہیں کررہے، وہ اس تاریخی اور قابل روک تھام نسل کشی میں اسرائیل کی مدد کررہے ہیں۔ بجلی کی بندش کے بعد غزہ میں پانی صاف کرنے والے پلانٹس بھی کام نہیں کرسکیں گے، جس سے لاکھوں فلسطینیوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انسانی حقوق کی تنظیموں نے اس اقدام کو جنگی جرم اور اجتماعی سزا قرار دیا ہے۔

بقیہ جات 24

مارچ تک ملتوی کردی۔ رہنما پی ٹی آئی فیصل جاوید کی درخواست پر سماعت پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس وقار احمد اور جسٹس ثابت اللہ خان پر مشتمل 2 رکنی بنچ نے کی۔ جسٹس وقار احمد نے ڈپٹی اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ اس کیس میں آپ نے جواب جمع کیا ہے جس پر ڈپٹی اٹارنی جنرل نے بتایا کہ ہم نے جواب جمع کیا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ درخواست گزار عمرے کے لیے جانا چاہتے ہیں آج ان کی فلائٹ ہے۔ اس عدالت کے فیصلے میں موجود ہے کہ ایف آئی آرز کی بنیاد پر کسی کو باہر جانے سے نہیں روکا جاسکتا۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے موقف اختیار کیا کہ ان کو 2 مہینے پہلے تفصیلات دی ہیں یہ ان کیسز میں پیش نہیں ہوئے جس پر جسٹس وقار احمد نے کہا کہ ڈپٹی اٹارنی جنرل صاحب آپ نے مقدمات بھی تو تھوک کے حساب سے بنائے ہیں۔ فیصل جاوید نے کہا کہ مجھے اس عدالت نے حفاظتی ضمانت دی ہے۔ عمرہ کے لیے جانا چاہتا ہوں آج روانگی ہے ٹکٹ لیا ہوا ہے۔ جو مقدمات تھے ان میں بری ہوچکا ہوں۔ حکومت نے 3 دن پہلے تفصیلات دی ہیں۔ جسٹس وقار احمد نے کہا کہ آپ بھی آخری وقت میں عدالت آئے ہیں۔ آپ کے خلاف کیسز تھے تو پہلے آنا چاہیے تھا۔ ہم حکومت سے ریکارڈ منگوا لیتے ہیں۔ نمائندہ ایف آئی اے کا موقف تھا کہ پی این آئی ایل ایف آئی اے دیکھتی ہے۔ پی سی ایل پاسپورٹ اینڈ امیگریشن جبکہ ای سی ایل کابینہ ڈویژن دیکھتی ہے۔ عدالت نے کہا 17 مارچ تک آپ مکمل رپورٹ لے آئیں۔ عدالت نے کیس کی سماعت 17 مارچ تک ملتوی کردی۔

بقیہ جات 25

آباد ہائی کورٹ کے ڈویژن بینچ نے منتقل کردیئے، عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 2 ہفتوں میں جواب طلب کرلیا۔ پیر کو قائمقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ سماعت کی جس میں وکیل سلمان اکرم راجا ذاتی حیثیت میں عدالت میں پیش ہوئے۔ قائمقام چیف جسٹس نے سماعت کے آغاز پر استفسار کیا کہ الزام کیا ہے اور درخواست پر اعتراض کیا ہے؟ جس پر سلمان اکرم راجہ نے بتایا کہ الزام ہے کہ پولیس اہلکار پر حملہ ہوگیا ہے، میں اس میں شامل تھا جس پر قائمقام چیف جسٹس نے مسکراتے ہوئے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ ایسے نہ کریں ناں پھر، آپ کو پتا ہے ناں آپ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ آپ بولتے بہت ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ میں پہلے گرفتار ہوچکا ہوں، پیشی کے باوجود وارنٹ جاری ہونا حیران کن ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ درخواست پر اعتراض کیا ہیں جس پر سلمان اکرم راجہ نے بتایا کہ میرے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری ہوئے، یہ سنجیدہ معاملہ ہے۔ قائمقام چیف جسٹس نے مسکراتے ہوئے کہا کہ یہ تو واقعی سنجیدہ معاملہ ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ان کیسز میں روٹین میں ریگولر کورٹ میں پیش نہیں ہوتا ہوں۔ انہوں نے سپریم کورٹ کا صغریٰ بی بی کیس کا حوالہ بھی دیا جس پر عدالت نے ریمارکس دیئے کہ آفس اعتراض دور کر کے کل پر سماعت رکھ لیتے ہیں تو سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ پرسوں رکھ لیں، اڈیالہ جیل جانا ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ایف آئی آر میں 100 لوگوں کا نام لکھ دیا ہے کہ ان کا اتا پتا معلوم نہیں، ابھی کہہ رہے تفتیش کر رہے ہیں جن کا اتا پتا نہیں ان کے وارنٹ جاری کر رہے ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے وارنٹ معطل کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیا۔ قائمقام چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ ڈپٹی اٹارنی جنرل کون ہے؟ اس موقع پر اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عثمان گھمن عدالت میں پیش ہوئے۔ قائمقام چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ عدالتی حکم پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ بعد ازاں کیس کی سماعت 2 ہفتوں تک ملتوی کردی گئی۔

بقیہ جات 26

وزارت خزانہ، ایف بی آر کے افراد شریک ہیں، سورن ویلتھ فنڈ ایکٹ میں ترمیم اور ریگولیٹرز بھی وفد سے مذاکرات شیڈول ہیں، وزارت توانائی اور نیپرا حکام گردشی قرضہ اور ٹیرف ریبیسنگ پر وفد سے بات چیت کریں گے۔

بقیہ جات 27

لے کر انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل منتقل کردیا گیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق سعودی عرب میں بھیک مانگنے، منشیات فروشی، کام سے مفرور، کفیل کے بغیر کام کرنے، زائد المیعاد قیام، پاسپورٹ میں خورد برد اور غیر قانونی داخلے، سمیت مختلف الزامات کے تحت 36 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا، جن میں 1 بلیک لسٹ بھی شامل ہے۔ قبرص میں امیگریشن نے ناپسندیدہ قرار دے کر 1 پاکستانی سمیت 3 کو بے دخل کیا۔ ترکیہ میں رہائشی پرمٹ منسوخ کرکے 1، ملائشیا میں امیگریشن نے ممنوعہ قرار دے کر 1، چین نے امیگریشن پر انٹری سے انکار کرکے 1 پاکستانی کو واپس بھیج دیا۔ عراق میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 8 سمیت 12 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کیا گیا، یو اے ای میں منشیات فروشی، ریپ کیس، قتل، فراڈ جیل، چوری سمیت مختلف الزامات پر 10 پاکستانیوں کو بے دخل کیا گیا۔ کمبوڈیا میں فراڈ کمپنی کے ساتھ کام کرنے پر 1 پاکستانی کو بے دخل کیا گیا۔

بقیہ جات 28

نفرت کی سیاست کو پروان چڑھایا اور اسی مائنڈ سیٹ سے متاثر ایک نوجوان نے نفرت میں مجھے گولی ماری جو آج بھی میرے جسم میں موجود ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تنقید کرنی ہے تو معیاری تنقید کریں بانی پی ٹی آئی نے برطانیہ سے ملنے والے 190 ملین پاؤنڈ واپس لے کر چور کو دے دیے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا ایسا کرنے پر کیا وہ ایک سیاسی قیدی ہیں یا پھر ایک چور اور مجرم ہیں؟ احسن اقبال نے یہ بھی کہا کہ آکسفورڈ یونیورسٹی کی بحث میں پی ٹی آئی کے نمائندے کو شکست ہوئی جبکہ مجھے 145 ووٹس کے مقابلے میں 184 ووٹوں سے فتح ملی۔

بقیہ جات 29

لیے معاہدے کا فیصلہ کیا ہے، معاہدے کے بعد ملائیشیا میں قید پاکستانی قیدی باقی سزا پاکستان کاٹ سکیں گے۔ ملائیشیا نے معاہدے کا مسودہ پاکستانی حکام کے ساتھ شیئر کردیا، معاہدے کے نتیجے میں پاکستانی قیدیوں کے قانونی اور انسانی حقوق سے متعلق خدشات دور ہوں گے۔ وزارت سمندر پار پاکستانیز کی دستاویز کے مطابق معاہدے کے بعد پاکستانی قیدی پاکستان آکر اپنے اہل خانہ سے مل سکیں گے، اس وقت 384 پاکستانی ملائیشیا کی مختلف جیلوں میں قید ہیں۔ دستاویز کے مطابق پاکستانی قیدی قتل، جنسی جرائم، انسانی اسمگلنگ اور توہین کے جرائم، خطرناک منشیات رکھنے، امیگریشن قوانین کی خلاف ورزی، چوری اور دیگر وارداتوں کے الزام میں قید ہیں۔ دستاویز کے مطابق ملائیشیا میں ملازمت کے لیے جانے والے پاکستانیوں کی تعداد میں بڑا اضافہ ہوا ہے، 3 سالوں میں ایک لاکھ 25 ہزار پاکستانی ملازمت کے لیے ملائیشیا گئے۔

بقیہ جات 30

ہیں، نیز کوشش کررہے کہ امریکی سرمایہ کار چین میں پیسہ نہ لگائیں، مدعا یہ کہ چین کو معاشی نقصان پہنچے اور امریکہ کو فائدہ ملے۔ ادھر چین بھی مقابلے کو تیار ہے، منصوبہ بندی کررہا کہ زیادہ تر چینی مصنوعات چین ہی میں کھپ جائیں اور بیرونی منڈیوں کی ضرورت نہ رہے۔ پھر چینی صدر مملکت کو سائنس و ٹکنالوجی، خصوصاً مصنوعی ذہانت اور چپ کی تیاری میں سپر پاور بنانا چاہتے اس لیے نجی شعبے کو بھی پرکشش مراعات دے رہے، حتی کہ معتوب جیک ما (بانی علی بابا) کو بلا کر ذمے داری سونپ دی کہ سرمایہ کاری لا۔ ان اقدامات سے چینی حکومت صدر ٹرمپ کو پیغام دے رہی کہ وہ اپنی چالوں سے چین کا عروج واحیا نہیں روک سکتے۔ چینی وزیراعظم نے حال میں کہا کہ معیشت چین کا عظیم جہاز مستقبل کی سمت رواں دواں رہے گا۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے بیان دیا امریکہ اگر ٹیرف جنگ، تجارتی جنگ یا کسی بھی قسم کی جنگ چاہتا تو چین آخری سانس تک لڑے گا۔ گویا دنیا کے عقاب اور اژدہے کے درمیان ایک زبردست خفیہ وعیاں جنگ دیکھنے کو تیار رہیں۔

بقیہ جات 31

نومبر احتجاج کیسز میں بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 8 اپریل تک توسیع کردی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ کی رخصت کے باعث 26 نومبر احتجاج سے متعلق 31 کیسز میں بشریٰ بی بی عبوری ضمانت میں 8 اپریل تک توسیع کی گئی۔ بی بی کے خلاف راولپنڈی میں 20، اٹک میں 10 اور چکوال میں ایک مقدمہ درج ہے۔

بقیہ جات 32

سابق سینیئر وزیر حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کا پارلیمان کے مشترکہ اجلاس سے خطاب جمہوریت کی مضبوطی کی نشانی ہے، صدر آصف علی زرداری مشترکہ پارلیمان سے 8 ویں بار خطاب کرنے والے پاکستان کے پہلے صدر ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کھپے سے لیکر آج تک صدر زرداری نے پارلیمانی جمہوریت کو مضبوط کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا، پیپلز پارٹی نے پاکستان میں جمہوری رویوں کو پروان چڑھانے کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی سے بھی دریغ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے پارلیمانی نظام کو بچانے کے لیے غیر فطری اتحاد کے کڑوے گھونٹ پیے اور پیپلز پارٹی سیاست میں ہمیشہ مذاکرات کی بات کرتی نظر آئی ہے۔ حسن مرتضیٰ نے کہا کہ مشکل حالات میں دہشت گردی سمیت اہم ایشوز پر اہل سیاست کا اتفاق رائے عوامی مفاد کے اشد ضروری ہے، پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں پارلیمانی جمہوریت کی بالادستی کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ جات 33

میں 5 رکنی آئینی بینچ نے سپر ٹیکس کے نفاذ کے حوالے سے سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ جسٹس عامر فاروق اسلام آباد ہائیکورٹ میں معاملے پر فیصلہ دے چکے ہیں، اس لیے وہ یہ کیس نہیں سن سکتے۔ کمپنی کے وکلاء نے کیس کی سماعت عید الفطر کے بعد رکھنے کی استدعا کی، تاہم عدالت نے استدعا مسترد کرتے ہوئے کیس کی سماعت روزانہ کی بنیاد پر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ جسٹس محمد علی مظہر نے بیرسٹر فروغ نسیم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ فروغ نسیم صاحب! عید تک یہ کیس مکمل نہیں ہوگا، جو کیس چلانا چاہتے ہیں ان کو کیس چلانے دیں، کم از کم کیس چلنا تو شروع ہو، سیکشن 4 بی اور 4 سی پر عدالتوں فیصلوں کی الگ الگ پیپر بک تیار کریں۔ عدالت نے فریقین کو وکلا کی خدمات حاصل کرنے کے لیے مہلت بھی دے دی، اور کیس کی مزید سماعت کل تک ملتوی کردی۔

بقیہ جات 34

روک دیا۔ سیکرٹری صحت عظمت محمود نے تحقیقات کیلئے کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے انجکشن کے ری ایکشن سے اموات کی تصدیق کی ہے۔ وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ ذمہ دار افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ میو ہسپتال کے سینہ و چھاتی وارڈ میں پھیپھڑوں کی انفیکشن کے علاج کے لیے استعمال ہونے والے انجکشن سے 18 مریضوں کو شدید ری ایکشن ہوا۔ نجی ٹی وی سے سی ای او میو ہسپتال پروفیسر ہارون حامد کے حوالے سے کہا ہے کہ انجکشن کے استعمال کو فوری طور پر روک دیا گیا ہے اور تحقیقات کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں اور متاثرہ مریضوں کی صحتیابی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ جات 35

نئے کی پرفارمنس انڈیکیٹرز پر خصوصی توجہ دی جائے۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکل چوری اور سنیچنگ کی روک تھام یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکومتی اداروں کے تعاون سے پارکنگ پوائنٹس مختص کروائے جائیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ مارکیٹوں اور تجارتی مراکز کے پارکنگ پوائنٹس پر انتظامیہ کے توسط سے سکیورٹی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پبلک اجتماعات کی صورت میں موٹر سائیکل چوری کی روک تھام کے لئے پیشگی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ افسران مظلوم کو انصاف کی فراہمی کیلئے اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور، ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان رضا، ڈی آئی جی (آپریشنز) فیصل کامران، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) محمد نوید، ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال، سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ اوز اور انچارجز (انوسٹی گیشن) نے شرکت کی۔

بقیہ جات 36

آئس برآمد کرلی گئی۔ بیگ کی تہوں میں منشیات چھپائی گئی تھی۔ ملزمان کو ابتدائی تفتیش کے بعد مزید قانونی کارروائی کے لیے برآمد شدہ منشیات سمیت اے این ایف حکام کے حوالے کردیا گیا۔

بقیہ جات 37

کو خراج عقیدت پیش کریں گے جبکہ امام بارگاہوں میں مجالس عزا منعقد ہوں گی جہاں علما و ذاکرین فلسفہ شہادت بیان کریں گے، بڑے بڑے شہروں میں مجالس عزا منعقد ہوں گی اور تابوت کے ماتمی جلوس نکالے جائیں گے اس دوران عزادار زنجیر زنی کریں گے۔ علاوہ ازیں پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سیرت حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور فضائل اجاگر کیے جائیں گے ملک بھر کے اخبارات یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مناسبت سے سپیشل ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ سرکاری و نجی ٹی وی چینلز سے خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے۔

بقیہ جات 38

جارہے تھے۔ واقعے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی جبکہ تفتیش کا عمل جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوہاٹ کے تفریحی مقام تاندہ ڈیم میں افسوسناک واقعہ رونما ہوا، جہاں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے اے ایس آئی مصطفیٰ اور پولیس اہلکار زاہد کو قتل کردیا جبکہ پولیس اہلکاروں کی لاشوں کو کوہاٹ کے ڈی اے ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیتے ہوئے ملزمان کی تلاش کا سلسلہ شروع کردیا۔ دوسری جانب مقامی پولیس کا کہنا ہے کہ قتل کرنے کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، واقعے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی جبکہ اس حوالے سے تفتیشی عمل جاری ہے۔ دریں اثنا، وزیر داخلہ محسن نقوی نے پولیس اہلکاروں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ شہید پولیس اہلکاروں غلام مصطفیٰ اور زاہد الرحمن کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں۔ وزیر داخلہ نے شہید پولیس اہلکاروں کے خاندانوں سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکاروں غلام مصطفیٰ اور زاہد الرحمن نے شہادت کا عظیم رتبہ پایا، خیبر پختونخوا پولیس کے سپوتوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں، جنہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ جات 39

مسلم لیگ ن زندہ باد کے نعرے لگائے چوہدری محمد برجیس طاہر کے ہمراہ چوہدری عاصم رندھاوا علی طارق چیمہ و مسلم لیگ کے ورکرز نے بھی شرکت کی اس موقع پر چوہدری محمد برجیس طاہر نے منتظمین کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے میری عزت افزائی کی اور ملنے کا موقع فراہم کیا انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی دوکانداروں کے حقوق کی حفاظت کی جائے گی سانگلہ ہل مسلم لیگ ن کا قلعہ ہے میاں محمد نواز شریف وزیراعظم شہباز شریف وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ویژن کے مطابق عوام کی فلاح و بہبود کا مشن جاری رکھیں گے۔

بقیہ جات 40

واردات کرتے تھے۔ ملزمان مختلف مارکیٹس اور بازار میں بغیر لاک کے کھڑی موٹر سائیکلیں بھی چوری کرتے تھے۔ ملزمان سے چھینی گئی نقدی، چوری شدہ 2 موٹر سائیکلیں اور 30 بور پستول برآمد کر لیے گئے۔ ملزمان محسن، محمد علی کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش جاری ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کا کہنا ہے کہ عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔

بقیہ جات 41

ہلاک کردیا، ہلاک ڈاکوؤں سے اسلحہ ملا ہے، اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہلاک ڈاکوؤں کی لاشیں اسپتال منتقل کردی گئیں، شناخت کا عمل جاری ہے، شہری کی مدعیت میں مقدمہ کا اندراج کیا جارہا ہے۔

بقیہ جات 42

30 سالہ نامعلوم نشے کے عادی نوجوان کی لاش ملی، اچھرہ میں بیہوشی کی حالت میں ملنے والا 45 سالہ شخص دوران علاج ہسپتال میں دم توڑ گیا، چوہنگ امر سدھو میں 30 سالہ نامعلوم شخص فٹ پاتھ کنارے مردہ حالت میں ملا، ہیر کے علاقہ نواز شریف انٹرچینج کے قریب سے 25 سالہ نامعلوم نوجوان کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاشوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔

بقیہ جات 43

کے لیے مقتل بن چکا ہے، حکومت وقت جمعیت علمائے اسلام ضلع تربت کے جنرل سیکرٹری مولانا مفتی شاہ میر عزیز بزنجو کی شہادت سانحہ خضدار وڈیرہ غلام سرور زہری شہید مولانا امان اللہ زہری شہید کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے، جمعیت علمائے اسلام (ف) نے ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع اور تحفظ کی جنگ لڑی ہے جس کی وجہ سے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے کارکنوں کو چن چن کر شہید کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت علماء کے قاتلوں کو گرفتار کرے ورنہ اپنی ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے مستعفی ہوجائے۔

بقیہ جات 44

ٹرمپ کا کہنا ہے کہ یوکرین میں امن چاہتا ہوں اور چاہتا ہوں یوکرین بھی امن چاہے، یوکرین نے امن سے متعلق وہ نہیں کیا جو اسے کرنا چاہیے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ روس، چین اور ایران فوجی مشقوں سے بالکل بھی پریشان نہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے امریکا اور یوکرین کے درمیان بات چیت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ مذاکرات آئندہ ہفتے سعودی عرب میں ہوں گے۔

بقیہ جات 45

جس کے بعد جھڑپ کے دوران اسے گولی ماری گئی۔ امریکی سیکرٹ سروس کے مطابق گولی لگنے سے مسلح شخص زخمی ہوگیا، جو اسپتال میں زیرعلاج ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق سیکرٹ سروس کو وائٹ ہاؤس کے نزدیک مسلح شخص کی موجودگی کی اطلاع گزشتہ رات ملی تھی، واقعے کے وقت صدر ٹرمپ وائٹ ہاؤس میں موجود نہیں تھے۔

بقیہ جات 46

اور ملحقہ علاقوں میں وقفے وقفے سے برف باری جاری ہے۔ بارش اور برف باری کے باعث سردی کی شدت برقرار ہے، بالائی علاقوں تک جانے والے راستے اور سڑکیں بھی کھلی ہیں۔ ادھر وادی نیلم میں گزشتہ رات سے بارش کا سلسلہ وقفے وقفے سے جاری ہے۔ ایس ڈی ایم اے کے مطابق مرکزی شاہراہ نیلم تاؤبٹ تک ٹریفک کے لیے بحال کردی گئی ہے، البتہ شاردہ سے آگے سفر کرنے سے اجتناب کریں۔ حکام کے مطابق لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات کے پیش نظر شہری اور سیاح بارش و برف باری کے دوران غیر ضروری سفر نہ کریں۔

بقیہ جات 47

میں ہے کہ ملک وقوم اس وقت امریکی غلاموں کے شکنجے میں ہے۔ ملکی معیشت کی خوشحالی کے لیے محب وطن قیادت کا ہونا ضروری ہے، قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہوگا، سرکاری شعبے کی کارکردگی اور احتساب کو بہتر بنانا اور بدعنوانی سے نمٹنا لازمی عناصر ہیں۔ پاکستان میں اقتصادی پالیسیوں میں مسلسل استحکام کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا ہر شہری 2 لاکھ 95 ہزار روپے کا مقروض ہوگیا، پاکستان کے مجموعی قرض میں 8 ہزار 365 ارب روپے کا اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد پاکستان کا مجموعی قرض 71 ہزار 241 ارب روپے ہوگیا ہے۔

بقیہ جات 48

کرانے، دعاؤں کے قبول ہونے اور درجات کے بلند ہونے کا مہینہ ہے۔ رسول پاک نے فرمایا کہ اگر بندے کو معلوم ہوتا کہ رمضان کا مہینہ کتنی برکتوں اور رحمتوں کا مہینہ ہے تو وہ چاہتا کہ پورا سال ہی رمضان ہوتا اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خوش بخت ہیں وہ لوگ جو اللہ کے لیے بھوکے اور پیاسے رہتے ہیں (یعنی روزہ رکھتے ہیں) یہ لوگ قیامت کے روز سیر و سیراب ہوں گے۔ اگرچہ یہ حقیقت ہے کہ اس ماہ مبارکہ کی نعمت سے ہمیں بار بار استفادہ کرنے کا موقع ملا ہے، لیکن جن فیوض و برکات کو حاصل کرنا چاہیے تھا وہ ہم اس طرح سے حاصل نہیں کر سکے۔ جس طرح نبی کریم نے ہمیں تلقین کی تھی یا صحابہ کرام کا طریقہ رہا ہے۔

بقیہ جات 49

ایم پی اے شپ میں میرے اثاثوں میں کمی آئی کیونکہ میرا دامن کرپشن، بھتہ خوری اور کمیشن سے پاک ہے میں نے اپنے دور اقتدار میں بھی لوگوں کی خدمت کی اور ایم پی اے شپ ختم ہونے کے بعد بھی اپنے حلقے کی عوام کی خدمت کیلئے اپنے دروازے وا رکھے ہیں اور آنے والا وقت بتائے گا کہ الیکشن کے دنوں میں لوگوں کو جھانسہ دینے کیلئے آنے والے فصلی بٹیروں کو سانگلہ ہل کے عوام نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں انہوں نے مذید کہا کہ میں نے ہمیشہ اپنے حلقے کے عوام سے محبت کی ہے اور محبتیں ہی سمیٹی ہیں۔

بقیہ جات 50

کی آزادی، قرضدار، اللہ کی راہ میں خرچ، مسافر اور نئے مسلمان شامل ہیں۔ صدقہ فطر کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ فی کس کم از کم 220 روپے مقرر ہے تاہم جو لوگ زیادہ استطاعت رکھتے ہیں، وہ زیادہ دے سکتے ہیں۔

بقیہ جات 51

کے اساتذہ اور محققین پر پڑنے والے منفی اثرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ ٹی ایس اے کے صدر نے کہا کہ اگر یہ نوٹیفکیشن واپس نہ لیا گیا تو احتجاج کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ ٹی ایس اے کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم نے کہا کہ یہ اقدام اساتذہ اور محققین پر سنگین مالی اثرات مرتب کرے گا اور ان کے معاشی مفادات کو نقصان پہنچائے گا۔ ایسوسی ایشن اپنے اساتذہ کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے اور اس وقت تک اپنی جدوجہد جاری رکھے گی جب تک اس غیر منصفانہ ٹیکس کٹوتی کو واپس نہیں لیا جاتا۔ اجلاس میں ڈاکٹر فہیم گوہر اعوان، ڈاکٹر عثمان، ڈاکٹر اویس، ڈاکٹر شمائلہ، ڈاکٹر ھدیٰ، ڈاکٹر رضوانہ، ڈاکٹر محمد عرفان جلیس نے شرکت کی۔

بقیہ جات 52

سرگودھا کی تین مذہبی شخصیات میاں حافظ عبدالغفار آزاد کو سینئر نائب ناظم اعلیٰ پنجاب، امیر افضل اعوان کو ناظم رابطہ برائے میڈیا پنجاب اور مولانا عمر فاروق شاکر کو ناظم شعبہ تعلقات عامہ پنجاب اور خوشاب سے چوہدری شجاع الرحمٰن ٹیپو کو چیئرمین سیاسی امور پنجاب نامزد کردیا جن کو صوبائی امیر عبدالرشید حجازی، ناظم اعلیٰ پنجاب حافظ محمد یونس آزاد نے سرگودھا آمد پر صوبائی سرپرست اعلیٰ مولانا سید سبطین شاہ نقوی نے ان میں تقرری نامے تقسیم کئے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ صوبائی سرپرست اعلیٰ پنجاب مولانا سید سبطین شاہ نقوی کا تعلق بھی سرگودھا کے جامعہ امام بخاری سے ہے۔

بقیہ جات 53

جارہے ہیں۔ پے آرڈر کی رقم 10 ہزار ہے۔ جو پے آرڈر ٹائٹل ہولڈر کو پوری 10 ہزار ادا ہوگی۔ کسی قسم کی کوئی کٹوتی نہیں ہوگی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے اس امداد کو دیانتداری سے پوری کی پوری مستحق افراد تک سو فیصد یقینی بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاہور میں 1 لاکھ 99 ہزار، 287 شیخوپورہ میں 81 ہزار 796 مستحق گھرانوں کو امدادی رقم پہنچائی جارہی ہے۔ ضلع ننکانہ صاحب میں 42793 جبکہ ضلع قصور کے 75329 مستحق گھرانوں کو امدادی رقم پہنچائی جارہی ہے۔ حکومت پنجاب نگہبان پیکج اب نگہبان رمضان کے تحت رجسٹرڈ شہریوں کو انکی دہلیز پر پے آرڈرز فراہم کر رہے ہیں۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے تمام اضلاع میں سیل پوائنٹس و رمضان بازار میں چینی فراہمی کا بھی جائزہ لیا۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی شرکت۔ ڈی سی ننکانہ محمد تسلیم راو۔ ڈی سی قصور عمران علی اور ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

بقیہ جات 54

کاسمیٹک کا سامان تھا چھین لیا تشدد کرنے والے ملزمان کوئی اور نہیں میرے گاؤں کے اپنے ہی دور کے رشتہ دار ہیں جو میرے ماما کے اشاروں پر چلتے ہیں جنہوں نے پہلے ہی جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رکھی تھی جس کا ریکارڈ موجود ہے جنہوں نے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرتے ہوئے ہمارے گھر کا رستہ بند کر کے میری نانی کی جگہ جس میں ہمارا بھی حصہ ہے بغیر ہماری اجازت راتوں رات غیر قانونی قبرستان بنا دیا اور میرے گھر کے مین گیٹ کے سامنے دیوار بھی کھڑی کر دی اور کورٹ کا نئے آرڈر بھی لے لیا جس کی وجہ سے مجھے انگلینڈ سے واپس آنا پڑا واپسی پر مجھے اور میری جواں سالہ بیٹی کو لوٹ لیا میں نے گھر کار گھر میں رکھے موبائل فون سے پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کی اور مدد کے لیے پولیس کو بلایا پولیس نے جائے وقوعہ پر بیان ریکارڈ کیے اور ملزمان کا پوچھا جن کے نام پولیس کو بتا؟ پولیس نے ملزمان سمیت صبح 11 بجے تھانہ بلایا اور درخواست وصول کی جس کی آج تک سنوائی نہ ہوئی متعلقہ ایس ایچ او نے ڈی ایس پی نے نہ مقدمہ درج کیا نہ نامزد ملزمان کو گرفتار کیا جو آج بھی آزاد گھوم رہے ہیں جو قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں ہمارے گھر کے سامنے غیر قانونی قبرستان جس میں صرف ایک قبر بنائی اور ہمیں کہ تمہارا پورا خاندان یہاں ہی دفن کرنا ہے تم نے واپس آکے بہت بڑی غلطی کی ہے اب ہم تمہارا کچھ نہیں چھوڑیں گے تم نے پولیس کو بتایا پولیس نے ہمارا کیا اکھاڑ لیا پورا گاؤں ہمارے اشاروں پر چلتا ہے یہاں سارے قانون ہمارے بنائے ہوئے ہیں سب ہمارے اشاروں پر ہوتا ہے ہمارے ساتھ پنجاب پولیس کے بیورو کریٹ بھی ہیں جو ہمارے کہنے پر چلتے ہیں جن کیمرہ میڈیا پر لاؤں گا اور ان عوام کے محافظ کو بے نقاب کروں گا کو عوام کی بچا؟ ملزمان کے سہولت کار بنے ہوئے ہیں میرا وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلیٰ پنجاب آئی جی پنجاب اور کمیشن سے مطالبہ ہے میری دادرسی کی جائے فوری طور پر مقدمہ درج کرکے ہماری جمع پونجی ریکور کروائی جائے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے جو میری پوری فیملی کو قتل کی دھمکیاں دے رہے ہیں اگر ہمیں وقت پر انصاف نہ ملا تو ہم اوور سیز برٹش کونسل کے سامنے مجبورا احتجاج کریں گے اور تب تک احتجاج جاری رہے گا جب تک ہمیں انصاف نہیں دیا گیا ہماری جمع پونجی ہمیں واپس نہ دلوائی گئی ہمارے گھر کے سامنے سے غیر قانونی قبرستان اور دیوار نہ گرائی گئی

بقیہ جات 55

ہوگیا ہے۔ فروٹ، گوشت، سبزیاں، مشروبات اور دیگر روزمرہ کی اشیا کی قیمتوں میں 100 سے 200 فیصد تک اضافہ کر دیا گیا ہے۔ بدقسمتی سے ہر سال اس مقدس مہینے میں ناجائز منافع خوری عروج پر پہنچ جاتی ہے۔ آٹا، چینی، دالیں، پھل، بڑا گوشت، چھوٹا گوشت اور سبزیوں سمیت تمام اشیائے ضروریہ [illegible] کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، جبکہ متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ [illegible]

بقیہ جات 56

مالیت کی کپاس، چینی کی بوریاں اور آئل جل گیا۔ [illegible]

بقیہ جات 57

ستمبر 2023 سے جاری کارروائیوں میں اب تک [illegible] 3 ہزار 6 سو سے زائد مقدمات درج کیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 58

کی ملوث عناصر کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کردی گئی۔

بقیہ جات 59

[illegible]

بقیہ جات 60

[illegible]

بقیہ جات 61

بریگیڈ حکام کے مطابق آگ کے باعث پارکنگ میں کھڑے 5 رکشے جل گئے۔ 4 فائر ٹینڈرز اور واٹر باوزر کی مدد سے آگ پر قابو پایا گیا۔

بقیہ جات 62

بھارت نے پاکستان کا پانی روک کر متعدد ڈیم تعمیر کر لیے ہیں [illegible] ذمہ داری ہے۔

بقیہ جات 63

76 ویں سالگرہ منائے گا۔ [illegible]

بقیہ جات 64

[illegible]

بقیہ جات 65

[illegible] FDL4376/18 [illegible]

بقیہ جات 66

[illegible]

بقیہ جات 67

[illegible]

بقیہ جات 68

[illegible]

بقیہ جات 69

[illegible]

بقیہ جات 70

[illegible]

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب نائب تحصیلدار/ریونیوآفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی بھلوال [illegible]

حکمرانوں نے ملک و قوم کو بھکاری بنا دیا ہے، جاوید قصوری

ملک و قوم اس وقت امریکی غلاموں کے شکنجے میں ہے، آئی ایم ایف کا اداروں کی کارکردگی کو چیک، اپنی پالیسیوں کو مسلط کرنا شرمناک اقدام ہے

پاکستان کا ہر شہری 2 لاکھ 95 ہزار روپے کا مقروض جبکہ حکومت صرف ڈنگ ٹپاؤ اقدامات کر رہی ہے، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے آئی ایم ایف کے بجلی اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے حکم پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں نے پاکستان کو بھکاری بنا کر خود مختاری اور سلامتی سب کچھ چند ڈالروں کے عوض بیچ دیا ہے، آئی ایم ایف کے حکام کی جانب سے اداروں کی کارکردگی کو چیک کرنا، حکومتی اقدامات کو مانیٹر کرنا اور اپنی پالیسیوں کو مسلط کرنا شرمناک اقدام ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ملک و قوم اس وقت امریکی غلاموں کے شکنجے میں ہے۔ ملکی معیشت کی خوشحالی کے لیے محب وطن قیادت کا ہونا ضروری ہے، قانون کی بالادستی کو یقینی بنانا ہوگا، سرکاری شعبے کی کارکردگی اور احتساب کو بہتر بنانا اور بدعنوانی سے نمٹنا لازمی عناصر ہیں۔ پاکستان میں اقتصادی پالیسیوں میں مسلسل استحکام کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا ہر شہری 2 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

تمام اضلاع میں نصف سے زائد پے آرڈرز رجسٹرڈ مستحقین کی دہلیز پر پہنچا چکے ہیں، کمشنر

اضلاع پے آرڈرز کیش کرنے والی فرنچائزز کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں، خلاف ورزی پر سخت کاروائیاں بھی کی گئی ہیں۔ بریفنگ

لاہور ڈویژن میں کل 3 لاکھ 99 ہزار 205 کم آمدن خاندانوں کو پے آرڈرز انکی دہلیز پر پہنچائے جا رہے ہیں، کمشنر لاہور زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے کم آمدنی والے افراد کیلئے نگہبان رمضان کے تحت پے آرڈرز تقسیم کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کمشنر لاہور کو آگاہ کیا گیا کہ تمام اضلاع اپنے اہداف کے مطابق نصف سے زائد پے آرڈرز رجسٹرڈ مستحقین کی دہلیز پر پہنچا چکے ہیں۔ اضلاع پے آرڈرز کیش کرنے والی فرنچائزز کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ خلاف ورزی پر سخت کاروائیاں بھی کی گئی ہیں۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے کہا کہ تمام دکانوں۔ ریڑھیوں پر سرکاری نرخنامے آویزاں ہونے چاہییں۔ سختی سے عملدرآمد کرائیں۔ کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود نے اضلاع میں پے آرڈرز تقسیم کے حوالے سے کارکردگی کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور ڈویژن میں کل 3 لاکھ 99 ہزار 205 کم آمدن خاندانوں کو پے آرڈرز انکی دہلیز پر پہنچائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سول لائنز اور سٹی ڈویژن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

COMMISSIONER
LAHORE

کمشنر لاہور زید بن مقصود وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے نگہبان رمضان پیکیج کے تحت کم آمدنی والے افراد کو پے آرڈر کی تقسیم کے حوالے سے ڈی سیز سے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بالائی علاقوں میں بارش و برفباری، سردی کی شدت میں اضافہ

لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات کے پیش نظر شہری اور سیاح بارش و برف باری کے دوران غیر ضروری سفر نہ کریں

سوات (این این آئی) ملک کے بالائی اور میدانی علاقوں میں بارش اور برف باری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ سوات کے میدانی علاقوں میں بارش اور بالائی علاقوں میں وقفے وقفے سے برف باری کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مینگورہ شہر، سیدو شریف، کبل اور ملحقہ علاقوں میں گزشتہ رات سے وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے، کالام، گبرال، مہوڈھنڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے، میاں الیاس

گناہوں کے معاف کرانے، دعاؤں کے قبول ہونے اور درجات کے بلند ہونے کا مہینہ ہے

مانگامنڈی (این این آئی) رمضان المبارک رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اے ایمان والو! روزے تم پر فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم تقویٰ حاصل کرسکو۔ اللہ کے فضل و کرم سے ہم سب ایک بہت ہی بابرکت، عظیم مہینے کے دوسرے عشرہ کا استقبال کرنے جا رہے ہیں یہ مہینہ روزہ، تراویح، تلاوت قرآن پاک، احتساب و جائزہ، مغفرت، جہنم سے چھٹکارہ اور صدقہ و احسان کا مہینہ ہے۔ جس میں جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ یہ اجر و ثواب بڑھا کر دینے گناہوں کے معاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

لاہور: اشیائے خورد و نوش کی تھوک مارکیٹ اکبری منڈی میں خریداری کر رہے ہیں

صدقہ فطر اور روزے کا فدیہ کم از کم 220 روپے ہے، راغب نعیمی

زکوٰۃ کا نصاب 55 تولے چاندی یا ایک سال تک اس کے مساوی یا زائد رقم ہونا ہے

کم از کم 220، تاہم جو لوگ زیادہ استطاعت رکھتے ہیں، وہ زیادہ دے سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر علامہ راغب نعیمی نے بتایا ہے کہ صدقہ فطر اور روزے کا فدیہ کم از کم 220 روپے ہے، زکوٰۃ کا نصاب 55 تولے چاندی یا ایک سال تک اس کے مساوی یا زائد رقم ہونا ہے۔ ایک انٹرویو میں علامہ راغب نعیمی نے بتایا کہ چاندی کے حساب سے نصاب 55 تولے ہے، اگر کسی کے پاس ایک سال تک اتنی چاندی یا اس کے مساوی رقم موجود ہو، تو اسے ڈھائی فیصد کے حساب سے زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی۔ زکوٰۃ کی تقسیم کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ قرآن میں آٹھ مستحقین کا ذکر ہے، ان میں فقرا، مساکین، زکوٰۃ اکٹھا کرنے والے، غلاموں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں ہلکی بوندا باندی کے دوران ٹریفک رواں دواں ہے

عوام کے مفاد میں سیاسی راہوں کا تعین کریں گے، میاں اعجاز حسین بھٹی

ننکانہ صاحب (این این آئی) سچ اور خدمت کو ہمیشہ اپنا شعار سمجھا ہے اور جبر کی سیاست کے خلاف سینہ سپر رہا ہوں ان خیالات کا اظہار سابق ایم پی اے میاں اعجاز حسین بھٹی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بہت جلد اپنے رفیقوں اور چاہنے والے دوستوں سے مشاورت کر کے اپنی سیاسی راہوں کا تعین کروں گا ایک سوال کے جواب میں میاں اعجاز حسین بھٹی نے کہا کہ میرا سابقہ دور اس چیز کا گواہ ہے کہ لوگ عوامی نمائندے بن کر اپنے اثاثوں میں اضافہ کرتے ہیں مگر میری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

سرگودھا اور خوشاب کی مذہبی شخصیات کو جمعیت اہل حدیث پنجاب کا عہدیدار نامزد کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) مرکزی جمعیت الحدیث پنجاب کے صوبائی امیر عبدالرشید حجازی نے اپنی کابینہ میں توسیع کرتے ہوئے سرگودھا اور خوشاب کی مذہبی شخصیات کو پنجاب کا عہدیدار نامزد کر دیا جن کے تقرر پر قیادت نے سرگودھا آمد پر ان میں نوٹیفکیشن تقسیم کیے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب کے امیر مولانا عبدالرشید حجازی نے اپنی کابینہ میں توسیع کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

ننکانہ صاحب، ماہ رمضان المبارک میں منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا سرگرم، پرائس کنٹرول کمیٹیاں غیر فعال

ننکانہ صاحب (این این آئی) ماہ رمضان المبارک میں مافیا بھی سرگرم، دکانداروں نے اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ کر دیا، جس سے عام شہری شدید مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ماہ رمضان المبارک میں منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا سرگرم، روزہ داروں کو لوٹنے کا سلسلہ شروع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

اوورسیز پاکستانی انصاف کے حصول کے لیے ذلیل و خوار

انگلینڈ سے واپسی پر اپنے گاؤں کے لوگوں نے مبینہ پسٹل کی نوک پر لوٹ لیا

30 سال پرانا ہمارا راستہ بند کر کے غیر قانونی قبرستان اور دیواریں بنادی


گھر کے سامنے غیر قانونی دیوار
ڈکیتی کا جائے وقوعہ
گھر کے سامنے غیر قانونی قبرستان کے مناظر

جہلم (بیورو رپورٹ) تفصیلات کے مطابق محمد صالح نے میڈیا کو بتایا کہ میں اپنی حقیقی بیٹی ثمامہ کے ہمراہ 21 فروری کی رات انگلینڈ سے واپسی 11 بجے اپنے گاؤں مفتیاں اسماعیل چک دولت جتوال پہنچا جہاں مبینہ گھات لگائے ملزمان نے پسٹل کی نوک پر تشدد کیا اور میری بیٹی سے بیگ چھین لیا جس میں میری جمع پونجی سمیت میری بیٹی کا طلائی زیور موجود تھا دو عدد ایپل موبائل فون درخواست میں ای ایم ای نمبر بھی موجود ہیں اور کچھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

سرگودھا ضلع میں ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں اور مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ضلع میں ناجائز منافع خوروں، ذخیرہ اندوزوں اور مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں 7 ہزار 473 انسپکشن منافع خوری میں ملوث دوکانداروں کو پانچ لاکھ 56 ہزار روپے جرمانے کر کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 88 دکانداروں کو گرفتار کر کے 57 دکانداروں کے خلاف مقدمات درج کروا دیے۔ اس حوالہ سے تفصیلات دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد وسیم نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

فیصل آباد میں گریڈ بیس کی خالی آسامیوں پر مستقل پرنسپل تعینات

ڈاکٹر افضل حمید گورنمنٹ گریجویٹ کالج ستیانہ روڈ فیصل آباد کا چارج لیں گے

مکوآنہ (این این آئی) ڈاکٹر افضل حمید پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج ستیانہ روڈ فیصل آباد، ڈاکٹر عتیق امجد اسلامیہ کالج، ڈاکٹر کلثوم کارخانہ بازار کالج اور ڈاکٹر طیبہ شاہین گلشن کالونی کالج میں فرائض انجام دیں گی تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب نے فیصل آباد ڈویژن کے علاوہ ساہیوال، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور سرگودھا ڈویژنوں میں گریڈ بیس کی خالی نشستوں پر مستقل پرنسپل تعینات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

80 سال بعد فلپائن میں چھوڑے گئے جاپانی شہریوں کو شہریت کا موقع

جاپانی حکومت کا فلپائن میں بے وطن افراد کو موسم گرما میں جاپان مدعو کرنے کا ارادہ

ٹوکیو (این این آئی) جاپانی حکومت دوسری جنگ عظیم کے خاتمے کے 80 سال مکمل ہونے کے موقع پر جاپانی شہریوں کے ہاں پیدا ہونے والے اور فلپائن میں چھوڑے گئے بے وطن افراد کو اس موسم گرما میں جاپان مدعو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ جاپانی حکومت انہیں معلومات جمع کرنے میں مدد دے گی، تاکہ وہ جاپانی شہریت لے سکیں، اور وزیراعظم شگیرو ایشیبا کے ساتھ ان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

بجلی چوروں، نادہندگان کیخلاف آئیسکو کی کارروائیاں جاری

اب تک 4 ہزار سے زائد بجلی چوروں کو 41 کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف اب تک 4 ہزار سے زائد بجلی چوروں کو 41 کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ترجمان آئیسکو کے مطابق اسلام آباد میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف آئیسکو کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق ستمبر 2023ء سے جاری کارروائیوں میں اب تک 4 ہزار 8 سو سے زائد بجلی چوروں کو 41 کروڑ سے زائد کے جرمانے عائد کیے جا چکے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ 3 ہزار 6 سو سے زائد مقدمات درج کیے گئے ہیں جبکہ پولیس نے ڈھائی ہزار سے زائد بجلی چوروں کو گرفتار کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

سانگلہ ہل، موٹر سائیکل چور اور دکانوں کے تالے توڑنے والا گروہ متحرک ہوگیا

ایک ہی دن میں 2 موٹر سائیکلیں چوری، 3 دکانوں کے تالے توڑ کر لاکھوں کا نقصان کیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل میں موٹر سائیکل چور اور دکانوں کے تالے توڑنے والا گروہ متحرک ہوگیا، ایک ہی دن میں 2 موٹر سائیکلیں چوری، 3 دکانوں کے تالے توڑ کر لاکھوں کا نقصان کیا، 7 مارچ 2025 ایک دن میں 2 موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں، سخاوت علی دن ایک بجے تقریباً اپنی ہنڈا 125 موٹر سائیکل نمبری AST 1368/23 چلڈرن رشید پارک کے قریب پڑا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن کے تحت احتجاج کا سلسلہ جاری

اساتذہ نے لائبریری چوک میں احتجاج کیا، ٹیکس ریبیٹ بحال نہ کیا گیا تو احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا، صدر ٹی ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب

یہ اقدام اساتذہ اور محققین پر سنگین مالی اثرات مرتب کرے گا اور ان کے معاشی مفادات کو نقصان پہنچائے گا، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر تنویر قاسم

لاہور (خبر نگار) یو ای ٹی ٹیچنگ سٹاف ایسوسی ایشن (ٹی ایس اے) کے زیر اہتمام وفاقی بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے اساتذہ اور ریسرچرز کی تنخواہوں میں 25 فیصد ٹیکس کٹوتی کے فیصلے کے خلاف شدید احتجاج کا سلسلہ جاری ہے۔ اساتذہ نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا کر لائبریری چوک میں احتجاج کیا، پلے کارڈز پر مختلف نعرے درج تھے۔ اس سلسلے میں صدر ٹی ایس اے ڈاکٹر محمد شعیب کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ایسوسی ایشن نے جنرل باڈی میٹنگ بلانے کا فیصلہ کیا تاکہ آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے۔ اجلاس میں ٹی ایس اے کے ارکان نے اس فیصلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

ٹیکس کٹوتی کے خلاف یو ای ٹی کے اساتذہ لائبریری چوک میں احتجاج کر رہے ہیں

PUNJAB SMALL INDUSTRIES
CORPORATION

لاہور: وزیر اوقاف و مذہبی امور پنجاب چوہدری شافع حسین محکمہ اوقاف کی ڈیجیٹلائزیشن کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

یوم شہادت حضرت علیؓ اور عید الفطر پر جامع سکیورٹی پلان ترتیب دینے کی ہدایات جاری

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سی سی پی او لاہور نے یوم شہادت حضرت علیؓ اور عید الفطر پر جامع سکیورٹی پلان ترتیب دینے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے ایس ایس پی (آپریشنز) کو کائٹ فلائنگ کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کی بھی ہدایات دیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ کرائم اگینسٹ پراپرٹی کی روک تھام کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں اور پیشہ ورانہ مہارت و تجربہ کے حامل پولیس ملازمین کرائم اگینسٹ پراپرٹی کی روک تھام کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کے لئے متعارف کروائے گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

میو ہسپتال میں غیر معیاری انجکشن لگنے سے 2 مریض جاں بحق

4 مریضوں کی حالت تشویشناک، غیر معیاری انجکشن لگنے سے 18 مریض متاثر ہوئے، استعمال روک دیا گیا

تحقیقات شروع، انجکشن کے استعمال کو فوری طور پر روک دیا گیا ہے، تحقیقات کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، سی ای او

لاہور (این این آئی) میو ہسپتال میں مبینہ طور پر غیر معیاری انجکشن لگنے سے زیر علاج 2 مریض جاں بحق ہوگئے جبکہ 4 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ میڈیا رپورٹس میں ہسپتال ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ مبینہ طور پر غیر معیاری انجکشن لگنے سے 18 مریض متاثر ہوئے، تمام متاثرہ مریض گھرکی وارڈ میں زیر علاج تھے، جن میں سے زیر علاج 2 مریض جاں بحق ہوگئے۔ بتایا گیا ہے کہ ری ایکشن کے بعد ہسپتال انتظامیہ نے انجکشن کا استعمال (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 22 مارچ کو نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یوم شہادت 21 رمضان المبارک بمطابق 22 مارچ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا یوم شہادت کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں کی مساجد میں منعقدہ تقریبات کے دوران علما و خطیب حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی دین اسلام کی آبیاری کیلئے پیش کی گئی عظیم قربانیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: پاکستان میں قازکستان کے سفیر روزہ داروں میں افطاری بانٹ رہے ہیں

سبزی منڈی سانگلہ ہل کے ٹریڈرز نے سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر کے اعزاز میں شاندار افطار پارٹی کا انعقاد کیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر چوہدری محمد برجیس طاہر کے اعزاز میں سبزی منڈی کے ٹریڈرز نے ایک شاندار افطار پارٹی کا انعقاد کیا چوہدری برجیس طاہر کی آمد پر سبزی منڈی سانگلہ ہل کے صدر حاجی میاں شاہد نعیم صابری غلام حسن بھولا پہلوان جاوید انور فوٹوگرافر و دیگر نے پرتپاک استقبال کیا ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں 6 افراد جان کی بازی ہار گئے، لاشیں مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) شہر میں ٹریفک حادثات سمیت مختلف واقعات میں 6 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق ہنجروال ٹریفک حادثے میں 30 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ داتا دربار گیٹ نمبر پانچ کے قریب 60 سالہ بزرگ شہری فٹ پاتھ کنارے مردہ حالت میں ملا، شاہدرہ ٹاؤن کے علاقہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

کوہاٹ: تانڈہ ڈیم کے قریب فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید

جاں بحق پولیس اہل کاروں کی شناخت زاہد اور مصطفی کے ناموں سے ہوئی، وزیر داخلہ کی مذمت

کوہاٹ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ میں تفریحی مقام تانڈہ ڈیم کے قریب فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے جن کا تعلق سی ٹی ڈی سے بتایا جاتا ہے، پولیس کے مطابق کوہاٹ کے پہاڑی علاقے تانڈہ ڈیم کے قریب ملزمان نے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے 2 اہلکار شہید ہوگئے۔ دونوں اہلکار اپنے گاؤں بڑھ سے ڈیوٹی کے لیے دفتر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

لاہور میں شاپنگ پر آئے شہریوں سے لوٹ مار میں ملوث گروپ گرفتار

ملزمان شادمان مارکیٹ اور اچھرہ بازار شاپنگ پر آئے شہریوں کی ریکی کر کے واردات کرتے تھے

لاہور (این این آئی) لاہور میں شاپنگ پر آئے شہریوں سے لوٹ مار کرنے والے گروپ کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق شادمان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 2 رکنی ڈکیت گروپ گرفتار کیا۔ ڈکیت گروپ کو انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کے دوران روہی نالے سے حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان شادمان مارکیٹ اور اچھرہ بازار شاپنگ پر آئے شہریوں کی ریکی کر کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

کراچی، ناظم آباد میں شہری کی فائرنگ سے 2 مبینہ ڈاکو ہلاک

شہری نے بیان دیا کہ ہلاک افراد اس سے لوٹ مار کر رہے تھے، ایس ایس پی سینٹرل

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ناظم آباد میٹرک بورڈ آفس کے قریب شہری کی فائرنگ سے 2 مبینہ ڈاکو ہلاک ہوگئے۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) سینٹرل ذیشان صدیقی کا کہنا ہے کہ فائرنگ کا واقعہ لوٹ مار کے دوران پیش آیا، شہری نے بیان دیا کہ ہلاک افراد اس سے لوٹ مار کر رہے تھے۔ ایس ایس پی سینٹرل کا کہنا ہے کہ شہری نے فائرنگ کر کے دو ڈاکوؤں کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کی کارروائی، بیرون ملک منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام

اسلام آباد سے دبئی جانے والے مسافر سے 312 گرام حشیش برآمد کر لی گئی

اسلام آباد (این این آئی) ایئرپورٹ سکیورٹی فورس (اے ایس ایف) نے نیو اسلام آباد ایئرپورٹس پر کارروائیاں کرتے ہوئے منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی۔ اے ایس ایف کے مطابق اسلام آباد سے دبئی جانے والے مسافر اصغر علی شاہ سے 312 گرام حشیش برآمد کر لی گئی۔ ملزم نے منشیات پہنی ہوئی جرابوں میں چھپا رکھی تھی۔ اسلام آباد سے براستہ دوحا بارسلونا جانے والی پرواز کے مسافر محمد عباس انجم سے 5.89 کلوگرام ہیروئن برآمد کر لی گئی۔ ملزم نے ہیروئن مہارت سے بیگ میں چھپا رکھی تھی۔ اسلام آباد سے شارجہ جانے والی پرواز کے مسافر سے عرفت اللہ سے 2.282 کلوگرام کرسٹل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی: پری دعوت فوڈ سٹریٹ سے شہری افطاری کیلئے نان، روٹی خرید رہے ہیں

مولانا مفتی شاہ میر عزیز بزنجو کی شہادت میں پڑوسی ملک ملوث ہے، جے یو آئی

حکومت تعزیاتی، مذمتی بیانات کے بجائے دہشتگردی کے جن کو قابو کرے، بیان

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا مفتی شاہ میر عزیز بزنجو کی شہادت میں پڑوسی ملک ملوث ہے، بلوچستان میں شہید عالم دین مولانا مفتی شاہ میر عزیز بزنجو نے پاکستان دشمن کلبھوشن کو گرفتار کرایا تھا، حکومت تعزیاتی، مذمتی بیانات کی بجائے دہشتگردی کے جن کو قابو کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبہ بلوچستان جمعیت علمائے اسلام (ف) کے کارکنوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

یوکرین معدنیات کے معاہدے پر دستخط کر دے گا، ڈونلڈ ٹرمپ

روس اور یوکرین کے پاس ڈیل کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا اور یوکرین کے درمیان مذاکرات کے اچھے نتائج کی توقع ہے، یوکرین معدنیات کے معاہدے پر دستخط کر دے گا۔ انہوں نے یوکرین سے متعلق اپنے نئے بیان میں کہا ہے کہ روس پر ٹیرف سے متعلق بہت سی چیزوں پر غور کر رہے ہیں، یوکرین کے معاملے پر سعودی عرب سے اچھے نتائج سامنے آئیں گے۔ ڈونلڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

وائٹ ہاؤس کے نزدیک موجود مسلح شخص کو گولی ماردی گئی

امریکی سیکرٹ سروس کے مطابق گولی لگنے سے مسلح شخص زخمی ہوگیا، جو اسپتال میں زیر علاج ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں صدارتی محل وائٹ ہاؤس کے نزدیک موجود مسلح شخص کو گولی ماردی گئی۔ خبر ایجنسی کے مطابق مقامی انتظامیہ کی جانب سے گزشتہ رات اطلاع ملی تھی کہ ریاست انڈیانا سے ایک خودکش شخص واشنگٹن آیا ہے اور اس کی گاڑی وائٹ ہاؤس کے علاقے میں دیکھی گئی ہے۔ امریکی سیکرٹ سروس کے مطابق اہلکار جب مسلح شخص کے نزدیک پہنچے تو اس نے فائرنگ کر دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

پنجگور میں کاٹاگری کے مقام پر فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق

تینوں افراد کاٹاگری میں حجام کی دکان چلا رہے تھے، جاں بحق افراد کا تعلق مبینہ طور پر سندھ سے تھا

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں کاٹاگری کے مقام پر فائرنگ سے 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ لیویز حکام کے مطابق تینوں افراد کاٹاگری میں حجام کی دکان چلا رہے تھے۔ جاں بحق افراد کا تعلق مبینہ طور پر سندھ سے تھا۔ ترجمان حکومت بلوچستان نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

علماء کو شہید کرنے والوں کے خلاف حکومتی خاموشی لمحہ فکریہ ہے، بلال میر

حکومت طفل تسلیاں دینے کی بجائے علماء کے قاتلوں کو فوری گرفتار کرنے کیلئے عملی اقدامات کرے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) ضلع لاہور کے امیر بلال احمد میر نے کہا ہے کہ علماء کو شہید کرنے والوں کے خلاف حکومتی خاموشی لمحہ فکریہ ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ میں جمعیت علمائے اسلام کے کارکنوں کا خون پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے، حکومت طفل تسلیاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

لاہور: خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے پنجاب اسمبلی کی خواتین اراکین سرخ لباس پہن کے آئی ہیں

افواج پاکستان ہمارا دفاعی حصار اور اس کی سلامتی و استحکام کی ضامن ہیں، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے کہا ہے کہ پوری قوم اپنی افواج پاکستان کے شانہ بشانہ دشمن کی مذموم کوششوں کو ناکام بنانے کیلئے پرعزم ہے، قوم کا بچہ بچہ اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ ہے، دشمن کی ہر سازش ناکام ہوگی۔ افواج پاکستان ہمارا دفاعی حصار اور اس کی سلامتی و استحکام کی ضامن ہیں، پاک فوج نے اپنی بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ دشمن کی ہر چال ناکام بنائی اور دفاع وطن کے تقاضے نبھانے کے لئے ہمہ وقت کمربستہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

کراچی، لکڑی کے گودام میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے لی مارکیٹ میں لکڑیوں کے گودام میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا گیا ہے۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ کے باعث پارکنگ میں کھڑے 5 رکشے جل گئے۔ 4 فائر ٹینڈرز اور واٹر باوزر کی مدد سے آگ پر قابو پایا گیا۔ گودام میں اس وقت کولنگ کا عمل جاری ہے۔ فائر بریگیڈ حکام کا کہنا ہے کہ گودام میں آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ فائر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

نارووال میں تراویح پڑھتے 3 افراد فائرنگ سے جاں بحق

مقتول عمران اور اس کے بھائی زمان کے درمیان ویگن اڈے کی ملکیت کا تنازع ہے: ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ

کینیڈا میں مقیم زمان نے اپنے بھائی عمران کو قتل کروایا، مقتولین حویلی میں نماز تراویح ادا کر رہے تھے کہ ملزمان نے فائرنگ کر دی، پولیس

نارووال (این این آئی) نارووال کے علاقے حویلی انعام اللہ بٹ میں فائرنگ کے واقعے میں 3 افراد جاں بحق جبکہ 1 شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق مقتولین حویلی میں نماز تراویح ادا کر رہے تھے کہ ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے بتایا ہے کہ مقتول عمران اور اس کے بھائی زمان کے درمیان ویگن اڈے کی ملکیت کا تنازع ہے جس کی وجہ سے کینیڈا میں مقیم زمان نے اپنے بھائی عمران کو قتل کروایا۔ انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور: کم عمر بچے گدھا ریڑھی لئے سڑک پر جا رہے ہیں جو کہ حادثے کا باعث بن سکتا ہے

میاں محمد فیاض	چیف ایڈیٹر
صدف الطاف چوہدری	مینجنگ ایڈیٹر
ڈاکٹر محمد احسن محمود	سینئر گروپ ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی	ایڈیٹر
چوہدری عمران شوکت	سینئر ڈپٹی ایڈیٹر
محمد شہروز میاں	ڈپٹی ایڈیٹر
وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ	لیگل ایڈوائزر

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور